★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 13 محرم الحرام 1447ھ، 9 جولائی 2025ء، 26 ماہ 2082ب پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 232

نواز شریف فلائی اوور جی پی او انڈر پاس کا افتتاح

وزیر اعلیٰ کا مینے کے وقف یا نے پراجیکٹ شروع کرنے کا اعلان

وزیر اعلیٰ پنجاب نے واسا، پی ڈی ایم اے، لوکل گورنمنٹ، ریسکیو 1122 اور ٹریفک پولیس کو فیلڈ میں موجود رہنے اور صورتحال کی مسلسل نگرانی کی ہدایت جاری کی ہے

انتظامیہ اور واسا کے افسران کو خود فیلڈ میں نکل کر نکاسی آب کے اقدامات کی نگرانی کا حکم دیا، کمشنر اور ڈپٹی کمشنرز کو نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی کی مسلسل مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت



اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں مولسلا دھار بارشوں کے پیش نظر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام متعلقہ اداروں کو فوری طور پر الرٹ رہنے کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے واسا، پی ڈی ایم اے، لوکل گورنمنٹ، ریسکیو 1122 اور ٹریفک پولیس کو فیلڈ میں موجود رہنے اور صورتحال کی مسلسل نگرانی کی ہدایت جاری کی ہے۔ انہوں نے انتظامیہ اور واسا کے افسران کو خود فیلڈ میں نکل کر نکاسی آب کے اقدامات کی نگرانی کا حکم دیا جبکہ کمشنر اور ڈپٹی کمشنرز کو نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی کی مسلسل مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 1)

وزیر اعظم کو کیبنٹ بنانے کا پورا آئینی اختیار حاصل ہے: اختیار ولی خان

خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اربوں روپے ملے، سارا پیسہ اسلام آباد پر چڑھائی کیلئے استعمال کیا گیا

صوبے کے فنڈز انتظامی سیاست کیلئے استعمال کئے جا رہے ہیں: وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے پاس کیبنٹ بنانے کا آئینی اختیار ہے۔ وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان نے کہا کہ وزیر اعظم کے (بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری جسٹس سردار سرفراز ڈوگر سے ان کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

جنید صفدر کی سیکیورٹی گاڑی کا چالان، مریم نواز کی پولیس کو شاباش

پورے پنجاب میں قانون کا یکساں نفاذ اور پاسداری دیکھنا چاہتی ہوں، وزیر اعلیٰ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے شوہر جنید صفدر کی سیکیورٹی گاڑی کا چالان کرنے والی پولیس ٹیم کو شاباش دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 12)

عالمی عدالت کا ہیبت اللہ سمیت افغان طالبان رہنماؤں کے گرفتاری وارنٹ جاری

ایسے معقول شواہد موجود ہیں جن کی بنیاد پر شبہ ہے کہ سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ اور چیف جسٹس عبدالحکیم حقانی نے صنف کی بنیاد پر انسانیت کے خلاف جرم یعنی ظلم و ستم کا ارتکاب کیا، غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ

طالبان نے لڑکیوں اور خواتین کو تعلیم، نجی زندگی اور خاندانی زندگی کے حقوق اور نقل و حرکت، اظہار رائے، سوچ، ضمیر اور مذہب کی آزادیوں سے سختی سے محروم کیا: ججز کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی فوجداری عدالت (آئی سی سی) نے خواتین کے خلاف جبری اقدامات پر افغان طالبان رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق عدالت کی جانب سے افغان سپریم لیڈر ہیبت اللہ اخوندزادہ اور چیف جسٹس عبدالحکیم (بقیہ نمبر 4)



ماحولیاتی تبدیلی کے باعث ارض کرہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے، بلاول بھٹو

وفاقی و صوبائی حکومتیں اور متعلقہ ادارے مون سون کے دوران ممکنہ تیز بارش اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے بھرپور اقدامات کو یقینی بنائیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں بارش سے مربوط واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس سے جاری (بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

افغان سرزمین سے دہشت گرد تنظیمیں پوری دنیا کے لئے خطرہ ہیں، پاکستان

القاعدہ، الخوارج، ٹی ٹی پی اور بلوچ شدت پسند افغانستان سے بدستور سرگرم ہیں، عاصم افتخار، مباحثہ سے خطاب

ہمیں افغان سرزمین سے ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کی درانداز کی کا سامنا ہے، کالعدم ٹی ٹی پی پاکستان کی سلامتی کیلئے خطرہ ہے

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ افغانستان سے سرگرم دہشت گرد تنظیمیں صرف ہمارے (بقیہ نمبر 5)

غزہ، فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کی تیاری، رفح کے طبے پر کیمپ قائم کرنے کا حکم

پاکستان اور افغانستان کے درمیان ایڈیشنل سیکرٹری سطح کے مذاکرات

قانونی طور پر سرحد پار آمد و رفت کو مزید بہتر بنانے کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ایڈیشنل سیکرٹری سطح کے پہلے مذاکرات اسلام آباد میں منعقد ہوئے جس میں قانونی طور پر سرحد پار آمد و رفت کو مزید بہتر بنانے کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت (بقیہ نمبر 3)



لاہور: یکجہتی فورم کشمیر کے زیر اہتمام برہان وانی کے یوم شہادت کے موقع پر مظاہرہ کیا جا رہا ہے

بھارت، ایران کی طرز پر افغان سرزمین پاکستان کیخلاف بھی استعمال ہونے نہ دیں

خواجہ آصف

غیر قانونی کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں، ہماری ٹرانزٹ پر قبضہ کر رکھا، غیر قانونی کالونیاں بنا رکھی ہیں، اب بھی پاکستان میں ایک سے ڈیڑھ لاکھ افغان شہری بیٹھے ہیں

علی امین گنڈاپور کے لیڈر نے دہشت گردوں کو خیبر پختونخوا میں بسایا، علی امین گنڈاپور نے وفاقی حکومت اور اداروں پر تنقید کی، وفاق کی جانب سے علی امین گنڈاپور کو منہ توڑ جواب دیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت، ایران کی طرح افغانستان شہری ملوث ہیں، افغان شہریوں نے ہماری ٹرانزٹ پر قبضہ کر رکھا ہے، بارڈر رہی ویسے ہی اختصاصات ہونا چاہئیں۔ ایک اسٹڈیو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ غیر قانونی افغان شہری میں ایک سے ڈیڑھ لاکھ افغان شہری ہیں، اب بھی پاکستان میں کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں، ہماری ٹرانزٹ پر قبضہ کر رکھا ہے، بارڈر رہی ویسے ہی اختصاصات ہونا چاہئیں۔ ایک اسٹڈیو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ غیر قانونی افغان شہری ملوث ہیں، اب بھی پاکستان میں ایک سے ڈیڑھ لاکھ افغان شہری بیٹھے ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کی ذمہ داری ادارں پر ڈالنا غلط بات ہے، علی امین گنڈاپور کے لیڈر نے دہشت گردوں کو خیبر پختونخوا میں بسایا، علی امین گنڈاپور نے وفاقی حکومت اور اداروں پر تنقید کی، وفاق کی جانب سے علی امین گنڈاپور کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اپنے لوگ علی امین گنڈاپور پر تنقید کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کے اپنے لوگ علی امین (بقیہ نمبر 14)

غیر قانونی کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں، ہماری ٹرانزٹ پر قبضہ کر رکھا، غیر قانونی کالونیاں بنا رکھی ہیں

بھارت، ایران کی طرز پر افغان سرزمین پاکستان کیخلاف بھی استعمال ہونے نہ دیں

خواجہ آصف

غیر قانونی کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں، ہماری ٹرانزٹ پر قبضہ کر رکھا، غیر قانونی کالونیاں بنا رکھی ہیں، اب بھی پاکستان میں ایک سے ڈیڑھ لاکھ افغان شہری بیٹھے ہیں

علی امین گنڈاپور کے لیڈر نے دہشت گردوں کو خیبر پختونخوا میں بسایا، علی امین گنڈاپور نے وفاقی حکومت اور اداروں پر تنقید کی، وفاق کی جانب سے علی امین گنڈاپور کو منہ توڑ جواب دیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت، ایران کی طرح افغانستان شہری ملوث ہیں، افغان شہریوں نے ہماری ٹرانزٹ پر قبضہ کر رکھا ہے، بارڈر رہی ویسے ہی اختصاصات ہونا چاہئیں۔ ایک اسٹڈیو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ غیر قانونی افغان شہری میں ایک سے ڈیڑھ لاکھ افغان شہری بیٹھے ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کی ذمہ داری ادارں پر ڈالنا غلط بات ہے، علی امین گنڈاپور کے لیڈر نے دہشت گردوں کو خیبر پختونخوا میں بسایا، علی امین گنڈاپور نے وفاقی حکومت اور اداروں پر تنقید کی، وفاق کی جانب سے علی امین گنڈاپور کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اپنے لوگ علی امین گنڈاپور پر تنقید کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کے اپنے لوگ علی امین (بقیہ نمبر 14)

ٹرمپ کا یقین ہے کہ لبنان اب بھی خطے میں امن کی کنجی ہے، امریکی ایلچی

امریکی انتظامیہ لبنان کا احترام کرتی ہے اور اس کی مسلسل حمایت چاہتی ہے، کنگھٹو

بیروت (این این آئی) مشن کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اور ترکیہ میں امریکی سفیر ٹوم بارٹ نے کہا ہے کہ ٹرمپ لبنان کو شرق و سطی میں امن کی کنجی سمجھتے ہیں اور (بقیہ نمبر 17)



لاہور: چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو اور بال میموریل ٹرسٹ کے درمیان سٹریٹ چائلڈ شراکت داری کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

حریت رہنماؤں کی طرف سے برہان وانی کو شاندار خراج عقیدت

بھارتی فوجیوں نے برہان وانی کو شہید اسلام آباد کے علاقے کاکرناگ میں دو ساتھیوں کے ہمراہ ایک خفیہ مقابلے میں شہید کیا تھا

کشمیریوں کے دلوں میں شہید برہان وانی کا خصوصی مقام ہے: برہان مظفر وانی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت اور اسکے ساتھیوں کو اسے 9 ویں یوم شہادت پر شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہداء کے مشن کو ہر قیمت پر جاری رکھنے کے کشمیریوں (بقیہ نمبر 24)

اسرائیل کو تسلیم کرنے کی کوشش پر قوم بھرپور مزاحمت کرے گی: خامنہ ای

بھارت سے بات چیت آلو پیاز اور تجارت پر کیوں ہو رہی ہے، جبکہ اصل مسئلہ کشمیر پر کوئی پیش رفت کیوں نہیں ہو رہی؟

دنیا اسرائیل کو ناکام ہوتا ہوا دیکھ چکی ہے، اب مظلوموں کے ساتھ کھڑا ہونا وقت کی ضرورت ہے۔ امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ اگر اسرائیل کو تسلیم کرنے اور اسے دوسرا سرکاری عمل کے طور پر آگے بڑھانے کی سوچ رکھتے ہوں (بقیہ نمبر 36)



لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایف آئی کو ہینڈ بھکاری اور جعلی ادویات مافیا خلاف کریک ڈاؤن کا حکم

بڑے لوگوں پر ہاتھ ڈالا جائے، کسی کا دباؤ قبول کیے بغیر مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے، جعلی ادویات کے کروڑ دھندے میں ملوث لوگوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے: وزیر داخلہ

محسن نقوی نے پیرون ملک سے ڈی پورٹ ہو کر آنے والے بھکاریوں کی گرفتاری یقینی بنانے کا بھی حکم دے دیا، جعلی ادویات کے کاروبار میں ملوث لوگوں کی اصل جگہ جیل ہے، محسن نقوی

والے بھکاریوں کی گرفتاری یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف آئی اے کے خلاف بلا امتیاز اور سخت کارروائی کی ہدایات جاری کرتے ہوئے، بیرون ملک سے ڈی پورٹ ہو کر آنے والے کراچی زون کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اجلاس میں صدارت بھی کی اور اس دوران انہوں نے حوالہ بھری (بقیہ نمبر 25)

شمالی بھارت میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے 70 سے زیادہ افراد ہلاک

بھارتی محکمہ موسمیات نے جمارکھنڈ ریاست کے 12 اضلاع کے لیے فلڈ انتباہ جاری کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) نائب وزیر اعلیٰ کیشن اگی ہوتری کے مطابق شمالی ہندوستان کی ریاست ہماچل پردیش میں سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے کم از کم 72 افراد ہلاک ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 31)



حوثیوں کے ٹھکانوں کو 60 بموں کے ذریعے نشانہ بنانے کا اسرائیلی دعویٰ

عمل البیہ (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اپنے جنگی طیاروں کی ویڈیو جاری کی ہے جنہوں نے یمن میں حوثی انصاف پر فضائی حملوں کے دوران الحدیدہ، رس عیسیٰ اور الصلیف کی بندرگاہ (بقیہ نمبر 29)

ولی عہد کی نمائندگی، سعودی وفد کی وزیر خارجہ کی سربراہی میں

برکس اجلاس میں آمد

ریاض (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی ہدایت میں وزیر خارجہ (بقیہ 28)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری ایف بی آر چیئرمین کوآرڈز اسلام آباد میں ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب کے ہسپتالوں میں موبائل فون پر پابندی، ڈیجیٹل ایمرجنسی سسٹم متعارف

سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود خان کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اجلاس

اموات کے اعداد و شمار کا آڈٹ رپورٹ، نرسنگ سٹوڈنٹس کو آئی ڈی انیکلیٹر کے ایس او پیز پر عملدرآمد اور چیئر سسٹم کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات

لاہور (این این آئی) سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود خان کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پیشانوں میں الائف سیونگ پروٹوکول کو ٹیکنیکل سروس ڈیلیوری ایریاز میں سوہائی فون کو پابندی، ایمرجنسی کوڈ سسٹم پر عملدرآمد، اموات کے اعداد و شمار کا آڈٹ رپورٹ، نرسنگ سٹوڈنٹس کو آئی ڈی انیکلیٹر کے ایس او پیز پر عملدرآمد اور چیئر سسٹم کو یقینی بنانے کے حوالے سے (بقیہ نمبر 27)

برہان وانی کی شہادت کے بعد سے اب تک 2 ہزار 62 کشمیری شہید

شہادتوں کے نتیجے میں 166 خواتین بیوہ اور 413 بچے یتیم ہوئے، رپورٹ

آج برہان وانی کے نویں یوم شہادت کے موقع پر جاری کی گئی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے 8 جولائی 2016ء کو معروف نوجوان رہنما برہان مظفر وانی کے ماورائے عدالت قتل کے بعد سے اب تک 2 ہزار 62 کشمیریوں کو شہید کیا ہے۔ ان میں سے 337 کشمیریوں کو بھی مقابلوں یا دوران حراست شہید کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے رپورٹ کیشن کی طرف سے آج برہان وانی کے نویں یوم شہادت کے موقع پر جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ ان شہادتوں کے نتیجے (بقیہ نمبر 2)

سرعام کشمیریوں پر ظلم و ستم کیا جاتا رہا ہے، راجہ شبیر احمد

برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے، گنگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے رہنما راجہ شبیر احمد نے کہا ہے کہ برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے جو تقریباً سب دنیا میں آزادی اور حریت

لندن (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی برطانیہ کے رہنما چوہدری مقبول احمد نے کہا ہے کہ برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے جو تقریباً سب دنیا میں آزادی اور حریت

برہان وانی کی شہادت کے بعد سے اب تک 2 ہزار 62 کشمیری شہید

شہادتوں کے نتیجے میں 166 خواتین بیوہ اور 413 بچے یتیم ہوئے، رپورٹ

آج برہان وانی کے نویں یوم شہادت کے موقع پر جاری کی گئی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے 8 جولائی 2016ء کو معروف نوجوان رہنما برہان مظفر وانی کے ماورائے عدالت قتل کے بعد سے اب تک 2 ہزار 62 کشمیریوں کو شہید کیا ہے۔ ان میں سے 337 کشمیریوں کو بھی مقابلوں یا دوران حراست شہید کیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے رپورٹ کیشن کی طرف سے آج برہان وانی کے نویں یوم شہادت کے موقع پر جاری کی گئی ایک رپورٹ میں کہا گیا کہ ان شہادتوں کے نتیجے (بقیہ نمبر 2)

فرانسیسی شہری ایران میں لاپتہ ہو گیا

یورپی (این این آئی) ایک فرانسیسی شہری ایران کے دورے پر ایران میں لاپتہ ہو گیا ہے اور یورپی کے پاس اس کی کوئی تفصیلات نہیں ہیں کہ اس کے ساتھ کیا ہوا، جہاں تک بیرون ملک مقیم فرانسیسی شہریوں کے لیے ذمہ دار حکومت کی بھی ہیں، نے بتایا، یہ کشمیر کی انٹرپشت کا ہے اور ہم ان کے خاندان کے ساتھ رابطے میں ہیں۔

سندھ حکومت نے مخدوش عمارتیں گرانے کیلئے کوئی پلاننگ نہیں کی، آباد

پہلے مرحلے میں نجی اداروں کے ذریعے سروے کرایا جائے: حسن بخشی

کچہ کریں تو سسٹم حرکت میں آجاتا ہے، انصاف برقت نہیں ملتا، مقدمات کا کوئی فائدہ نہیں، چیئرمین حسن بخشی

کراچی (این این آئی) چیئرمین آباد حسن بخشی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت نے مخدوش عمارتیں گرانے کے لیے کوئی پلاننگ نہیں کی۔ ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے چیئرمین سید افضل ندیم کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں (بقیہ نمبر 21)

سابر سکورنی انڈیکس، سعودی عرب کی دنیا بھر میں پہلی پوزیشن برقرار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے 2025ء کے عین الاقوامی سابر سکورنی انڈیکس میں دنیا بھر میں پہلی پوزیشن برقرار رکھی ہے۔ اس حوالے سے عالمی مسابقتی سالانہ رپورٹ سنٹر رانڈیز میں قائم عین الاقوامی ادارہ برائے انتظامی (بقیہ نمبر 23)

دورہ آئرلینڈ کے لیے پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے فٹنس کیمپ کا آغاز

کیمپ کے دوران 15 رکنی قومی اسکواڈ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا

کراچی (این این آئی) دورہ آئرلینڈ کے لیے پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی ممکنہ کھلاڑیوں کا اسکواڈ اینڈ فٹنس کیمپ منگل سے شروع ہو گیا۔ (بقیہ نمبر 18)

صدر زرداری کیخلاف قیاس آرائیاں بے بنیاد، پیپلز پارٹی کی تردید

لاہور (نیوز این این) پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے سیکرٹری جنرل نیئر بخاری نے صدر مملکت آصف علی زرداری کے خلاف جاری قیاس (بقیہ نمبر 19)

پریم کورٹ، زیر تراست ملزمان کے میڈیا پر اعترافی بیانات چلانے سے روکنے کیلئے اقدامات کا حکم

ملزم کا پولیس افسر کی تحویل میں میڈیا کے ذریعے اعتراف جرم اس کے خلاف استعمال نہیں ہو سکتا، عدالت عظمیٰ

کیے گئے اعترافی بیان کے قابل قبول ہونے کو مسترد کر دیا۔ جسٹس اطہر من اللہ کی سربراہ (بقیہ نمبر 20)

شیر کے حملے میں زخمی افراد کو مالی امداد دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سینئر وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ حکومت نے چند روز قبل لاہور میں شیر کے حملے میں زخمی ہونے والوں (بقیہ نمبر 15)

سپیکر پنجاب اسمبلی نے ریفرنس نہیں بھیجا، چیف الیکشن کمشنر سے رائے لی ہے: کنور دلشاد

اسلام آباد (این این آئی) سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد نے کہا کہ سپیکر (بقیہ نمبر 16)

غزہ میں 24 گھنٹوں میں 71 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) 23 سالہ فلسطینی خاتون محمود ظہر اور 37 سالہ وسام شمان حسن کو اسرائیلی افواج نے بانس کے مشرق میں واقع گاؤں (بقیہ نمبر 30)

مغربی کنارے میں اسرائیلی فائرنگ سے دو فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) 23 سالہ فلسطینی خاتون محمود ظہر اور 37 سالہ وسام شمان حسن کو اسرائیلی افواج نے بانس کے مشرق میں واقع گاؤں (بقیہ نمبر 30)



راولپنڈی، وزیر داخلہ پنجاب شیر علی گورچانی قصور میں کالعدم تحریک لبیک پاکستان کے احتجاج کے دوران ہلاک ہونے والے شہری کے گھر تعزیت کر رہے ہیں

سرعام کشمیریوں پر ظلم و ستم کیا جاتا رہا ہے، راجہ شبیر احمد

برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے، گنگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے رہنما راجہ شبیر احمد نے کہا ہے کہ برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے جو تقریباً سب دنیا میں آزادی اور حریت

ہمارے کشمیر پر ظلم و ستم کیا جاتا رہا ہے، راجہ شبیر احمد

برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے، گنگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے رہنما راجہ شبیر احمد نے کہا ہے کہ برہان مظفر وانی شہید مقبوضہ جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کا وہ درخشندہ ستارہ ہے جو تقریباً سب دنیا میں آزادی اور حریت

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ عوامی آواز
سٹی نیوز

کم عمر ڈرائیورز کے خلاف 24 گھنٹوں میں بڑا کریک ڈاؤن

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور کے حکم پر ٹریفک پولیس کا کم عمر ڈرائیورز کے خلاف 24 گھنٹوں میں بڑا کریک ڈاؤن کیا گیا، ٹریفک پولیس لاہور کا کم عمر ڈرائیورز کیخلاف کریک ڈاؤن مسلسل جاری ہیں 24 گھنٹوں میں 1069 کم عمر ڈرائیورز کو روکا گیا اور انکے والدین کے خلاف چالان کے گئے سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اظہر وحید نے کہا کہ کم عمر ڈرائیورز کی 237 ہیلپ لائن 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف تھانوں میں بند بھی کروایا گیا 127 کم عمر ڈرائیورز کے والدین کو طلب کرکے انہیں حلفی بیان دینے پر مجبور کیا گیا، ٹریفک پولیس کا کہنا ہے کہ کم عمر ڈرائیورز کے والدین کو بھی سخت قانونی کارروائی سے گزرنا پڑے گا، ریکارڈ خراب نہ ہو، سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اظہر وحید نے کہا کہ والدین چھوٹے بچوں کو گاڑی دینے پر فخر کرنے کی بجائے ان کی اور دوسروں کی زندگیوں سے مت کھیلیں دیں۔

ایڈیشنل جنرل سیکرٹری مقرر ہونا ڈیتھ سیکرٹری کا اعتذار کرنے پر اظہار تشکر



لاہور (سٹاف رپورٹر) معروف ماہر تعلیم سید شاہد منظور شاہ پاکستان تحریک آفیٹی گریشن ایڈیشنل جنرل سیکرٹری مقرر ہونا پر پریذیڈنٹ سیکرٹری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کے پرخلوص اظہار تشکر کے جواب میں کہا کہ وہ جذبہ کم نہیں ہے، بھرپور انداز میں اپنی صلاحیتوں کے مطابق ملک و قوم کی بہتری کے لئے کام کرتے رہیں گے۔ شکریہ ادا کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ پاکستان کے عزت سے نام لیوا ہیں۔

لاہور پولیس بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف مسلسل سرگرم عمل

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف مسلسل سرگرم عمل ہے، اس سن میں جولائی کے پہلے ہفتے میں بجلی چوری کے خلاف کریک ڈاؤن میں 109 ملزمان کو گرفتار کر کے 320 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ دوران پرس بجلی چوری کی 17544 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لا کر 13804 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے۔ سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ لاہور پولیس بجلی چوروں کے خلاف مہم میں متعلقہ محکموں کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری ہیں۔

پنجاب اسمبلی میں سپیکر ملک محمد احمد خان کانجی یونیورسٹی کے طلبا سے خطاب

سپیکر کا کردار ایوان کو آئین، قانون اور اسمبلی قواعد کے مطابق چلانا ہے، اور بطور سپیکر وہ ایوان کے نظم وضبط کے محافظ ہیں

اگر کسی رکن کی طرف سے آئین کی خلاف ورزی ہو تو سپیکر کو کارروائی کا اختیار حاصل ہے

اپوزیشن کا شور شرابہ اور بجٹ اجلاس میں بدنظمی، عوام کے اس حق پر حملہ ہے کہ وہ جان سکیں ان کے لیے کتنے پیسے مختص کیے جا رہے ہیں

کیا بائیس سال میں کسی نے وزیر خزانہ کی مکمل تقریر سنی؟ ہمیشہ کتابیں پھاڑ کر پھینکی گئیں، سپیکر پر حملے کی کوشش کی گئی



لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان پنجاب اسمبلی کے اولڈ ہاؤس میں اسمبلی کی موٹر کار کروگی میں سپیکر کردار کے موضوع پر خطاب کر رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے آج اولڈ پنجاب اسمبلی ہال میں منعقدہ یونیورسٹی کے طلبا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سپیکر کا کردار ایوان کو آئین، قانون اور اسمبلی قواعد کے مطابق چلانا ہے، اور بطور سپیکر وہ ایوان کے نظم و ضبط کے محافظ ہیں۔ خطاب کے دوران سپیکر نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ کیا سپیکر کو کسی کی طرفداری کرنی چاہیے؟ میرے کردار کا رہنما اصول آئین پیش کیا گیا، جبکہ میں صرف آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر فیصلے کرتا ہوں۔ سپیکر نے کہا کہ اجلاس میں کسی کو بھی، عوام کے اس حق پر حملہ ہے کہ وہ جان سکیں ان کے لیے کتنے پیسے مختص کیے جا رہے ہیں۔ کیا پہلے اس سال میں کسی نے وزیر خزانہ کی مکمل تقریر سنی؟ ہمیشہ کتابیں پھاڑ کر پھینکی گئیں، سپیکر پر حملے کی کوشش کی گئی، ایسے رویوں کو روکنا ہوگا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ تحریک انصاف کے خلاف فحش اشارے کریں، گالیاں دیں یا براسلاں کریں تو سپیکر کا آئینی فرض ہے کہ وہ ان کے خلاف کارروائی کرے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جب ارکان اسمبلی خواتین کے خلاف فحش اشارے کریں، گالیاں دیں یا براسلاں کریں تو سپیکر کا آئینی فرض ہے کہ وہ ان کے خلاف کارروائی کرے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ جب ارکان اسمبلی ایوان کو آئین، قانون اور اسمبلی قواعد کے مطابق چلانا ہے، اور بطور سپیکر وہ ایوان کے نظم و ضبط کے محافظ ہیں۔ خطاب کے دوران سپیکر نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ کیا سپیکر کو کسی کی طرفداری کرنی چاہیے؟ میرے کردار کا رہنما اصول آئین پیش کیا گیا، جبکہ میں صرف آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر فیصلے کرتا ہوں۔ سپیکر نے کہا کہ اجلاس میں کسی کو بھی، عوام کے اس حق پر حملہ ہے کہ وہ جان سکیں ان کے لیے کتنے پیسے مختص کیے جا رہے ہیں۔ کیا پہلے اس سال میں کسی نے وزیر خزانہ کی مکمل تقریر سنی؟ ہمیشہ کتابیں پھاڑ کر پھینکی گئیں، سپیکر پر حملے کی کوشش کی گئی، ایسے رویوں کو روکنا ہوگا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ تحریک انصاف کے پاس ارکان نے سپیکر ایاز صادق کی سائن سپیکر پر بیڑا اٹھایا، ایسا نہیں کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے بتایا کہ بجٹ اجلاس کے دوران اپوزیشن کے 37 درخواست آئیں جن میں سے 12 صرف شور شرابے سے متعلق تھیں۔ میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ہمارا مقصد تھا، وہ کسی جماعت کی مخالفت نہیں کرتے بلکہ آئین کے مطابق انصاف پر مبنی فیصلے ہی ملک کے استحکام کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ※※ میرا کردار آئین میں واضح ہے اور جب تک اس منصب پر ہوں، آئین کی پاسداری کرتا رہوں گا۔

صوبہ بھر میں سرچ، سویپ اور کومبنگ آپریشنز جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں سرچ، سویپ اور کومبنگ آپریشنز جاری ہیں جس کے تسلسل میں گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 335 کومبنگ آپریشنز، 10 ہزار 406 زیر استظام مشتبہ افراد کی چیکنگ اور 22 مشکوک افراد حراست میں لئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ 21 سرچ اینڈ سویپ آپریشنز کئے گئے، 2360 زیر استظام افراد سے پوچھ گچھ اور 02 مشتبہ افراد حراست میں لئے گئے۔ سنگین جرائم میں ملوث 86 اشتہاری، 43 صداقتی مفرور اور 20 عادی مجرمان بھی گرفتار کئے گئے۔ جرائم پیشہ مشتبہ افراد کے قبضہ سے بڑی تعداد میں ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد کی گئیں۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں کے دوران 08 مجرم گرفتار کر کے پہنچے جبکہ 08 فنی حالت میں گرفتار کئے گئے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ مجرم الخرام کے دوران ملک دشمن جرائم پیشہ عناصر کا محاسبہ کرنے کیلئے سرچ، سویپ اینڈ کومبنگ آپریشنز جاری رکھے جائیں۔

مختلف علاقوں میں بارش کے باعث خستہ حال چھتیں گرگئیں

بلبے تلے دب کر ایک خاتون سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں بارش کے باعث تین گھروں کی خستہ حال چھتیں گرنے سے بلبے تلے دب کر ایک خاتون سمیت 5 افراد زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے لئے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چونگ کے علاقے شاہکام چوک جلیانہ کلاں میں ایک گھر کی کچی چھت کا بلبہ ٹوٹ کر گرنے سے بستی ڈین پور کا رہائشی 9 سالہ محمد عمیر زخمی ہو گیا جسے بلبے تلے سے نکال کر اسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹرز کے مطابق بچے کو 47 ٹانکے لگائے گئے ہیں، بچہ خطرے سے باہر ہے۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق بارش کے باعث 1122 نے زخمی بچے کو طبی امداد کے لئے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق بارش کے باعث 1122 نے زخمی بچے کو طبی امداد کے لئے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔

دوسرا واقعہ ٹھوکر کے علاقے گوہر والا فلور ملز کے قریب پیش آیا جہاں ایک پرانے مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص زخمی ہو گیا جسے ریسکیو 1122 نے زخمی شخص کو طبی امداد کے لئے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔

تیسرا واقعہ ٹھوکر کے علاقے گوہر والا فلور ملز کے قریب پیش آیا جہاں ایک پرانے مکان کی چھت گرنے سے ایک شخص زخمی ہو گیا جسے ریسکیو 1122 نے زخمی شخص کو طبی امداد کے لئے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔

ریس کورس کے علاقے میں ایک دفتر سے 15 لاکھ روپے چوری کے معاملے کا سراغ لگا لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ریس کورس کے علاقے میں ایک دفتر سے 15 لاکھ روپے چوری کے معاملے کا سراغ لگا لیا گیا ہے۔ آشیں لوہے کے آشیں بنانے کا کام کرتا تھا۔ ملزم سہیب 5 سال سے آشیں بلور آشیں بوے کا کام کر رہا تھا۔ ملزم نے چابنگ کے ذریعے دفتر کے شٹر کا تالہ توڑا اور دفتر میں موجود چھت ٹم کو کھول میں پھیلا دیا اور دفتر میں موجود کی رقم چرا کر لے گیا۔ پولیس نے ملزم سہیب سے چوری کے معاملے کا سراغ لگا لیا ہے۔ آشیں لوہے کی واردات کا ماسٹر مائنڈ نکلا۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے ٹم برآمد کر لی ہے۔ ریس کورس پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کو گرفتار کیا

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت حلقہ پی پی 153 میں اہم تقریب کا انعقاد

حلقہ سے سیوریج، پینے کے صاف پانی اور صفائی ستھرائی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت حلقہ پی پی 153 میں اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انفراسٹرکچر واسا سہیل سعد، واسا ایکسیئن سلیمان، میاں عرفان، آغا علی رضا، عارف انجم، سید اظہار حسین شاہ، ملک وقاص، داناسانگھ نگر و دیگر کارکنان نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر نئے ڈائریکٹر کی تعیین کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حلقہ پی پی 153 کی آبادی کو ترجیحی بنیادوں پر سیوریج، پینے کے صاف پانی اور صفائی ستھرائی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ تاثر دیا جا رہا ہے، ورنہ شہر پورہ اور بٹ چوک کے علاقہ مکینوں کیلئے بھی آسانیاں پیدا کی جاری ہیں۔ عوام کے تعاون کے بغیر کوئی پراجیکٹ بھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ مسلم لیگ ن کی حکومت نے اقتدار میں آکر ہمیشہ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا ہے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت حلقہ پی پی 153 میں اہم تقریب کا انعقاد

حلقہ سے سیوریج، پینے کے صاف پانی اور صفائی ستھرائی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ حلقہ پی پی 153 کی آبادی کو ترجیحی بنیادوں پر سیوریج، پینے کے صاف پانی اور صفائی ستھرائی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا رہا ہے۔ تاثر دیا جا رہا ہے، ورنہ شہر پورہ اور بٹ چوک کے علاقہ مکینوں کیلئے بھی آسانیاں پیدا کی جاری ہیں۔ عوام کے تعاون کے بغیر کوئی پراجیکٹ بھی کامیاب نہیں ہو سکتا۔ مسلم لیگ ن کی حکومت نے اقتدار میں آکر ہمیشہ عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کیا ہے۔

کمشنر لاہور زید بن مقصود کا کینٹ اور گلبرگ کے علاقوں کا دورہ۔ نکاسی آب آپریشنز کا جائزہ لیا

کمشنر لاہور زید بن مقصود کا واسا ہیڈ آفس میں عوامی رابطہ مرکز، ریونیو سیکشن اور ڈی ایل ڈی ایز کا دورہ، ریونیو وصولی، شکایات کے ازالہ اور ڈی ایل ڈی ایز کے عملہ کی کارکردگی کا جائزہ لیا، ایم ڈی واسا فرخ امین اور دیگر افسران بھی ہمراہ تھے، کمشنر لاہور نے واسا کنٹرول روم کا دورہ کیا، کنٹرول روم میں موجود عملہ سے کنٹرول روم کے فنکشنز کے بارے میں بریفنگ لی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)9جولائی 2025ء

مون سون بارشوں کے پیش نظر سیوریج نالوں کی صفائی کو یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر حافظ آباد

حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلعی انتظامیہ حالیہ مون سون بارشوں کے پیش نظر نکاسی آب اور دیگر حفاظتی انتظامات کے لیے مکمل طور پر تیار ہے



حافظ آباد(بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے میونسپل کمیٹیوں،ضلع کونسل اور دیگر تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی ہے کہ مون سون بارشوں کے پیش نظر اندرون شہر اور دیہات میں سیوریج نالوں اور کی صفائی کے کاموں کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے،بارشی پانی کے نکاس کے لیے میونسپل کمیٹی کے تمام مشینری کو استعمال میں لایا جائے تاکہ کسی بھی علاقہ میں بارشی پانی جمع ہونے اور نکاسی آب کا کوئی مسئلہ نہ پیدا ہو۔ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کولو روڈ،ہاؤسنگ کالونی،مدہریانوالہ روڈ اور کسوکی روڈ جھنگ برانچ نہر کے قریب ڈسپوزل اسٹیشن کا دورہ کیا اور وہاں نکاسی آب سمیت صفائی ستھرائی کے لیے استعمال ہونے والی مشینری کا جائزہ لیا۔چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اکرام اللہ سندھو بھی انکے ساتھ تھے۔ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلعی انتظامیہ حالیہ مون سون بارشوں کے پیش نظر نکاسی آب اور دیگر حفاظتی انتظامات کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور شہری علاقوں میں بارشی پانی کے نکاس کے لیے پیشگی انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ڈپٹی کمشنر نے سی او ایم سی کو ہدایت کی کہ معمول کے مطابق اور بالخصوص بارش کے دوران ڈسپوزل ورکس اسٹیشنوں کی تمام مشینری اور موٹروں کو فنکشنل ہونا چاہیے تاکہ کم سے کم وقت میں بارش کا پانی گلی محلوں اور شاہراؤں سے نکل سکے اور عوام کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ بارشوں کے موسم میں موسپل کمیٹی اور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سینٹری ورکرز اور دیگر ملازمین کی ڈیوٹیاں لگائی جائیں تاکہ کسی بھی بارشی و ہنگامی صورتحال کے دوران نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے کاموں کو فی الفور مکمل کیا جاسکے۔

جہلم شہر میں مصنوعی مہنگائی عروج پر، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس خاموش، شہری لٹنے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں مصنوعی مہنگائی عروج پر، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس خاموش، شہری لٹنے لگے، شہر میں بکرے کے گوشت کی سرکاری قیمت 16 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ قصاب 2400 سے 2600 روپے کے حساب سے فروخت کر رہے ہیں گائے کے گوشت کا سرکاری نرخ 8 سو روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ قصاب 12 سو سے 14 سو روپے فی کلو فروخت کر رہے ہیں اگر سبزی کے نرخوں کی بات کی جائے تو ادرک 600 روپے، لیموں 400 روپے، لہسن 350 روپے، سبز مرچ 160 روپے اور ٹماٹر 1 سو 20 روپے فی کلو فروخت ہو رہے ہیں، دیگر سبزیوں میں کھیا گوبھی 2 سو روپے، بھنڈی اور اروی 180، جبکہ آلو 110 روپے فی کلو میں دستیاب ہیں۔

خاصب یہودی اسرائیلی ریاست کو منہ توڑ جواب دینے کی ضرورت ہے: رانا محمد اکرم

مسلم ممالک اسرائیل کے خلاف جہاد کا اعلان کریں ان شاء اللہ پاکستانی قوم ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی

تلمبہ(بیورو رپورٹ) انجمن تاجران ریلوے روڈ کرامت مارکیٹ کے صدر رانا محمد اکرم اور جنرل سیکرٹری حاجی الیاس ساجد بھٹہ نے کہا ہے کہ مسئلہ فلسطین کے حل کے بغیر مشرق وسطیٰ میں پائیدار قیام امن ممکن نہیں نہتے فلسطینیوں کو خون میں نہلانے والی غاصب یہودی اسرائیلی ریاست کو منہ توڑ جواب دینے کی ضرورت ہے جس کیلئے مسلم حکمرانوں کو متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا پوری مسلم امہ مظلوم فلسطینی مسلمانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور انہیں یہودیوں کے جبر سے چھٹکارا دلانے کا مطالبہ کر رہی ہے جس کا ادراک رکھتے ہوئے مسلم ممالک کے حکمران مظلوم فلسطینیوں کی عملی امداد کیلئے فوری مربوط لائحہ عمل مرتب کریں، فلسطین کے نہتے عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، فلسطین کے ہزاروں باشندوں کو بدترین گولہ باری کے ذریعے اسرائیل نے ابدی نیند سلا دیا، غزہ کھنڈر بن چکا ہے کوئی گھرانہ ایسا نہیں جس کے باشندوں نے جانوں کا نذرانہ پیش نہ کیا ہو غزہ کے ہسپتالوں اور پناہ گزین کیمپوں تک کو نشانہ بنایا جا رہا ہے جو اسرائیلی نسلی جارحیت کی بدترین شکل ہے، فلسطین کے ابتر حالات پر مسلمہ امہ شدید بے چین ہے اور مسلم حکمرانوں کی طرف امید بھری نظروں سے دیکھ رہی ہے اگر مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی داد رسی کیلئے موثر کردار ادا نہ کیا گیا تو مسلم حکمرانوں کو تاریخ معاف نہیں کرے گی، پاکستانی عوام فلسطینیوں کی ہر ممکن امداد یقینی بنانے اور جہاد کی سبیل میں شرکت کیلئے ہمہ وقت تیار ہے مسلم ممالک اسرائیل کے خلاف جہاد کا اعلان کریں ان شاء اللہ پاکستانی قوم ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی۔

جہلم عیدالاضحی کے بعد غیر قانونی سلاٹر ہاؤسز نے دوبارہ کام شروع کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عیدالاضحی کے بعد غیر قانونی سلاٹر ہاؤسز نے دوبارہ کام شروع کر دیا انتظامیہ نے شہریوں کے مسائل سے لاتعلقی اختیار کر لی،شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق شہر اور اس سے متعلقہ علاقوں و نواحی دیہاتوں میں درجنوں قصابوں کی دکانوں پر چھوٹا بڑا گوشت فروخت کیا جا رہا ہے لیکن ۔سرکاری طور پر صرف ضلعی ہیڈ کوارٹر کے مقام پر محلہ اسلام پورہ میں ایک سلاٹر ہاؤس۔ جبکہ متعلقہ علاقوں قصبوں دیہاتوں میں قصاب حویلیوں، گھروں، سڑکوں پر چھوٹے بڑے مادہ جانوروں کو غیر قانونی طور پر ذبح کر رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی چنیوٹ کے 13 نائب قاصد کی 7 سال بعد جونیئر کلرک کے عہدے پر ترقی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ چنیوٹ کے سرکاری ملازمین کے حقوق کے تحفظ کی ضامن، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی چنیوٹ کے 13 نائب قاصد کی 7 سال بعد جونیئر کلرک کے عہدے پر ترقی۔ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کے اجلاس کے بعد ملازمین میں تقرر نامے تقسیم کئے اور 13 نائب قاصد کو گریڈ 1 سے گریڈ 11 میں ترقی دی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے ترقی پانے والوں کو مبارکباد دی اور محنت، لگن اور جذبے سے سرکاری خدمات انجام دینے کی تلقین کی۔سی ای او ایجوکیشن ظفر اقبال وٹو بھی موجود تھے۔ترقی پانے والے ملازمین خوشی سے نہال نظر آئے اور ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا۔

وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ، قیصر احمد شیخ نے یوم عاشور کے موقع پر چنیوٹ میں ہزاروں افراد کے لیے نیاز کا خصوصی اہتمام کیا

بادشاہی مسجد میں ہونے والی شہادت کانفرنس کے شرکاء کے لیے بھی وفاقی وزیر کی جانب سے کھانے کا وسیع انتظام کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ، قیصر احمد شیخ نے یوم عاشور کے موقع پر چنیوٹ میں ہزاروں افراد کے لیے نیاز کا خصوصی اہتمام کیا۔اس موقع پر انہوں نے مرکزی تعزیہ جلوس کا اپنے ڈیرہ کے باہر استقبال کیا۔تعزیہ کے لائسنس دار ملک حسن نے شہر میں ہونے والے ترقیاتی کاموں پر قیصر احمد شیخ کا شکریہ ادا کیا اور مرحوم عرفان قیصر کے لیے دعا مغفرت کی میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے قیصر احمد شیخ نے کہا کہ چنیوٹ میرا شہر ہے، جس نے ہمیشہ مجھے بھاری اکثریت سے کامیاب کیا۔ یہاں یوم عاشور کے موقع پر امن، اتحاد اور بھائی چارے کا عملی مظاہرہ ہو رہا ہے، جہاں لوگ مل جل کر نیاز تقسیم کر رہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ" آج کا پُرامن ماحول عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے گا۔ دنیا بھر میں سرمایہ کاری کا رجحان انہی علاقوں کی طرف ہوتا ہے جہاں امن اور استحکام ہو یوم عاشور کے سلسلے میں بادشاہی مسجد میں ہونے والی شہادت کانفرنس کے شرکاء کے لیے بھی وفاقی وزیر کی جانب سے کھانے کا وسیع انتظام کیا گیا

سی سی ڈی کے قیام انتہائی اہم، خیر مقدم کرتے ہیں۔ظفر اقبال

وزیراعلیٰ پنجاب کا قانون سکنی کیخلاف بہتر اقرام ہے۔فوکل پرسن آئی جی پنجاب بزنس کمیونٹی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معاشرے میں امن و امان کے قیام اور شریف شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب میڈم نواز شریف و آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کیجانب سے کرائم کنٹرول ڈپارٹمنٹ کا قیام انتہائی اہم اقدام ہے جس سے ناصرف قانون شکن و نقص امن کا سبب بننے والے عناصر کی سرکوبی ہوگی بلکہ معاشرے سے جرائم پیشہ عناصر و بدمعاشی کلچر کا خاتمہ ملے گا۔ان باتوں کا اظہار فوکل پرسن آئی جی پنجاب بزنس کمیونٹی ظفر اقبال نے سینئر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ بزنس کمیونٹی ڈی سی ڈی کے قیام کا خیر مقدم کرتی ہے اور جرائم پیشہ و ریکارڈ یافتہ مجرموں کیخلاف سی سی ڈی کی کاروائیوں پر کرائم کنٹرول ڈپارٹمنٹ کے بہترین عملی اقدامات کو سراہتے ہیں۔

موسمیاتی تبدیلیوں سے بچاؤ کیلئے شجر کاری کیجئے۔شیراز بٹ

درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) 13 جولائی سے ساون کا مہینہ شروع ہو رہا ہے۔بزرگوں کا کہنا ہے کہ ساون اتنا زرخیز ہوتا ہے کہ اگر سوکھی لکڑی بھی زمین میں گاڑ دی جائے تو وہ سبز ہو جاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ یہ مہینہ پودے اور درخت لگانے کے لیے سب سے موزوں وقت سمجھا جاتا ہے۔آیئے اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور درخت لگانے کی تیاری کریں تاکہ بڑھتے ہوئے درجہ حرارت پر قابو پایا جاسکے اور ماحول کو بہتر بنایا جاسکے۔ان باتوں کا سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن شیراز بٹ نے میڈیا ٹاک میں کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں کے شکار ممالک میں شامل ہے۔درختوں میں نیم ایک خاص درخت ہے جو 55 ڈگری تک گرمی اور 10 ڈگری تک سردی برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ایک 12 فٹ اونچا درخت اتنی ٹھنڈک پیدا کرتا ہے جتنے تین ایئر کنڈیشنر مل کر کرتے ہیں۔سب سے اہم بات یہ ہے کہ نیم کا درخت رات کے وقت بھی آکسیجن خارج کرتا ہے۔درخت زندگی ہیں درخت قیمتی سرمایہ ہیں۔نیم کے پودے کی قیمت تقریباً 50 سے 100 روپے تک ہوتی ہے، جو ہر کسی کی دسترس میں ہے۔

37 اے و 37 بی کالا قانون واپس لیا جائے، صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس

EFS کا پرانا اصل ماڈل بحال کیا جائے، حکومتی ظالمانہ پالیسی کیخلاف جمعہ کو بھرہور احتجاج کیا جائے گا۔اکرام الحق



وزیراعظم پاکستان یا بزنس کمیونٹی کیلئے درد دل رکھنے والے میاں محمد نواز شریف سے ملاقات نہیں کرائی گئی۔صنعتکاروں و تاجر برادری کیلئے فیڈرل فنانس منسٹر کا رویہ انتہائی نامناسب بلکہ حقارت پر مبنی ہے۔ہمارے مطالبات ہیں کہ EFS کا پرانا اصل ماڈل بحال کیا جائے، 37 اے و 37 بی کا کالا قانون واپس لیا جائے، تاجر برادری کیساتھ 9 سینٹ/یونٹ بجلی فراہمی کا وعدہ پورہ کیا جائے وگرنہ سیالکوٹ کی تاجر برادری احتجاج کا دائرہ کار وسیع کریگی۔ہمیں دیوار کیساتھ لگایا جا چکا ہے ایکسپورٹرز کیلئے ولی سے ہجرت کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں چھوڑا گیا۔صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے جمعہ 11 جولائی 3 بجے بھرپور احتجاج کی کال دی جس میں کہا گیا کہ سیالکوٹ کی تاجر برادری بشمول تمام ٹریڈ باڈیز و خواتین چیمبر آف کامرس حکومتی ظالمانہ پالیسیوں کیخلاف بھرپور احتجاج کریگی۔میڈیا کو کوریج کیلئے دعوت دی۔

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ کیجانب سے ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں الیکٹرانک پرنٹ و سوشل میڈیا کے صحافیوں اور سیالکوٹ بزنس کمیونٹی نے شرکت کی۔صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ اکرام الحق نے سینیئر نائب صدر وسیم شہباز لودھی و نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عمر خالد کے ہمراہ دوران خطاب کہا کہ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی بشمول تمام ٹریڈ باڈیز و سیالکوٹ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری حکومت کیجانب سے بجٹ میں صنعتکاروں تاجروں کو لگائے گئے FTR و NTR بل کو یکسر مسترد و نامنظور کرتے ہیں۔ہم نے بارہا کوشش کی کہ وزیراعظم پاکستان کیساتھ ملاقات میں انہیں اپنے شدید تحفظات بارے آگاہ کریں مگر ہمیں طفل تسلیوں اور فون پر بات کر کے آئیں بائیں شائیں میں رکھا گیا اور ہماری

موٹروے ایم تھری پر آئل ٹینکر آتشزدگی کی موک ایکسرسائز کی گئی، موک ایکسرسائز میں امدادی اداروں نے شاندار کارکردگی دیکھائی

موٹروے ایم تھری شرقپور انٹرچینج پر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے آئل ٹینکر میں آگ لگنے کی فرضی مشق (موک ایکسرسائز) کا کامیاب انعقاد کیا گیا

شرقپور شریف (نامہ نگار) موٹروے ایم تھری پر آئل ٹینکر آتشزدگی کی موک ایکسرسائز کی گئی، موک ایکسرسائز میں امدادی اداروں نے شاندار کارکردگی دیکھائی۔موٹروے ایم تھری شرقپور انٹرچینج پر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے آئل ٹینکر میں آگ لگنے کی فرضی مشق (موک ایکسرسائز) کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔اس مشق کا مقصد ناگہانی صورتحال کے دوران فوری ردعمل، ریسکیو کارروائیوں میں ہم آہنگی اور اداروں کی تیاریوں کو جانچنا تھا۔موک ایکسرسائز میں موٹروے پولیس، ایف ڈبلیو او، ریسکیو 1122 اور مقامی آئل کمپنی کی ٹیموں نے بھرپور حصہ لیا۔اس مشق میں آئل ٹینکر کو آگ لگنے کی موک ایکسرسائز کی گئی۔جس کے بعد فوری طور پر آگ بجھانے، ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے اور تیل کی محفوظ منتقلی کی مشقیں کی گئیں۔ایس پی موٹروے ایم تھری سرکل شہباز عالم کی زیر نگرانی اس مشق کو مکمل کیا گیا۔انہوں نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موک ایکسرسائز کا انعقاد نہایت اہم ہے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مختلف ادارے مؤثر اور مربوط انداز میں بروقت کارروائی کر سکیں۔ان کا کہنا تھا کہ کوئی ریسپانس اور فیلڈ میں تربیت یافتہ ٹیمیں ہی بڑے حادثات کو ٹالنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ایس پی موٹروے نے مزید کہا کہ امدادی کارروائیوں میں جدت اور بہتری لانے کے لیے اس قسم کی مشقیں باقاعدگی سے ہونی چاہئیں تاکہ عملی تجربہ حاصل کیا جاسکے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قیمتی جانوں اور املاک کو محفوظ بنایا جاسکے۔

فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ نے ماہ جون میں 5.118 فیصد ریکوری حاصل کر کے فیسکو ریجن بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی

جھنگ (بیورو رپورٹ) فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ نے ماہ جون میں 5.118 فیصد ریکوری حاصل کر کے فیسکو ریجن بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے تفصیلات کے مطابق ایکسین فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ کی سربراہی میں ایس ڈی اوز نے گزشتہ ماہ جون کے دوران فیسکو کچہری کی جانب سے دیئے گئے ٹارگٹ سے زیادہ ریکوری کر کے فیسکو ریجن بھر کی 29 ڈویژنوں میں پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے مذکورہ ڈویژن نے فیسکو ریجن بھر میں 5.118 فیصد ریکوری کا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے 982 ملین روپے کی وصولی کی ہے واضح رہے کہ فیسکو ریجن بھر میں کل 29 ڈویژنز ہیں جن میں ایک سخنتی اور تجربہ کار ایکسین ساجد پرویز سدھانہ نے 5.118 فیصد ریکوری کر کے اپنے محکمے کا نام روشن کر دیا ہے اس موقع پر ایکسین فیسکو جھنگ ڈویژن سیکنڈ ساجد پرویز سدھانہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹارگٹ سے زائد ریکوری کرنا ایس ڈی اوز اور سٹاف کی شبانہ روز محنت کا نتیجہ ہے جنہوں نے فیسکو ریجن بھر کی 29 ڈویژنوں میں پہلے نمبر آنے کا اعزاز حاصل کیا ہے ریجن بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر جھنگ سیکنڈ ڈویژن کی چھ سب ڈویژنوں کے ایس ڈی اوز نے ایکسین ساجد پرویز سدھانہ سے ملاقات کی اور انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کرتے ہوئے مبارکباد دی جبکہ ایکسین ساجد پرویز سدھانہ نے ایس ڈی اوز کی شبانہ روز محنت کو سراہتے ہوئے انہیں شاباش دی اور آئندہ بھی اسی طرح دلجمعی کے ساتھ کام کرنے کی تاکید کی۔

جامع مسجد محمدی شریف چنیوٹ میں یوم عاشور کے موقع پر جلسہ شہادت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خصوصی اہتمام کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جامع مسجد محمدی شریف چنیوٹ میں یوم عاشور کے موقع پر جلسہ شہادت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خصوصی اہتمام کیا گیا۔پہلی نشست میں سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت، فلسفہ کربلا، واقعہ کربلا کی اہمیت اور دیگر پہلوؤں کو زیر بحث لایا گیا ٹیکلا سے آئے ہوئے مولانا عبدالشکور شاکر نے خصوصی گفتگو کی۔واقعہ کربلا کے تاریخی پہلوں پر روشنی ڈالی۔ دوسری نشست میں کلیدی خطبہ صدر جامعہ صاحبزادہ محمد قمر الحق سیالوی نے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عالمگیر قربانی پر تفصیلی گفتگو کی اور عملی زندگیوں کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی اہمیت پر زور دیا۔

نالہ بئیں میں اچانک پانی آنے سے 07 افراد پھنس گئے، ریسکیو 1122 کا بروقت ریسپانس

شکر گڑھ (عمران عارف سے) ریسکیو 1122 کنٹرول روم نارووال میں اطلاع موصول ہوئی کہ تحصیل شکر گڑھ، نالہ بئیں میں اچانک پانی آنے کے باعث دوسری جانب کئی افراد پھنس گئے ہیں۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی واٹر ریسکیو ٹیم نے فوری موقع پر ریسپانس کیا۔واٹر ریسکیو ٹیم نے بروقت اور پیشہ ورانہ انداز میں کارروائی کرتے ہوئے نالہ بئیں میں پھنسے ہوئے سات افراد اور دو بکریوں کو بحفاظت محفوظ مقام پر منتقل کیا۔کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر اور نگہت نے ریسکیو اہلکاروں کی بروقت اور مؤثر کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ریسکیو 1122 ہر ہنگامی صورتحال میں عوام کی خدمت کے لیے ہر لمحہ تیار ہے۔کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں فوری 1122 ڈائل کریں تاکہ قریبی ریسکیو ٹیم آپ تک پہنچ سکے۔

نارنگ سیالکوٹ سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں میں کیڑے مکوڑوں لال بیگ اور کھٹمل کا راج

سیالکوٹ سے کراچی کے درمیان چلنے والی ٹرین میں پنکھے بھی بند کر دیے جاتے ہیں شدید گرمی اور حبس میں مسافروں کا برا حال ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لاہور نارنگ سیالکوٹ سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں میں کیڑے مکوڑوں لال بیگ اور کھٹمل کا راج مسافر مسافروں کیلئے مشکلات کا باعث بن گئے بوگیوں کی کمی پاکستان ریلوے خاموش تماشائی مسافروں نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ علامہ اقبال ایکسپریس میں اے سی کوچ میں حشرات کا تعداد میں موجود ہوتے ہیں سیالکوٹ سے کراچی کے درمیان چلنے والی ٹرین میں پنکھے بھی بند کر دیے جاتے ہیں شدید گرمی اور حبس میں مسافروں کا برا حال ہے بوگیوں کی کمی کے باعث مسافر چھتوں انجن پر سفر کرنے پر مجبور ہیں پاکستان ریلوے نے عوام کو روزانہ خوار کرنے کا منصوبہ بنا رکھا ہے عوام کو سہولت نام کی کوئی چیز نہیں دی جارہی سیٹ پر بیٹھتے ہی کھٹمل لڑنا شروع ہو جاتے ہیں کیڑے مکوڑوں اور لال بیگ کو دیکھتے ہی بچے چیخ و پکار شروع کر دیتے ہیں ٹرین کا سفر غیر محفوظ بن چکا ہے لاہور نارنگ نارووال سیکشن پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی کھٹارا سروس عوام کو ریلوے سے متنفر کر رہی ہے مسافروں نے احتجاج کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

گوجرانوالہ ڈویژن میں 40 سے 60 فیصد زیادہ بارشیں متوقع: کمشنر و ڈی جی پی ڈی ایم اے

تخلیج بنگال سے آنے والے اس شدید بارشوں کے نظام سے کلاؤڈ برسٹ کی وجہ سے شدید اربن فلڈنگ بھی ہو سکتی ہے: کمشنر گوجرانوالہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خطرناک عمارتیں فوری خالی کروائیں، متاثرہ خاندانوں کو مکمل تعاون فراہم کریں گے۔اسسٹنٹ کمشنرز نالوں کی صفائی کے سرٹیفکیٹ جمع کرائیں۔کمشنر نوید حیدر شیرازی کی اجلاس میں ہدایت۔کنٹرول کی ڈی جی پی ڈی ایم اے کی سیالکوٹ میں 100 مزید بیریئرز فراہم کرنے کی ہدایت نالوں کی بروقت ڈی سلٹنگ پر سیالکوٹ انتظامیہ کی تعریف۔گوجرانوالہ ڈویژن کے تمام اضلاع سمیت راولپنڈی اور لاہور ڈویژن میں مون سون کے دوران نارمل سے 40 سے 60 فیصد زیادہ بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے جبکہ خلیج بنگال سے آنے والے اس شدید بارشوں کے نظام سے کلاؤڈ برسٹ کی وجہ سے شدید اربن فلڈنگ بھی ہو سکتی ہے جس کیلئے تمام محکموں کا الرٹ رہنا ضروری ہے۔یہ باتیں کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی اور ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت ڈی سی آفس سیالکوٹ میں ایک اجلاس میں کی گئیں۔اجلاس میں مون سون بارشوں اور ندی نالوں میں ممکنہ طغیانی اور اربن فلڈنگ کا جائزہ لیا گیا۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے شہری و دیہی پانی سیلاب سے بچاؤ کی تیاریوں پر بریفنگ دی۔کمشنر نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ خطرناک عمارتوں کو فوری طور پر خالی کروایا جائے کیونکہ مون سون کے دوران ان کے گرنے سے انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ خطرناک عمارتوں کو خالی کرنے والے خاندانوں کو مکمل سہولیات فراہم کرے گی۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ڈویژن کی ایک کروڑ، 60 لاکھ آبادی کا ہر صورت تحفظ یقینی بنائیں گے اور اس مقصد کیلئے تمام محکمے الرٹ رہیں جبکہ متعلقہ محکموں کے تمام افسران اور اہلکاروں کی چھٹیاں بھی منسوخ کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز نالوں کی ڈی سلٹنگ کا سرٹیفکیٹ جمع کرائیں جبکہ ٹیچو جلی کے پولز کا تحفظ یقینی بنائے، کمزور اور ٹیڑھے پولز کی فوری مرمت کی جائے کیونکہ شدید بارشوں کی صورت میں یہ حادثہ کا باعث بن سکتے ہیں۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ ہیڈ مرالہ اپ سٹریم میں 72 گھنٹے کے بعد بھی بارش کا مظبوط نظام متوقع ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق شہریوں کے موبائلوں کا انخلاء کا بروقت انخلاء یقینی بنایا جائے اور وزیرآباد، چارا اور ڈسکہ سمیت تمام تر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے نے سیالکوٹ میں 100 مزید بیریئرز فراہم کرنے کی ہدایت کی اور نالوں کی بروقت ڈی سلٹنگ پر سیالکوٹ انتظامیہ کی تعریف کی۔ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے نالہ بھمبر، ایک اور اپر چناب کی صفائی سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی۔انہوں نے کہا کہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مشینری، عملہ اور ہنگامی پلان تیار ہیں اور سیلابی صورتحال میں متاثرہ آبادی کا فوری انخلاء یقینی بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ریلیف کیمپس کی نشاندہی ہو چکی، کھانے اور صاف پانی کا بھی انتظام ہوگا۔

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے پبلک پارکس کی تزئین و آرائش کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ سٹی کی مختلف پبلک پارکس کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے پبلک پارکس کے جاری بحالی کے عمل کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو 25 جولائی تک ترقیاتی کاموں کو ہر صورت مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے پبلک پارکس کی تزئین و آرائش کا جائزہ لینے کے لیے ننکانہ سٹی کی مختلف پبلک پارکس کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔ڈپٹی کمشنر نے پبلک پارکس کے جاری بحالی کے عمل کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو 25 جولائی تک ترقیاتی کاموں کو ہر صورت مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پبلک پارکس میں جاری ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پبلک پارکس کی باؤنڈری والز کا عمل مکمل کیا جاچکا ہے، تمام پبلک پارکس میں نئی گھاس، پودے، بینچز اور واکنگ ٹریکس سمیت بچوں کے لیے جھولوں کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ پبلک پارکس کی بحالی کا عمل 98 فیصد تک مکمل کر چکے ہیں جبکہ دیگر پر کام جاری ہے۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کے لیے پبلک پارکس میں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ ضلع کو پھولوں اور پھلوں کا شہر بنایا جا رہا ہے، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ضلع میں لگائے جانے والے پودوں کی پرورش کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو بہترین طریقے سے پودوں کی نگہداشت کو یقینی بنا رہی ہیں۔

رائیونڈ میں خراب ٹیوب ویلز کی فوری مرمت کا آغاز

ایم این اے ملک محمد افضل کھوکھر کی خصوصی ہدایت پر عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) ایم این اے ملک محمد افضل کھوکھر کی خصوصی ہدایت پر عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے۔ انہی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے رائیونڈ میں خراب ٹیوب ویلز کی فوری مرمت کا عمل شروع کر دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی بلا تعطل جاری رکھی جا سکے۔اس ضمن میں معروف سیاسی و سماجی رہنما چوہدری فیض الحسن صداقت عرف فینی جٹ نے میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کے سب انجینئر شہزاد صابر اور ان کی ٹیم کے ہمراہ رائیونڈ کے مختلف علاقوں میں خراب ٹیوب ویلز کا دورہ کیا۔موقع پر ہی متاثرہ ٹیوب ویلز کے فوری مرمتی احکامات جاری کیے گئے، اور متعدد مقامات پر مرمت کا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

بھارت کی نئی جنگی ڈاکٹرائن اور پاکستان کی خاموشی

جنوبی ایشیا کی سیاست ایک مرتبہ پھر ایسے موڑ پر آن کھڑی ہوئی ہے جہاں جنگ اور امن کی سرحدیں دھندلا رہی ہیں۔ بھارت کی جانب سے حالیہ دنوں میں اپنائی جانے والی جارحانہ ڈاکٹرائن کا نچوڑ یہ ہے کہ اگر بھارت میں دہشتگردی ہوگی تو وہ خود فیصلہ کرے گا کہ کس پر حملہ کرنا ہے۔ یہ اعلان بین الاقوامی قانون، اقوام متحدہ کے چارٹر اور مہذب دنیا کی تمام سفارتی روایتوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔

پاک بھارت جنگی تصادم کے بعد سے حکومت پاکستان بھارت کو مشورہ دیتی رہی ہے کہ وہ تصادم کا راستہ اختیار نہ کرے اور پاکستان کے ساتھ مقبوضہ کشمیر کے مستقبل سمیت تمام معاملات طے کرلے۔ تاہم بھارت کے طرف سے اس بارے میں کوئی حوصلہ افزا جواب موصول نہیں ہوا۔ بھارت نے گزشتہ دو ماہ سے مسلسل یہی رٹ لگائی ہے کہ پہلگام کا سانحہ پاکستان کی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کا نتیجہ تھا اور اسی کی وجہ سے خطے کے حالات خراب ہیں۔ کیونکہ پاکستان مسلسل دہشتگردی کی سرپرستی کرتا ہے۔

یہ معاملہ اس حد تک سنگین ہے کہ پاکستان کے خلاف 7 مئی کو ہونے والا آپریشن سندور جنگ بندی کے باوجود جاری رکھنے کا اعلان کیا جاتا ہے۔ یعنی بھارت کسی وقت بھی موقع ملتے ہی دوبارہ حملوں کا آغاز کرسکتا ہے۔ اس حوالے سے بھارت نے یہ موقف بھی اختیار کیا ہے کہ اگر بھارت میں کوئی بھی دہشتگردی ہوتی ہے تو اس کا ذمہ دار پاکستان کو سمجھا جائے گا اور اس کے جواب میں حق دفاع کے تحت باقاعدہ حملہ کرے گا۔ گویا بھارت نے یہ ڈاکٹرائن متعارف کرائی ہے کہ اگر کسی ملک میں کوئی دہشتگردی ہوتی ہے، خاص طور سے بھارت میں کوئی وقوعہ ہوتا ہے تو بھارت کو حق ہے کہ وہ اس ملک پر حملہ کرے جس کے بارے میں اسے شبہ ہے کہ اس کی طرف سے یہ کارروائی کی گئی تھی۔ جیسا کہ ہم نے دیکھا کہ بھارت نے پہلگام کے سانحہ کے کوئی شواہد پیش نہیں کیے لیکن پاکستان پر الزام لگاتے ہوئے بلا اشتعال حملہ کردیا۔ اگرچہ یہ خطرناک طرز عمل ہے لیکن حالات کو سمجھنے کے لیے ماننا ضروری ہے کہ اس وقت بھارت نے یہی ڈاکٹرائن اختیار کی ہوئی ہے۔

اس بھارتی موقف کے پیش نظر اور آپریشن سندور جاری رکھنے کے حوالے سے پاکستان کی پالیسی ناقابل فہم اور مبہم ہے۔ مئی کی جنگی جھڑپوں کے بعد پاکستان کو عسکری ہی نہیں بلکہ سفارتی کامیابی بھی نصیب ہوئی ہے۔ دنیا میں پاکستان کے اس موقف کو تسلیم کیا گیا ہے کہ اس نے بھارت کے خلاف اپنا حق دفاع استعمال کیا تھا اور جنگ شروع نہیں کی تھی۔ خاص طور پر گزشتہ دنوں واشنگٹن کے وائٹ ہاؤس میں صدر ٹرمپ کی طرف سے فیلڈ مارشل عاصم منیر کا خیر مقدم کرنے سے یہ واضح ہوا کہ امریکہ اور اس کے زیر اثر دیگر ممالک میں پاکستان کو خوش آمدید کہا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ چین اور روس کے ساتھ بھی پاکستان کے مناسب اور دوستانہ تعلقات ہیں۔ اس بحران میں انہوں نے پاکستان کا ساتھ دیا تھا۔ اس کے باوجود پاکستان اپنے لیے پیدا ہونے والے سفارتی امکان سے استفادہ کرنے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ حتیٰ کہ پاکستانی حکومت کوئی واضح حکمت عملی بنانے میں بھی کامیاب نہیں ہورہی۔

وزیراعظم، آرمی چیف یا وفاقی وزرا روز وقفے وقفے سے بھارت کو متنبہ کرتے ہیں اور اسے تصادم سے بچنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ اور اگر بھارت نے ایک بار پھر پاکستان پر حملہ کیا تو اس کا پہلے سے بھی سخت جواب دیا جائے گا۔ لیکن بھارت نے جیسے دہشت گردی کی صورت میں پاکستان کو کوئشانہ بنانے کی ڈاکٹرائن بنائی ہے یا پاکستان کو پانی کی فراہمی روکنے کے لیے سندھ طاس معاہدہ معطل کیا ہے، اس کا جواب دینے کے لیے کوئی پاکستانی پالیسی دکھائی نہیں دیتی۔ حکومت ہمیں بس یہ بتاتی ہے کہ بھارت فوری طور سے پاکستان کا پانی بند کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے۔ کیوں کہ ابھی اس کے پاس ایسے انتظامات نہیں ہیں کہ وہ پانی ذخیرہ کرسکے یا دریاؤں کا رخ موڑ کر پاکستان کو پانی سے محروم کرسکے۔ اگرچہ یہ ایک انتہائی صورتحال ہوگی لیکن پھر بھی متناژہ ملک کے طور پر پاکستان کو بدترین حالات کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

اس پس منظر میں پاکستانی حکومت عوام کو بتائے کہ بھارت کی یک طرفہ معاندانہ کارروائی کی صورت میں کیا متبادل انتظامات کیے جارہے ہیں۔ بھارت کے ساتھ اگر کوئی چپقلش ہوتی ہے تو ہم پانی کی قلت کا مقابلہ کیسے کریں گے۔ یا بھارت اگر ڈیم بنا کر یا دریاؤں کا رخ موڑنے کا منصوبہ شروع کرتا ہے تو پاکستان کا کیا ردعمل ہوگا؟ پاکستان نے یہ تو کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے پر عمل نہ ہوا یا پاکستان کا پانی بند کرنے کی کوشش کی گئی تو یہ جنگ کا اعلان ہوگا۔ لیکن یہ بات صرف تقریروں اور بیانات کی حد تک سننے میں آئی ہے۔ پاکستانی عوام البتہ چند سوالوں کے جواب جاننا چاہتے ہیں۔ ایک: پاکستان میں پانی کی قلت دور کرنے اور مستقبل میں پانی کی ضرورتیں پورا کرنے کے لیے کیا عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ دوئم: عالمی اداروں کے ساتھ سندھ طاس معاہدہ فعال رکھنے کے لیے کیا سفارتی پیش رفت ہوئی ہے۔ کن ممالک کے ذریعے بھارت کو عقل کے ناخن لینے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ سوئم: سب سے اہم یہ کہ اگر سندھ طاس معاہدہ فعال رکھنے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوتی تو اس پر پاکستان کا ردعمل کیا ہوگا۔ ایسی صورت میں کیا کوئی ڈاکٹرائن بنائی گئی ہے۔

بھارت تو دہشت گردی کے بعد پاکستان پر حملہ کرنے کا اعلان کررہا ہے۔ تو کیا پاکستان یہ ڈاکٹرائن اختیار نہیں کرسکتا کہ اگر بھارت نے پاکستان کا پانی بند کرنے کے لیے ڈیم بنائے یا دریاؤں کا رخ موڑنے کا کوئی منصوبہ شروع کیا تو پاکستان کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ فضائی کارروائی کرکے ان کو تباہ کردے۔ اس قسم کا کوئی ٹھوس اعلان موجود نہیں ہے۔

جس کی لاٹھی اُس کی بھینس

چک بیدی میں میس کا نظام درست ہونے سے زندگی معمول پر آ گئی تھی۔ رہائش ہماری سکول کے سائنس روم میں تھی۔ سردیوں میں یہیں سو جاتے اور گرمیوں میں چارپائیاں سکول کی عمارت کے سامنے کھلی جگہ پر بچھا کر پیڈسٹل فین لگا لیا کرتے تھے اور رات آرام سے کٹ جاتی کیوں کہ اس وقت لوڈشیڈنگ کی علت موجود نہیں تھی۔ شام کو میں اور بودلہ سکول میں کھیلے جانے والے والی بال کے کھیل میں شرکت کرتے۔ جس میں اسی گاؤں کے بچے اور بڑے بھی کھیلا کرتے تھے۔ واش روم کے طور پر ایک ہینڈ پمپ موجود تھا اور اسی ہینڈ پمپ کے نیچے بیٹھ کر خود سے ہی اس نلکے کو چلا کر نہایا جاتا تھا اور باقی ضروریات کے لیے سکول کے تین اطراف میں پھیلے ہوئے وسیع و عریض کھیت موجود تھے جو ہمارے لیے تو معمول کی بات تھی۔ افضل صاحب اور خان صاحب کو شہری ہونے کے ناتے اس سلسلے میں کچھ مسائل درپیش تھے۔ لیکن ہماری طرف سے کی گئی مناسب راہنمائی کی بدولت وہ بھی جلد ہی اس ماحول کے عادی ہوگئے۔ یہاں پر ہمارا یہ معمول تھا کہ ظہر کے علاوہ باقی سبھی نمازیں ہم مسجد میں جا کر باجماعت ادا کیا کرتے تھے۔ ہمارے سکول کے ساتھ ہی یونین کونسل کا دفتر تھا۔ جو اس علاقے کے پراجیکٹ منیجر سومرا کے دفتر اور رہائش دونوں ضروریات ہی پوری کرتا تھا۔ مغرب کی نماز کے بعد ہم عموماً واپسی پر سکول کے مین گیٹ کے ساتھ ہی بنے ہوئے سومرا صاحب کے اس دفتر میں تھوڑی دیر کے لیے ٹھہر جاتے دفتر کے باہر لان میں ٹی وی لگا ہوا ہوتا۔ پاس ہی ایک دو چارپائیاں اور پانچ سات کرسیاں بھی موجود ہوتی تھیں اور سومرا صاحب بھی یہاں موجود ہوتے۔ بعض اوقات دو چار اور لوگ بھی یہیں تشریف فرما ہوتے۔ یونین کونسلوں کے نظام میں غالباً ضیاء الحق نے ہی یونین کونسل اور تحصیل کونسل کے درمیان ایک اور نئی کونسل تشکیل دی تھی۔ جس کا نام مرکز کونسل رکھا گیا تھا۔

ایک تحصیل کونسل میں عموماً تین چار مرکز کونسل ہوا کرتی تھی اور ہر مرکز کونسل کا انچارج پراجیکٹ منیجر کہلاتا تھا۔ ان منیجرز کے مطابق مرکز کونسل میں ان لوگوں کی حیثیت بالکل ایسے ہی تھی جیسے کہ ضلع میں ڈی سی کی اور تحصیل میں اے سی کی ہوتی ہے۔ یعنی کہ انہیں اپنے مرکز میں موجود ہر محکمے کو چیک کرنے کا اختیار حاصل تھا۔ ان لوگوں میں اختیارات کی جو یہ صرف ہوا ہی بھری گئی تھی اس وجہ سے آئے دن اُن کے لیے نت نئے مسائل کھڑے ہوتے رہتے تھے۔ کیوں کہ یہ سارے اختیارات صرف زبانی کلامی حد تک ہی تھے۔ تحریری طور پر ہرگز کوئی ایسا حکم نامہ موجود نہیں تھا اور نہ ہی دوسرے محکموں کے ملازمین ان کی سپریمیسی ماننے کے لیے تیار تھے۔ سومرا صاحب بھی زیادہ تر وقت اپنے انہی اختیارات کی گردان ہی کرتے رہتے۔ جو ہمیں سخت ناگوار گزرتی اور آہستہ آہستہ ہم نے اُن کے پاس جانا کم کردیا۔ کچھ عرصے بعد ہمیں علم ہوا کہ سومرا صاحب کا اپنا ذاتی دفتر بونگہ حیات کے قریب نیا تعمیر ہو چکا ہے اور انہوں نے اپنی رہائش وہاں منتقل کر لی ہے۔ کیوں کہ اب اُن کی رہائش ہمارے سکول سے تقریباً ڈیڑھ دو کلومیٹر کے فاصلے پر تھی۔ اس لیے ہمارا اور اُن کا میل ملاپ بہت گھٹ گیا تھا۔



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

ایک دن اچانک ہی ہمیں خبر موصول ہوئی کہ رات کو سومرا صاحب کے ہاں ڈاکا پڑ گیا ہے۔ ڈاکو نہ صرف اُن سے روپے پیسے چھین کر لے گئے ہیں بلکہ جاتے ہوئے اُن کی اچھی خاصی پٹائی بھی کر گئے ہیں اور اس کے نتیجے میں اُن کا ایک بازو بھی فریکچر ہوگیا ہے۔ ہم سبھی لوگ اگلے دن اُن کا پتہ لینے گئے تو اُن کے جسم کا بیشتر حصہ سفید پٹیوں میں چھپا ہوا تھا۔ ہمارے دریافت کرنے پر انہوں نے تفصیل کچھ اس طرح بتائی کہ صبح کے وقت تو یہاں پر دفتر کا دیگر عملہ بھی موجود ہوتا ہے۔ لیکن چھٹی کے بعد وہ سب لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے جاتے ہیں اور یہاں پر صرف میں اپنی ایک اور ادھیڑ عمر ملازمہ کے ساتھ رہ جاتا ہوں۔ یہ عمارت بالکل سنسان جگہ پر بنائی گئی تھی۔ اس کے اردگرد دور دور تک بھی آبادی کا نام نشان تک دکھائی نہیں دیتا تھا۔ کل پہلی تاریخ کو میں اپنے سارے سٹاف کی تنخواہ پاکپتن سے لے کر آیا تھا۔ اللہ کا شکر ہے کہ دن کے وقت ہی میں نے سب لوگوں میں تنخواہ تقسیم کر دی تھی۔ رات دس گیارہ بجے کے قریب تین لوگ دیوار پھلانگ کر اندر آ گئے۔ انہوں نے ڈھاٹھوں سے اپنے چہروں کو چھپایا ہوا تھا اور ایک کے ہاتھ میں کلاشنکوف تھی۔ انہوں نے آتے ہی مجھے اور میری ملازمہ کو باندھ دیا اور ہماری دونوں کی تنخواہیں اپنے قبضے میں کر لیں۔ اس کے بعد ہم پر تشدد شروع کر دیا کہ اور جو کچھ تم لوگوں نے یہاں چھپایا ہوا ہے وہ بھی نکالو۔ ہمارے پاس تنخواہ کے علاوہ کچھ بھی تو نہیں تھا۔ ڈیڑھ دو گھنٹے اسی طرح ہی گزرے کبھی وہ گھر کی تلاشی لینا شروع کر دیتے اور کبھی ہم پر تشدد کرنا شروع ہو جاتے۔ آخر کار تھک ہار کر وہ واپس چلے گئے۔ اگلے دن دفتر کے ملازمین نے یہاں آ کر ہمیں کھولا اور بنگلہ حیات میں موجود ہسپتال میں لے کر گئے اُن لوگوں نے ہماری دوا دارو کی اور مجھے یہ بھی بتایا کہ میرا بازو فریکچر ہے۔ جس کی بینڈیج کر دی گئی ہے۔ مرکز کونسل کے سب سے بڑے افسر کی اس کمسپرسی اور بے بسی پر افسوس تو ہو ہی رہا تھا لیکن اندر کھاتے میں دور کہیں شاید ہلکی سی مسرت کا احساس بھی موجود تھا۔ جو یقیناً غیر اخلاقی حرکت کے زمرے میں آتا ہے۔ لیکن یہ شاید اُن سب بڑھکوں کا ردعمل تھا جو ہم اتنے عرصے سے سومرا صاحب کی زبانی سنتے چلے آرہے تھے۔

میں نے سرسری انداز میں ہی پوچھ لیا کہ آپ نے تھانے میں رپورٹ درج نہیں کرائی کیونکہ تھانہ چک بیدی بھی قریب ہی موجود تھا۔ تھوڑی دیر تو وہ خاموش رہے اس کے بعد بھرائی ہوئی آواز میں بولے یہ ایک الگ کہانی ہے میں پٹیاں وغیرہ کروا کر تھانے میں رپورٹ درج کروانے گیا اور تھانے دار کو واردات کی ساری کہانی سنائی تو وہ آخر میں بولا کہ سومرا صاحب آپ پر تو زنا کی حد لگتی ہے آپ اکیلی خاتون کے ساتھ گھر میں کیا کر رہے تھے میں نے اُسے بہتیرا سمجھانے کی کوشش کی کہ چلو میرے ساتھ آؤ اور دیکھو کہ وہ تو ایک بوڑھی عورت ہے۔ لیکن وہ اپنی بات پر اڑا رہا کہ اگر ڈاکے کی ایف آئی آر کاٹی جائے گی تو سب سے پہلے تو آپ پر حد جاری کی جائے گی۔ ہم تو اپنی تفتیش کا آغاز ہی اس بات سے کریں گے کہ آپ نے اکیلی خاتون کو اپنے گھر میں کیوں رکھا ہوا تھا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو اور چہرے پر چھائی ہوئی بے بسی اور مایوسی کو دیکھتے ہوئے مجھے اپنے اندر کھاتے میں سر اٹھانے والے احساسات اور جذبات پر شرمندگی کا احساس بھی ہوا۔ یہ بات تو طے ہے کہ وطن عزیز میں پولیس کا ادارہ سب سے زیادہ طاقت ور اور بااثر ہے۔ اور باقی ساری کی ساری طاقتیں اور اختیارات اس کے سامنے ہیچ ہیں۔

ہمارے بورےوالا میں ہی مبینہ طور پر ایک دفعہ ایک مجسٹریٹ کو پولیس کے ساتھ اس کے ناروا رویے کے سلسلے میں کچھ ڈاکوؤں نے رات کا بیشتر حصہ اس کے سرکاری گھر میں گزارا اور تمام رات اُن دونوں میاں بیوی کی مختلف طریقوں سے بے عزتی کرتے رہے اور مجسٹریٹ صاحب کے بار بار تھانے میں فون کرنے کے باوجود کسی نے بھی اُن کا فون سننے کی زحمت گوارا نہیں کی۔

چک بیدی میں دو سال قیام کے بعد میری پوسٹنگ ہمارے گاؤں کے قریب ہی موجود مڈل سکول EB / 315 میں بطور ہیڈ ماسٹر کے ہوگئی۔ اُن دنوں سکول کے سارے سٹاف کی تنخواہ ہیڈ ماسٹر کے اکاؤنٹ میں ہی آیا کرتی تھی۔ ہیڈ ماسٹر صاحب بذاتِ خود بنک میں حاضر ہو کر ساری تنخواہ وصول کرتے اور پھر واپس سکول میں جا کر تمام سٹاف میں تقسیم کر کے اس کا ریکارڈ رجسٹر قبض الوصول میں درج کرلیا کرتے تھے۔ میں اپنے سٹاف کی پہلی تنخواہ وصول کرنے نیشنل بنک پہنچا تو وہاں پر میری ملاقات اپنی مرکز کونسل کے پراجیکٹ منیجر نا گرہ صاحب سے ہو گئی۔ موصوف چھوٹے سے قد کے بالکل ہی دھان پان سی جسامت کے مالک تھے۔ مجھ سے تعارف کے بعد بڑی خوشی کا اظہار کیا اور ساتھ ہی فرمانے لگے کہ میں کچھ دنوں کے بعد تمہارے سکول کی انسپکشن کے لیے آنے والا ہوں۔ یہ سنتے ہی میرا میٹر گھوم گیا میں نے اُسے کہا کہ نا گرہ صاحب اگر تو آپ مجھ سے ملنے کے لیے میرے سکول میں تشریف لائیں گے تو مجھے بہت خوشی ہوگی لیکن اگر آپ میرے سکول کی انسپکشن کے لیے آئیں گے تو اول تو آپ کے لیے سکول کا مین گیٹ ہی نہیں کھلے گا۔ کیوں کہ آپ کے پاس ایسا کوئی اختیار ہی نہیں ہے۔

بڑھاپے کی تنہائی اور ہمارے مشاغل



تحریر
روپ چند سکرانی

عرصہ قبل جب میری شادی بھی نہیں ہوئی تھی، میں مانچسٹر اپنے بھائی کے گھر پاکستان سے گھومنے کی غرض سے آئی تھی۔ ایک دن کسی اسٹور میں میرے برابر میں کھڑی ایک بہت بزرگ خاتون، غالباً اسی پچاسی سال عمر ہوگی، شیشے کے اندر رکھی جیولری دیکھ رہی تھیں۔ بڑھاپے سے کمزور اور کمر خمیدہ۔ وہ سرخ لباس میں ملبوس تھیں اور ان کے رخسار گلابی اور لبوں پہ لال رنگ کی لپ اسٹک تھی۔ اس وقت بحیثیت پاکستانی میرے لیے یہ کچھ حیرت کی بات تھی۔ کیونکہ ہماری ثقافت میں پچاس ساٹھ سالہ عورت بھی گہرے شوخ رنگوں سے اجتناب کرتی اور اپنے آپ کو بزرگانہ رویے کی پابند سمجھتی ہے۔ (گو اب صورتحال کچھ مختلف ہے) نظریں ملیں تو حب دستور میں نے انہیں ''ہیلو'' کہ دیا جو گویا ان خاتون کے لیے بے تھکان گفتگو کا پروانہ تھا۔ وہ مسلسل اپنے متعلق بولتی رہیں۔ اپنے مشکلات اور تنہائی وغیرہ وغیرہ۔ میری بھابی بشمول ان کی گفتگو کے اس لامتناہی کو منقطع کر کے مجھے دکان سے باہر لے گئیں۔ ''یہاں کے بوڑھے تنہائی کے مارے ہوتے ہیں اور اس تلاش میں ہوتے ہیں کہ کوئی ان کے دکھڑے سننے والا ملے۔'' اس وقت مجھے اندازہ نہیں تھا کہ مشرق میں بھی ایسا وقت آنے کو ہے۔ خاندانی روابط اور مل جل کے رہنے اور ایک دوسرے کی خبر گیری کی روایات دم توڑ دیں گی۔

مشہور اداکارہ عائشہ خان کی دردناک موت اور سوشل میڈیا پہ ان کی اولادوں پہ لعن طعن نے مجھے اس پرانے واقعہ کی یاد دلائی اور یہ بھی احساس دلایا کہ دنیا کے ساتھ پاکستان میں بھی وقت بدل گیا ہے۔ گو لوگ عائشہ خان کی کسمپرسی کی موت کو بزرگوں کی تنہائی کا المیہ اور بچوں کی بے اعتنائی سے تعبیر کر رہے ہیں۔ کوئی ان کے بچوں پہ لعن طعن کر رہا ہے کہ انہوں نے اس ماں کی پرواہ نہیں کی جس کے قدموں کے نیچے جنت ہوتی ہے۔ کسی کا خیال یہ ہے کہ مرنے سے پہلے اپنی جائیداد کو تقسیم کرنا ہی بچوں سے دوری کا سبب بنا اور اس طرح ہم میں سے اکثر بجائے اس کے کہ خود اپنے مسائل پہ نظر ڈالیں، دوسروں کے معاملات میں کود کر ان پہ فیصلہ صادر کرنے مصروف ہیں۔ ویسے بھی اپنے گریبان میں جھانکنا مشکل اور دوسروں کی کمزوریوں کو اچھالنا کافی آسان کام ہوتا ہے۔

آج میں خود امریکہ میں رہتی ہوں جہاں اپارٹمنٹ بلڈنگ کے رہنے والے ایک دوسرے سے صرف ہیلو ہائے کی حد تک ہی آشنا ہوتے ہیں یا اکثر سے تو اتنا تعلق بھی نہیں ہوتا۔ سب اپنی اپنی دنیا میں مصروف اور خاصی حد تک پرائیویٹ زندگی گزارنے کے قائل اور عادی۔ ایسے میں مجھے پاکستان اور ہندوستان سے تعلق رکھنے والی بزرگ خواتین کا خیال آتا ہے جن کی ترجیحات خاندان کے ساتھ رہنا اور بزرگ ہونے کے ناتے اس بات کی توقع کہ ان کا خیال اسی طرح رکھا جائے جیسا کہ مشرقی روایات کا حصہ ہے۔ یہ لکھتے ہوئے مجھے اپنا ایک مضمون یاد آرہا ہے جو عرصہ قبل امریکہ میں رہنے والے تنہائی اور بے توجہی کا شکار ایشین امیگرنٹ معمر افراد کے لیے سینئرز اور نرسنگ ہومز کی ضرورت کے حوالے سے لکھا تھا۔ اس کے سلسلے میں میں نے پانچ معمر خواتین سے گفتگو کی تھی، جن کا تعلق پاکستان کے مختلف علاقوں سے تھا۔ پانچ میں سے چار خواتین نے واضح طور پہ اس بات کی اہمیت پہ زور دیا کہ ہمیں یہاں ایسے ادارے بنانے چاہئیں کہ جہاں اپنی یا ملتی جلتی ثقافت کے لوگ ہوں تاکہ سب مل بیٹھ کے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیں اور بہتر زندگی جی سکیں۔ یہ ادارے دن و رات کے بھی ہو سکتے ہیں اور آدھے دن کے بھی۔ اگر معمر افراد کے لیے ایسے ادارے ہوں جہاں جنوبی ایشین ثقافت کے حامل افراد باہم ایسی سرگرمیاں کریں جو ان کو بقیہ زندگی کو معنی خیز گزرنے میں مصروف رکھیں تو یہ جذباتی کے بجائے زیادہ عملی قدم ہوگا۔

ویسے تنہائی تو کسی بھی عمر کے کسی فرد کو متاثر کرسکتی ہے۔ لیکن بزرگ، خاص کر پچھتر سال سے زائد عمر کے لوگ اکیلے پن اور سماجی تنہائی کا شکار زیادہ ہوتے ہیں اور یہ ان کی صحت پر سنگین اثر ڈال سکتا ہے۔

لیکن سچ تو یہ ہے کہ ملک میں ہوں یا نقل مکانی کے بعد بیرون ملک اب دنیا بہت تیزی سے بدل رہی ہے۔ ہم سرعت رفتار صنعتی دور میں ہیں جس کے الگ تقاضے ہیں۔ بعض دفعہ تو آپ ایک چھت تلے بھرے پرے گھر میں اکیلا پن محسوس کرتے ہیں کہ کسی کے پاس آپ کی تنہائی ڈھونے کا وقت نہیں۔ ہمیں اپنی تنہائی سے نپٹنے کے لیے اپنی مصروفیات آپ ڈھونڈنی ہوں گی۔

تنہائی پر قابو پانے کے طریقے موجود ہیں، چاہے آپ اکیلے ہی رہتے ہوں اور باہر نکلنا مشکل ہو۔ بصورت دیگر ہم جسمانی عوارض جیسے دل کی بیماریاں، اسٹروک، مدافعت میں کمی، گرنے کا خدشہ، کھٹیا، ذیابیطس کے بڑھنے کے احتمال کے علاوہ ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں جیسے ڈپریشن اور انگزائیٹی کا شکار ہو سکتے ہیں۔ سوچنے سمجھنے کی صلاحیت میں کمی، نسیان، اور اداسی اور مایوسی کی سوچیں گھیر لیتی ہیں۔ اور شعوری یا غیر شعوری طور پہ منفی سوچیں خود کشی پہ بھی مائل کرسکتی ہیں۔

لوگ مختلف وجوہات کی بناء پر سماجی طور پر الگ تھلگ ہو سکتے ہیں، جیسے کہ بوڑھا ہونا یا کمزور ہونا، کام سے سبکدوشی، شریک حیات اور دوستوں کی موت، یا معذوری یا بیماری کی وجہ سے۔ وجہ کچھ بھی ہو، اکیلا اور کمزور محسوس کرنا حیران کن حد تک آسان ہے، جو ڈپریشن اور جسمانی صحت اور تندرستی میں سنگین کمی کا باعث بن سکتا ہے۔

کسی تنہا شخص تک پہنچنا مشکل ہے کیونکہ تنہا بوڑھے لوگ مدد مانگ کے اپنے وقار کو مجروح نہیں کرنا چاہتے۔ یہاں کچھ ایسے طریقے ہیں جو بوڑھے لوگوں کے لیے دوسروں کے ساتھ جڑنے، اور مفید محسوس کرنے میں معاون ہیں۔

سماجی روابط برقرار رکھنا: ان کے موجودہ تعلقات کی حوصلہ افزائی کریں۔ بزرگوں کو یاد دلائیں کہ وہ باقاعدہ کالز، ویڈیو گفتگو، یا ملاقات کے ذریعے دوستوں اور کنبہ کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ ان کو ایمرجینسی فون نمبرز کی فہرست دیں اور اس کی کاپی بنا کے مختلف ایسی جگہوں پہ چسپاں کردیں جس تک ان کی رسائی ممکن ہو مثلاً فریج کے دروازے پہ، بستر کے سرہانے میز پہ، باتھ روم کے دروازے کی پشت وغیرہ

سماجی سرگرمیوں کو منظم کریں: بعض بزرگوں کے لیے گروپ سرگرمیوں جیسے بک کلب، ورزش کی کلاسز، یا مقامی پرکشش مقامات کی سیر کرنے کے مواقع پیدا کریں۔

دوستی کی خدمات: بزرگوں کو رضاکاروں سے جوڑیں جو باقاعدہ فون کالز، گھر کے دورے، یا باہر جانے کے ذریعے صحبت فراہم کرسکتے ہیں۔

آن لائن کمیونٹیز: مشترکہ مفادات اور بات چیت کے لیے آن لائن پلیٹ فارمز اور سپورٹ گروپس کا استعمال کریں۔

کمی پروگرام: رہنمائی یا مشترکہ سیکھنے کی سرگرمیوں کے ذریعے بزرگوں اور نوجوان نسلوں کے درمیان بات چیت کو آسان بنائیں۔

معنی خیز سرگرمیوں میں مشغول ہونا

مشاغل اور دلچسپیاں: بزرگوں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ اپنے شوق کو اپنائیں، چاہے وہ پینٹنگ ہو، باغبانی ہو یا موسیقی بجانا ہو۔

رضاکارانہ کام: رضاکارانہ مواقع تلاش کرنے میں بزرگوں کی مدد کریں جو ان کی دلچسپیوں اور مہارتوں کے مطابق ہوں، مقصد کا احساس فراہم کریں۔ چاہے وہ ایک دن بچوں کے لیے کہانی پڑھنا ہی کیوں نہ ہو۔ کسی غریب بچے کو تعلیم دینے کا فریضہ ہو یا ضرورت مند کے لیے سوئیٹر بننا۔ یا اپنی آزمودہ تراکیب دوسروں کو سکھانا۔

زندگی بھر سیکھنا

تعلیمی پروگراموں، ورکشاپس، یا مقامی لائبریریوں یا کمیونٹی سینٹرز کی طرف سے پیش کردہ کورسز میں شرکت کو فروغ دیں۔

پالتو جانوروں مثلاً بلی، کبوتر، چڑیا، رنگین مچھلیوں کے ٹینک وغیرہ کی دیکھ بھال۔ اس کے علاوہ گھر میں یا گھر سے باہر رکھے جانے والے پودوں کی نگہداشت بھی، بہت صحتمند سرگرمی ہے۔ یہ ساری مصروفیات ان میں اپنی طاقت اور زندگی میں کنٹرول اجاگر کرتے اور تنہائی کے احساسات کو کم کرسکتی ہیں۔

چاہے پاکستان ہو یا بیرون ممالک بزرگوں کے ڈے کیئر، بہت مفید کردار ادا کرسکتے ہیں۔ میری ایک جاننے والی نیو جرسی میں ایک ایڈلٹ ڈے کیئر صبح نو بجے سے دو بجے دن تک پورے ہفتے جاتی ہیں۔ جہاں شاعری، موسیقی کے علاوہ مختلف قسم کے پکوان کی تراکیب کے کھانے کے علاوہ بھی کئی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ وہاں انہوں نے مختلف ممالک اور مذاہب کے لوگوں سے دوستی کے ساتھ انہیں قریب سے جانا ہے۔ اکثر ایک گروپ میں ریستوران، پلے اور سینما ہالز میں فلمز دیکھنے کے علاوہ کتابوں پہ تبادلہ خیال بھی کرتے ہیں۔ ان خاتون کی عمر لگ بھگ پچھتر سال ہے اور بقول ان کے کہ وہ اپنی زندگی سے بہت مطمئن اور خوش ہیں۔ اگر ہم پاکستان میں بھی بزرگوں کے لیے کمیونٹی کی سطح پہ ایسے پروگرام منظم کریں تو انہیں اپنی اس طاقت کا احساس ہوگا جو وہ نوکری کی سبکدوشی اور بڑھاپے کی دہلیز پہ پہنچنے کی صورت میں کھو دیتے ہیں۔

تقسیم کی جائیں گی جنہوں نے انتخابات سے پہلے اِن کے لیے فہرستیں جمع کروائی تھیں اور جن کی ایوان میں نمائندگی تھی۔

معاملہ کافی گمبھیر ہو گیا ہے اور بقول نطشے زندگی تو پہلے سے ہی پیچیدہ ہے (اگر نطشے نے یہ نہیں کہا تو اسے کہنا چاہیے تھا) لہٰذا اِس کو سادہ کرنے کے لیے کچھ سوالات کا جواب تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

جس جماعت سے انتخابی نشان واپس لیا گیا، کیا اُس کے پاس یہ آپشن موجود تھا کہ وہ انتخابات سے پہلے مخصوص نشستوں کے لیے فہرستیں جمع کرواتی؟ آئینی جواب ہے نہیں، سیاسی جواب ہے ہاں۔ جس ملک کی ہم بات کر رہے ہیں اُس ملک میں سیاسی جماعتیں ایک سے زیادہ ناموں کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور یہ کام ایسی ہی کسی ناگہانی آفت کا مقابلہ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ کیا اضافی مخصوص نشستوں کو دیگر جماعتوں میں تقسیم کرنا درست فیصلہ ہے جبکہ اُن جماعتوں کو تناسب کے اعتبار سے پہلے ہی مخصوص نشستیں الاٹ کی جا چکیں؟ آئینی جواب ہے ہاں سیاسی جواب ہے نہیں۔

سیاسی معاملات کچھ لو اور دو کی بنیاد پر طے ہوتے ہیں، اگر اُس جماعت نے مذاکرات کیے ہوتے تو آج یہ نشستیں انہیں حاصل ہو جاتیں اور بدلے میں پارلیمان کو تو قیر مل جاتی، ماضی سے نظیر بھی پیش خدمت ہے۔ غالباً جنوری 1977 کی بات ہے پی این اے نامی ایک اتحاد بنا، اُس اتحاد کے خلاف درخواست دائر ہوئی کہ یہ سیاسی جماعت نہیں لہٰذا اِسے ایک انتخابی نشان الاٹ نہ کیا جائے، الیکشن کمیشن نے یہ استدعا منظور کرلی مگر ساتھ ہی اپنے فیصلے میں لکھا کہ پارلیمانی جمہوریت اور دو جماعتی نظام کا تقاضا ہے کہ اسے ایک نشان سے انتخاب لڑنے کا موقع دیا جائے لہٰذا اگر حکومت چاہے تو قانون سازی کرکے یہ سہولت دے سکتی ہے۔ گو کہ الیکشن کمیشن نے حکومت کو پابند نہیں کیا تھا مگر اُس وقت کی حکومت نے آرڈیننس جاری کر کے اُس اتحاد کو سیاسی جماعت کی تعریف میں شامل کرلیا اور یوں اسے ایک انتخابی نشان مل گیا۔

'سیکشن 375' کمال کی فلم ہے، آئین اور قانون کے ہر طالب علم کو دیکھنی چاہیے۔ اِس فلم میں اکشے کھنہ بطور وکیل بتاتا ہے کہ قانون اور انصاف میں کیا فرق ہے، انصاف ایک آئیڈیل ہے جبکہ قانون اُس انصاف تک پہنچنے کا محض ایک ذریعہ، کبھی آپ انصاف حاصل کر پاتے ہیں اور کبھی نہیں، مگر کسی بھی حالت میں آئین اور قانون کو انصاف کے کسی آئیڈیل کے لیے قربان نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ انصاف محض ایک خیال ہے جبکہ قانون حقائق کو پرکھتا ہے۔

چوری پکڑی گئی (قسط دوئم)

محمد شجاع الدین

پیشانی پر پسینے کے قطرے ابھرے، رنگ

انٹرنیشنل



غزہ: اقوام متحدہ کی ریلیف ایجنسی (UNRWA) کے اس اسکول کی عمارت کا منظر جو بے گھر شہریوں کو پناہ دے رہی تھی

ایران سے تارکینِ وطن کی ڈیڈ لائن سے پہلے واپسی، افغان سرحد پر ایمرجنسی نافذ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ اتوار کو واپسی کی آخری تاریخ سے چند دنوں پہلے ایران سے دسیوں ہزار افغان سرحد پر آ گئے جس سے سرحدی مقامات پر ہنگامی صورتِ حال پیدا ہو گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقوامِ متحدہ کے ادارہ برائے پناہ گزین یو این ایچ سی آر نے کہا کہ جون کے وسط سے سرحد عبور کرنے والے لوگوں کی تعداد میں اضافہ ہوا اور یکم جولائی کو مغربی صوبہ ہرات میں اسلام قلعہ سے 43,000 سے زیادہ لوگوں نے سرحد عبور کی۔



غزہ: مشرقی غزہ شہر کے زیتون محلے میں اسرائیلی حملوں میں زخمی ہونے والے فلسطینیوں کو غزہ شہر کے الاہلی ہسپٹس اسپتال لایا گیا

سعودی عرب، تارکین وطن کے لیے ورک پرمٹس کی تین مہارتی ضمروں میں تقسیم

نیا نظام ورکرز کی صلاحیت جانچنے، مہارت منتقل کرنے اور مقامی مارکیٹ کی بہتری کے لیے متعارف

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے ملک میں کام کرنے والے غیر ملکی کارکنوں کے ورک پرمٹس کو تین بڑے مہارتی زمروں میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جن میں اعلیٰ مہارت یافتہ، ماہر اور بنیادی سطح شامل ہیں۔ اس فیصلے کا مقصد سعودی لیبر مارکیٹ میں عالمی مہارتیں منتقل کرنا، آپریشنل صلاحیت میں اضافہ، تجربے سے استفادہ اور اختراعی ماحول پیدا کرنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ نیا درجہ بندی نظام وزیر برائے فرادی قوت وسماجی ترقی انجینئر سلیمان الراجحی ن کی جانب سے متعارف کرایا گیا ہے۔ جو غیر ملکی کارکنوں کی مہارتوں اور اہلیتوں کی جانچ اور انہیں بہتر انداز میں منظم کرنے میں مدد دے گا۔ یہ اقدام عالمی سطح پر اپنائی جانے والی بہترین پالیسیوں سے ہم آہنگ ہے۔ اعلان کے مطابق سعودی عرب میں پہلے سے موجود غیر ملکی کارکنوں کے ورک پرمٹس کی درجہ بندی کا آغاز 18 جون 2025 سے ہوا، جبکہ یکم جولائی 2025 سے مملکت میں نئے آنے والے کارکنوں پر اس درجہ بندی کا اطلاق ہوگا۔ اس حوالے سے افرادی قوت کے ماہر عبداللہ آل عید نے کہا کہ نیا فیصلہ وزارت کے اس ویژن کا حصہ ہے جس کے تحت سعودی لیبر مارکیٹ کے معیار کو بلند کرنا، مہارتوں کی بنیاد پر بھرتی کو فروغ دینا اور پیشہ ورانہ اہلیت میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ورک پرمٹس کی اس درجہ بندی سے وزارت کے پیشہ ورانہ معیار کے پروگرام کے اہداف میں بھی بہتری آئے گی، جو کہ ایک ہزار سے زائد ملازمتوں کو ہدف بناتا ہے۔ اس سے آجرین کو اپنے ملازمین کی اصل مہارت کا اندازہ لگانے اور اسے سرکاری طور پر تسلیم شدہ پیشہ ورانہ معیار کے مطابق پرکھنے میں آسانی ہوگی۔

2024 میں بیرون سعودی عرب سے 18.5 ملین معتمرین اور حجاج کی آمد

اسی مدت کے دوران ضیوف الرحمٰن کے لیے 89 طرز کی منفرد خدمات پیش کی گئیں، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ضیوف الرحمٰن پروگرام کی ایک حالیہ رپورٹ کے مطابق گذشتہ برس 2024 میں دنیا بھر سے 18.5 فرزندان توحید نے عمرے اور حج کی سعادت حاصل کی۔ ان میں صرف معتمرین کی تعداد 16.92 تھی جو طے کردہ ہدف سے زیادہ رہی۔ 2022 کے مقابلے میں معتمرین اور حجاج کی تعداد میں 101 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ضیوف الرحمٰن رپورٹ کا اجرا سعودی عرب کے وژن 2030 میں طے کردہ اہداف کا جائزہ لینے کی غرض سے کیا جاتا ہے۔ رپورٹ میں ضیوف الرحمٰن پروگرام کے نتائج اور اس میں پیش کیے جانے والے منفرد اقدامات سے متعلق اعداد وشمار کو سائنسی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ حکومت کے چالیس سے زاید اداروں نے مل کر حجاج کرام کی خدمت کے لئے 89 منفرد اقدامات کی تکمیل بطریق احسن کی۔ اسی ضمن میں سالانہ رپورٹ میں بتایا گیا کہ مختلف چالیس حکومتی اداروں نے باہمی تعاون کے ساتھ 89 پروگرامات کو انجام دیا۔ ان پروگرامات کی کامیابی سے انجام دہی کی شرح 95 فیصد رہی۔ یہ ایک مربوط نظام کا حصہ تھا جس میں حاجیوں کے سفر، مواصلات اور اس سے متعلق سہولیات سے لیکر عبادات کی ادائی تک سے متعلق خدمات کا جائزہ لیا گیا تھا۔ یہ مرحلہ حاجیوں کی تاریخی اور آثار قدیمہ کے مطالعاتی اور ثقافتی سفر پر منتج ہوتا ہے۔ بہتری کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2024 میں 13 ملین عقیدت مندوں نے روضہ شریف کی زیارت کی جبکہ 2022 میں ایسے خوش نصیبوں کی تعداد صرف چار ملین رہی۔ زیارت اور فراہم کردہ خدمات سے متعلق عقیدت مندوں کے اطمینان کا درجہ 57 فیصد سے بڑھ کر 81 فیصد رہا۔ رپورٹ میں فرزندان توحید کے اطمینان میں بہتری کو دراصل جدید خدمات کی فراہمی کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 2024 میں ایک لاکھ ترپن ہزار رضا کاروں نے اللہ کے مہمانوں کی آو بھگت کے لئے اپنی بلا معاوضہ خدمات پیش کیں۔ یہ تعداد اسی سال کے لئے مقررہ ہدف سے کئی گنا زیادہ رہی جبکہ سال 2022 میں رجسٹر رضا کاروں کی تعداد صرف پندرہ ہزار تھی۔ اللہ کے مہمانوں کی خاطر مدارت میں عوامی دلچسپی معاشرے میں خدمت سے متعلق بڑھتے ہوئے شعور کی غمازی کرتی ہے۔ ضیوف الرحمٰن پروگرام کی قیادت اور اللہ کے مہمانوں کو خدمات فراہم کرنے والی سرکاری اور نجی کمپنیوں کے اہلکاروں کی نمائندہ قیادت نے حج ادائی کے سلسلے میں درپیش رکاوٹوں کے خاتمے اور کوارڈی نیشن کو بہتر کرنے کی غرض سے 33 غیر ملکی دورے کئے۔ ان دوروں کے نتیجے میں حج سروسز کے شعبے میں بین الاقوامی تعاون کے حصول میں بڑی مدد ملی۔ گلوبل انڈیکس رینکنگ کے مطابق مکہ مکرمہ بین الاقوامی زائرین کے لحاظ دنیا کا پانچواں اہم شہر رہا جبکہ سیاحتی کارکردگی کے اعتبار سے مدینہ عالمی رینکنگ میں ساتویں نمبر پر آیا۔ یہ اعداد وشمار مملکت کی اہم مذہبی اور سیاحتی مقام کے طور پر اہمیت کو اجاگر کرتے ہیں۔ اللہ کے مہمانوں کی خدمت سے متعلق پروگرام کا ذکر نسک خصوصی طور پر تیار کیے جانے والے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے بغیر ادھورا رہے۔ روڈ ٹو مکہ سروس کے آغاز سے اب تک نو لاکھ چالیس ہزار افراد اس سہولت سے استفادہ کر چکے ہیں۔ نیز عنایہ مراکز کے ذریعے تین ملین افراد کو سہولت فراہم کی گئی۔

امریکہ کا مشرقِ وسطیٰ میں بڑی تعداد میں فوج موجود رکھنے کا فیصلہ

واشنگٹن کی مشرقِ وسطیٰ سے جزوی انخلا کی تیاری، مگر خطے میں امریکی فوجی موجودگی بدستور اہم اور بڑی رہے گی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت دفاع (پینٹاگان) کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے بتایا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں تعینات امریکی افواج میں جلد تبدیلیاں کی جائیں گی۔ اس تبدیلی کا مقصد افرادی قوت اور عسکری ساز وسامان میں معمولی کمی لانا ہے، تاہم امریکہ خطے میں اپنی بڑی فوجی موجودگی برقرار رکھے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عہدیدار نے مزید بتایا کہ اگرچہ فی الحال کسی مخصوص اقدام کا باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا مگر اس حوالے سے وزارتِ دفاع کے اعلیٰ سطحی فیصلوں کا انتظار ہے تاکہ کسی بھی فوجی نقل وحرکت کے دوران سکیورٹی خدشات نہ پیدا ہوں۔ ذرائع کے مطابق امریکی بحریہ نے مشرقی بحیرہ روم سیطیارہ بردار جنگی جہاز سولیفان کو واپس بلالیا ہے اور بحرِ ہند میں واقع ڈیگو گارسیا فوجی اڈے سے بھاری طیاروں کی تعداد میں معمولی کمی کی جارہی ہے۔ یہ کمی ایران کی جانب سے اسرائیل پر میزائل حملوں کے خطرے میں کمی کے باعث کی جارہی ہے۔ مذکورہ جنگی بیڑہ دفاعی آپریشنز میں معاون تھا، جبکہ بی 52 بمبار طیاروں کو خطے میں تعینات کرنا اتحادیوں کے لیے اطمینان اور دشمنوں کے لیے وارننگ کا پیغام تھا۔ ایران اور حوثیوں پر حالیہ حملوں کے بعد امریکی حکمت عملی میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ امریکی طیارہ بردار بحری جہاز کارل وِنسن جلد ہی مشرقِ وسطیٰ سے نکل جائے گا۔ امریکی عہدیدار کے مطابق، ہم جلد ہی ان بحری جہازوں کو بحیرِ احمر اور نہرِ سویز سے گزرتے دیکھیں گے۔ اس کے باوجود، پینٹاگان کی پالیسی یہ ہے کہ مرکزی کمان کے دائرہ کار میں ایک طیارہ بردار جہاز اس کے ہمراہ جنگی بحری جہاز، آبدوزیں اور دیگر یونٹس بدستور تعینات رہیں گے۔ امریکہ خلیج عرب، بحیرِ احمر اور مشرقی بحیرہ روم میں بحری اور فضائی قوت برقرار رکھے گا۔ امریکی عہدیدار کے مطابق اس وقت خطے میں تقریباً 30 ہزار امریکی فوجی تعینات ہیں



امریکی ریاست ٹیکساس میں سیلاب سے تباہی

اسرائیل کی دھمکیوں میں آ کر ہتھیار نہیں ڈالیں گے، حزب اللہ

بیروت (این این آئی) حزب اللہ کے رہنما نعیم قاسم نے اتوار کو کہا ہے کہ لبنانی مزاحمت کاروں کو غیر مسلح کرنے کے لیے دباؤ کے باوجود ان کا گروپ اسرائیلی دھمکیوں کے جواب میں سر نہیں جھکائے گا اور نہ ہی ہتھیار ڈالے گا۔ قاسم نے یومِ عاشورہ کے موقع پر حزب اللہ کے مضبوط گڑھ بیروت کے جنوبی مضافات میں اپنے ہزاروں حامیوں سے ٹیلی ویژن پر خطاب میں کہا، یہ دھمکی ہمیں اطاعت قبول کرنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ یہ دھمکی ہمیں اطاعت قبول کرنے پر مجبور نہیں کر سکتی، یوم عاشور پر خطابیہ دھمکی ہمیں اطاعت قبول کرنے پر مجبور نہیں کر سکتی، یوم عاشور پر خطاب



جنوبی غزہ کے علاقے خان یونس کے مغرب میں واقع الماوسی علاقے میں بے گھر شہریوں کے عارضی خیمے کو نشانہ بنایا رہا ہے





پاکستان ہاکی ٹیم نے ہاکی نیشنز کپ 2025 میں اپنے پول میچز میں سے پہلے ترانہ پڑھ رہے ہیں

ومبلڈن ٹینس: ٹاپ سیڈ آریانا سبالنکا نے کوارٹر فائنل کیلئے کوالیفائی کر لیا

لندن (این این آئی) ومبلڈن ٹینس میں ٹاپ سیڈ آریانا سبالنکا نے کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا، راؤنڈ آف 16 میں سبالینکا نے بیجیم کی ایلیسی مارٹینز کو شکست دی۔ لندن میں کھیلے جا رہے ایونٹ میں عالمی نمبر ایک بیلاروس کی 27 سالہ آریانا سبالنکا نے بیجیم کی ایلیسی مارٹینز سے مقابلہ 6-4 اور 7-6 سے جیتا، اب ان کا مقابلہ لورا زیگمونڈ سے ہوگا، جو سیمی فائنل کی راہ میں ان کی اگلی رکاوٹ ہیں۔ جرمنی کی لاورا سیجمند نے بھی ومبلڈن کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا، 37 سالہ جرمن پلیئر

اکاش دیپ چھ جولائی 2025 کو انجسٹن ٹیسٹ کے پنچویں اور آخری دن ہیری بروک کو ایل بی ڈبلیو آوٹ کرنے کے بعد جشن منا رہے ہیں

آئی سی سی نے سنجوگ گپتا کو نیا چیف ایگزیکٹو افسر مقرر کر دیا

کرکٹ کا 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں شامل ہونا اور ٹیکنالوجی کا تیزی سے فروغ کرکٹ کی عالمی ترقی کے لیے ایک اہم محرک ثابت ہو سکتا ہے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پیر کو بھارت کے معروف اسپورٹس براڈکاسٹر کے سینئر عہدیدار سنجوگ گپتا کو اپنا نیا چیف ایگزیکٹو افسر (سی ای او) مقرر کر دیا ہے۔ خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سنجوگ گپتا آئی سی سی کے 7 ویں سی ای او ہوں گے اور وہ جیف ایلرڈائس کی جگہ لیں گے، جنہوں نے 4 سالہ مدت کے بعد جنوری میں استعفیٰ دے دیا تھا۔ سنجوگ گپتا اس سے قبل جیو اسٹار کے اسپورٹس اور لائیو اپونٹس کے چیف ایگزیکٹو کے طور پر کام کر رہے تھے۔ آئی سی سی کے چیئرمین جے شاہ نے کہا کہ گپتا کھیلوں کی حکمت عملی اور تجارتی پہلوؤں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جو آئی سی سی کے لیے بے حد قیمتی ثابت ہوگا۔ آئی سی سی کے مطابق اس عہدے کے لیے دنیا بھر کے 25 ممالک سے 2500 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ سنجوگ گپتا نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ کرکٹ کے لیے نہایت پُرجوش وقت ہے، جب عالمی مقابلے بلند مقام حاصل کر رہے ہیں، تجارتی راستے وسیع ہو رہے ہیں اور خواتین کی کرکٹ تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ کا 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں شامل ہونا اور ٹیکنالوجی کا تیزی سے فروغ کرکٹ کی عالمی ترقی کے لیے ایک اہم محرک ثابت ہو سکتا ہے۔ آئی سی سی کے چیئرمین جے شاہ نے کہا کہ گپتا کھیلوں کی حکمت عملی اور تجارتی پہلوؤں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، جو آئی سی سی کے لیے بے حد قیمتی ثابت ہوگا۔ آئی سی سی کے مطابق اس عہدے کے لیے دنیا بھر کے 25 ممالک سے 2500 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔ سنجوگ گپتا نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ کرکٹ کے لیے نہایت پُرجوش وقت ہے، جب عالمی مقابلے بلند مقام حاصل کر رہے ہیں، تجارتی راستے وسیع ہو رہے ہیں اور خواتین کی کرکٹ تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرکٹ کا 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں شامل ہونا اور ٹیکنالوجی کا تیزی سے فروغ کرکٹ کی عالمی ترقی کے لیے ایک اہم محرک ثابت ہو سکتا ہے

بھارت نے دوسرے ٹیسٹ میچ میں انگلینڈ کو 336 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی، سیریز 1-1 برابر

شبمن گل کی پہلی اننگز میں ڈبل سنچری اور دوسری اننگز میں سنچری کیساتھ بولر آکاش دیپ کی میچ میں مجموعی طور پر 10 وکٹوں نے مہمان ٹیم کو فتح دلانے میں اہم کردار ادا کیا

برمنگھم (این این آئی) برمنگھم میں کھیلے جانے والے دوسرے ٹیسٹ میچ میں بھارت نے یکطرفہ مقابلے کے بعد انگلینڈ کو بآسانی 336 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-1 سے برابر کر دی۔ بھارتی کپتان شبمن گل کی پہلی اننگز میں ڈبل سنچری اور دوسری اننگز میں سنچری کے ساتھ فاسٹ بولر آکاش دیپ کی میچ میں مجموعی طور پر 10 وکٹوں نے مہمان ٹیم کو فتح دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔ دوسرے ٹیسٹ میچ میں پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بلیو شرٹس نے 587 رنز کا پہاڑ کھڑا کر دیا تھا، کپتان شبمن گل نے 269 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، راویندرا جڈیجا نے 89 اور یشسوی جیسوال نے 87 رنز بنا کر ٹیم کے مجموعے میں اضافہ کیا۔ انگلینڈ کے شعیب بشیر 3، جوش ٹنگ اور کرس ووکس 2،2 وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ پہلی اننگز کے جواب میں انگلینڈ کے بلے باز ابتدا میں لڑکھڑا گئے تھے تاہم ہیری بروک اور جیمی اسمتھ کی عمدہ شراکت داری نے ٹیم کو حوصلہ فراہم کیا، جیمی اسمتھ 184 رنز بنا کر جب کہ ہیری بروک 158 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ انگلینڈ کی پوری ٹیم 407 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کے فاسٹ بولر محمد سراج نے 6 اور 3 کاش دیپ نے 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ 180 رنز کی بڑی لیڈ کے ساتھ بھارتی بلے بازوں کے بلے دوسری اننگز میں بھی رنز اگلتے رہے، کپتان شبمن گل نے 161 رنز بنا کر پھر سے اپنی صلاحیتوں کا کھل کا اظہار کیا، راویندرا جڈیجا 69، رشبھ پنتھ 65 اور کے ایل راہول 55 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ بھارت نے 6 وکٹوں کے نقصان پر 407 رنز بنا کر اننگز ڈکلیئر کی اور انگلینڈ کو 608 رنز کا بڑا ہدف دے دیا۔ انگلینڈ کی جانب سے شعیب بشیر اور جوش ٹنگ نے 2، 2 وکٹیں اپنے نام کیں۔ ناقابل رسائی ہدف کے تعاقب میں انگلش بلے بازوں کے قدم ابتدا سے ہی ڈگمگا رہے تھے، انگلینڈ کی ابتدائی 5 وکٹیں صرف 83 کے مجموعے پر گر چکی تھیں، جیمی اسمتھ نے ایک بار پھر ٹیم کو بچانے کی کوشش کی تاہم وہ بھی 88 رنز بنا کر آکاش دیپ کا شکار ہوگئے اور انگلینڈ کی پوری ٹیم 271 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی۔ بھارتی فاسٹ بولر آکاش دیپ 99 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ واضح رہے لیڈز میں کھیلے جانے والے سیریز کے پہلے میچ میں انگلینڈ نے بھارت کو 5 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ 5 میچز پر مشتمل سیریز کا تیسرا میچ 10 جولائی سے لارڈز کے میدان میں کھیلا جائے گا۔ شبمن گل کی پہلی اننگز میں ڈبل سنچری اور دوسری اننگز میں سنچری کیساتھ بولر آکاش دیپ کی میچ میں مجموعی طور پر 10 وکٹوں نے مہمان ٹیم کو فتح دلانے میں اہم کردار ادا کیا

ڈچ انٹرنیشنل یوتھ ریگاٹا، پاکستان کے فرید عارف اور ریان ملک نے گولڈ میڈل جیت لیا

ایمسٹرڈیم (این این آئی) پاکستان کے فرید عارف اور ریان ملک نے اوپن میٹز ڈبل اسکل ریس میں گولڈ میڈل جیت لیا۔ پاکستان کے فرید محمد عارف اور ریان ملک نے کے بی سی پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈچ انٹرنیشنل یوتھ ریگاٹا کے پہلے دن شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور اوپن میٹز ڈبل اسکل ریس میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ یہ باوقار مقابلہ ایمسٹرڈیم میں منعقد ہوا جس میں 8 ممالک کے 800 سے زائد نوجوان کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ اس مقابلے میں شرکت کرنے والے ممالک میں پاکستان، نیدرلینڈز، بیلجیئم، جرمنی، برطانیہ، فرانس، یوکرین اور امریکا شامل ہیں۔

ویسٹ انڈیز نے پاکستان کیخلاف ٹی 20 اور ون ڈے سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا

پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 سیریز کے تینوں میچز بالترتیب 31 جولائی، 2 اور 3 اگست کو امریکی ریاست فلوریڈا میں کھیلے جائیں گے

جمیکا (این این آئی) ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف 3 ٹی 20 اور 3 ہی ون ڈے میچز پر مشتمل سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 سیریز کے تینوں میچز 20، 22 اور 24 جولائی کو شیر بنگلہ کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکا میں کھیلے جائیں گے۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 سیریز کے تینوں میچز بالترتیب 31 جولائی، 2 اور 3 اگست کو امریکی ریاست فلوریڈا میں کھیلے جائیں گے۔ ٹی 20 سیریز کے اختتام پر قومی ٹیم ون ڈے سیریز کے لیے ٹرینیڈاڈ کا رخ کرے گی جہاں دونوں ٹیموں کے مابین 3 ون ڈے میچز 8، 10 اور 12 اگست کو شیڈول ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ کو ون ڈے سیریز ختم کر کے ٹی 20 میچز میں اضافے کی تجویز دی تھی تاہم میزبان کرکٹ بورڈ نے سیریز کو ختم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ خیال رہے کہ دورہ ویسٹ انڈیز سے قبل قومی کرکٹ ٹیم بنگلہ دیش کا بھی دورہ کرے گی جہاں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان 3 ٹی 20 میچز 20، 22 اور 24 جولائی کو شیر بنگلہ کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکا میں کھیلے جائیں گے۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 سیریز کے تینوں میچز بالترتیب 31 جولائی، 2 اور 3 اگست کو امریکی ریاست فلوریڈا میں کھیلے جائیں گیپاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ٹی 20 سیریز کے تینوں میچز بالترتیب 31 جولائی، 2 اور 3 اگست کو امریکی ریاست فلوریڈا میں کھیلے جائیں گے

انگلینڈ کے کرکٹر کرس ووکس نے جنوبی افریقی کرکٹر ویان ملڈر کو کنگ بابر کہنے کی وضاحت دے دی۔

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے کرکٹر کرس ووکس نے جنوبی افریقی کرکٹر ویان ملڈر کو 'کنگ بابر' کہنے کی وضاحت دیدی، کرس ووکس نے معین علی کے ساتھ ایک پروگرام میں کنگ بابر والے کمنٹ پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ ویان ملڈر کی انسٹاگرام پوسٹ پر 'کنگ بابر' مذاق کے طور پر لکھا، سارے فینز ویان ملڈر کو کنگ بابر کے نام سے چھیڑتے تھے، جنوبی افریقی لیگ میں ویان ملڈر کے ساتھ کھیل چکا تھا۔ کرس ووکس کے مطابق ویان ملڈر اور بابر اعظم میں پاکستان میں ٹیسٹ سیریز کے دوران تلخ کلامی کے بعد پاکستانی فینز جذباتی ہو گئے تھے



وسطی انگلینڈ کے برمنگھم میں ایجبسٹن کرکٹ گراؤنڈ میں انگلینڈ اور انڈیا کے درمیان دوسرے کرکٹ ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن انڈیا کے شبمن گل پویلین جاتے ہوئے



پاکستان کی خواتین کی نیٹ بال ٹیم جو جنوبی کوریا میں مقابلوں میں حصہ لے رہی ہے

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ریجن پولیس گوجرانوالہ اور ڈاکٹر محمد آصف ملک اور ڈاکٹر راشد حسین کے درمیان معاہدہ

ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ اور پروفیسر ڈاکٹر آصف ملک، ڈاکٹر راشد حسین نے معاہدہ پر دستخط کئے



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) ریجن بھر کے آٹھوسپیڈک سرجن کے مابین ایک معاہدہ طے پایا معاہدہ کے تحت دونوں ڈاکٹرز کے پاس پولیس جوانوں اور اہلکاروں کو علاج و معالجہ میں خصوصی رعایت فراہم کی جائیگی۔جبکہ شہداء پولیس کے اہل خانہ کی کو بلا معاوضہ جدید طبی سہولیات فراہم کی جائیگی۔اسی سلسلہ میں آر پی او آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ اور ڈاکٹر محمد آصف ملک ماہر امراض گردہ مثانہ اور ڈاکٹر راشد حسین آٹھوسپیڈک سرجن نے معاہدہ پر دستخط کئے۔اس موقع پر اے ڈی آئی جی امد محمود چیمہ بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آر پی او نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں تعلیم اور صحت کی بنیادی سہولیات مرکزی حیثیت رکھتی ہیں پولیس فورس جرائم سمیت ہر محاذ پر فرنٹ لائن پر اپنے فرائض سر انجام دے رہی ہے ان کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ ریجن پولیس فورس کا مورال بلند کرنے کے لیے ان کے اہلخانہ کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کا آغاز کیا گیا ہے،اسی ضمن میں ڈاکٹر محمد آصف ملک اور ڈاکٹر راشد حسین کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جو کہ انتہائی معقول نرخوں پر گوجرانوالہ پولیس ملازمین اور انکے اہل خانہ کو طبی سہولیات فراہم کریگا آر پی او نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے پولیس اہلکار مزید مثالی سہولیات کے حقدار ہیں

مجالس وجلوس ہائے عزاداری کا پُرامن انعقاد شاندار حکمت عملی کا مظہر ہے: ڈی پی او

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے دوران منعقد ہونے والے مجالس و جلوس ہائے عزاداری کا پُرامن انعقاد جھنگ پولیس، ضلعی انتظامیہ، پاک آرمی، رینجرز، ریسکیو 1122، امن کمیٹی، میڈیا اور دیگر اداروں کے مابین مربوط حکمت عملی اور شاندار اشتراک عمل کا مظہر ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ، کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے اس موقع پر امن و امان کے قیام میں اہم کردار ادا کرنے والے تمام پولیس افسران و جوانوں کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس نے جس خلوص، عزم، پیشہ ورانہ مہارت اور حفاظت کے جذبے کے ساتھ عزاداروں کے تحفظ کو یقینی بنایا، وہ بلاشبہ قابل فخر اور لائق تقلید ہے۔ڈی پی او جھنگ نے ان پولیس اہلکاران وافسران کے لیے تعریفی اسناد کے اعلان کا بھی کیا جنہوں نے دوران ڈیوٹی غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ شدید گرمی، حبس اور تھکن کے باوجود ہمارے افسران و اہلکاران چوکنا رہے، اور جلوسوں و مجالس کے روٹس پر ہر لمحہ الرٹ رہ کر امن کے قیام کو یقینی بنایا۔ڈی پی او جھنگ نے ضلعی انتظامیہ، پاک آرمی، رینجرز، ریسکیو، امن کمیٹی، میڈیا، انجمن تاجران اور بالخصوص شہریوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ جھنگ کے باسیوں نے ثابت کر دیا کہ یہ شہر صبر، اتحاد، رواداری اور باہمی احترام کی روشن مثال ہے۔

میونسپل کمیٹی کی غفلت اور لاپرواہی سے نکاسی آب کے نالے اور گٹر ابلنے شروع ہو گئے

مون سون کی بارشوں کی صورت میں شہریوں کے سروں پر خطرات کے بادل منڈلانے لگے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں مون سون بارشوں سے پہلے ہی میونسپل کمیٹی کی غفلت اور لاپرواہی سے نکاسی آب کے نالے اور گٹر ابلنے شروع ہو گئے۔جس کی وجہ سے مون سون کی بارشوں کی صورت میں شہریوں کے سروں پر خطرات کے بادل منڈلانے لگے۔جبکہ شہر بھر میں ستھرا پنجاب کے تمام دعوے کھوکھلے ثابت ہونے لگے۔جگہ جگہ تعفن پھوٹنے اور گلی محلوں میں گندا پانی کھڑا ہونے سے ڈینگی کی وبا بھی پھوٹنے لگی۔تفصیلات کے مطابق میونسپل کمیٹی میں 50 سے زائد ملازمین نکاسی آب کے نالوں اور گٹروں کی صفائی کے لئے متعین ہیں لیکن ان میں سے زیادہ تر فارغ دیکھائی دیتے ہیں اور وہ سرے سے نہ اپنا کام جانتے ہیں اور نہ کام کرتے ہیں۔جس کی وجہ سے شہر کی اکثر گلی محلوں میں نکاسی آب کے نالے اور گٹر ابل رہے ہیں جبکہ ایڈمنسٹریٹر اپنی دیانتداری کے ڈھنڈورے پیٹنے میں مصروف نظر آتے ہیں اور شہر دن بدن جوہڑ نما شکل اختیار کرتا چلا جارہا ہے۔شہریوں نے اس ناگفتہ بہ صورت حال پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کمشنر گوجرانوالہ، وزیر اعلی مریم نواز شریف سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ڈسٹرکٹ پبلک سکول کا دورہ کیا

کلاس رومز کی کشادگی سمیت دیگر جدید سہولیات کی فراہمی کے لئے جاری کام کے معیار کا جائزہ لیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ڈسٹرکٹ پبلک سکول کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا۔کلاس رومز کی کشادگی سمیت دیگر جدید سہولیات کی فراہمی کے لئے جاری کام کے معیار کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے پرنسپل ڈسٹرکٹ پبلک سکول و کالج محمد ندیم سرور کو جاری تعمیراتی کام مقررہ وقت پر اور معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت دی۔



شہدائے کربلا کانفرنس کا انعقاد آستانہ عالیہ قادریہ منظور العارفین ٹھیکواں شریف عارفوالا میں کیا گیا

حضرت امام حسین اور ان کے رفقاء نے لازوال قربانیاں دے کر حق کا پرچم سربلند کیا: پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری

عارفوالا (نامہ نگار،نمائندہ قوت) جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام امیر صوبہ پنجاب پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی زیر صدارت، بفیضان نظر پیر سید منظور احمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ زیر قیادت وانتظام پیر عبدالخالق مہروی،پیر حافظ غلام قطب الدین چشتی اور سید محمد احمد شاہ میدانجاز شاہ میں بسلسلہ 10 محرم الحرام شہدائے کربلا کانفرس کا انعقاد آستانہ عالیہ قادریہ منظور العارفین ٹھیکواں شریف عارفوالا میں کیا گیا جس میں علامہ قاری ظفر اقبال چشتی،مفتی بشیر احمد فردوسی اور علامہ عبدالقیوم آسی قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نواسہ رسول جگر گوشہ بتول حضرت امام حسین اور ان کے رفقاء نے لازوال قربانیاں دے کر حق کا پرچم سربلند کیا کربلا کے میدان میں حق و باطل کا معرکہ مسلمانوں کو ظلم و بربریت کے خلاف جہاد کرنے کا درس دیتا ہے یوم عاشورہ رنج و غم کی المناک داستان کے ساتھ ساتھ باطل کے مقابلے میں حق کی سربلندی کا ان ہے واقعہ کربلا حق کے لیے جان قربان کرنے کا بھی درس دیتا ہے حضرت امام حسین نبی اللہ تعالی عنہ نے جان دے کر مگر باطل کے سامنے نہ جھکے حضرت امام حسین کا راستہ ہی حق اور فلاح کا راستہ ہے اگر ہم دنیا اور اخرت کی کامیابی چاہتے ہیں تو حضرت امام حسین نبی اللہ عنہ کا راستہ اور کردار کو اپنانا ہوگا اس موقع پر سید اسلم شاہ،سید اسرار شاہ،سید صفدر شاہ،سید محمود شاہ،علامہ نظام الدین جامی،چوہدری حاجی محمد اعجاز،سید فتح حسین شاہ،MNA،رانا رادات شریف محمد امجد علوی،سید امجد شاہ،قاری احمد نوید قادری نعیم المصطفی،قاری ضیاء الحق اور دیگر علماء اکرام سمیت اہل ایمان اور عاشقان اہلبیت و رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

سلسلہ اویسیہ کمالیہ کا عظیم الشان روحانی وجدانی اجتماع آستانہ عالیہ دارالکمال پنڈی روڈ چکوال میں منعقد ہوا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) سلسلہ اویسیہ کمالیہ کا عظیم الشان روحانی وجدانی اجتماع آستانہ عالیہ دارالکمال پنڈی روڈ چکوال میں منعقد ہوا اروحانی اجتماع معروف روحانی علمی وادبی شخصیت سلسلہ اویسیہ کمالیہ کے سربراہ حضرت فقیر تابش کمال کی زیر سرپرستی منعقد ہوا اجتماع میں ملک بھر سے سینکڑوں مریدین اور عقیدت مندوں نے بھرپور شرکت کی دس محرم کو منعقد ہونے والے اجتماع کے موقع پر دودھ کی سبیل بھی لگا※ی گ※ تھی آنے والے تمام مریدین اور عقیدت مندوں کے علاوہ مین روڈ سے گزرنے والے مسافر بھی دودھ کی سبیل سے سیراب ہو※اس موقع پر اپنے خطاب میں سربراہ سلسلہ اویسیہ کمالیہ حضرت فقیر تابش کمال نے امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ شہدا※ کربلا کی لازوال قربانیوں کی وجہ سے ہی آج دین اسلام اپنی اصل شکل میں موجود ہے انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے یزید فاسق و فاجر کی بیعت کرنے سے انکار کر کے اپنے نانا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین کو مسخ ہونے سے بچایا انہوں نے مزید کہا کہ حضرت امام حسین سے محبت اور عقیدت کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے افکار اور ان کے پیغام پر عمل کرنے کی بھی اشد ضرورت ہے

جہلم عشرہ محرم میں بہترین انتظامات کرنے پر شہر کی معروف سماجی شخصیت علی راجہ نے ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سمیت تمام متعلقہ محکموں کے زمہ داران کو خراج تحسین

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عشرہ محرم میں بہترین انتظامات کرنے پر شہر کی معروف سماجی شخصیت علی راجہ نے ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سمیت تمام متعلقہ محکموں کے زمہ داران کو خراج تحسین تفصیلات کے مطابق عشرہ محرم الحرام اور عاشورہ کے پر امن انعقاد کو یقینی بنانے جلوسوں ومجالس کے بہترین انتظامات وسیکورٹی امور کے سلسلہ میں۔ ڈیوٹیاں سر انجام دینے والے ضلعی انتظامیہ، پولیس، رینجرز ریسکیو 1122، محکمہ صحت، سول ڈیفنس، میونسپل کمیٹی، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی محکمہ ریونیو، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، سوئی گیس، واپڈا، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران وملازمین کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔انھوں نے محرم الحرام کے موقع پر امن و امان کی فضاء برقرار رکھنے کے سلسلہ میں ممبران امن کمیٹی کی کاوشوں کو خصوصی طور پر سراہا جنھوں نے امن و امان کے قیام کیلئے عاشورہ کے روز جہلم شہر سمیت پورے ضلع کے جلوسوں کے نہ صرف دورے کیئے بلکہ شرکاء میں امن، یگانگت، اتحاد، وحدت، مذہبی ہم آہنگی کے پیغام کو عام کر کے ضلع بھر کے امن کو قائم رکھنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔راجہ علی نے محرم الحرام کے موقع پر جہلم پریس کلب کے پرنٹ الیکٹرانک اور سوشل میڈیا نمائندگان کو مثبت کردار اور رپورٹنگ کی بھی تعریف کی ہے۔

متحدہ امن کونسل کے وفد نے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور ڈی پی او بلال ظفر شیخ سے ملاقات کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) متحدہ امن کونسل کے وفد نے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور ڈی پی او بلال ظفر شیخ سے ملاقات کی اور یوم عاشور کے موقع پر موثر انتظامی امور اور فول پروف سیکیورٹی اقدامات پر خراج تحسین پیش کیا، وفد میں صدر رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری حاجی طاہر جاوید نقشبندی، مولانا عزیز الرحمن عزیز، رانا محمد اکرم، قاری عابد حسین رضوی، حاجی محمد اعظم سکھو، سیٹھ محمد انور، ملک عاشق حسین گڈو، رانا محمد الیاس و دیگر شامل تھے ملاقات میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ اور ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے متحدہ امن کونسل کے کردار کو سراہا اور عشرہ محرم الحرام و یوم عاشور پر پائیدار قیام امن اور بین المذاہب ہم آہنگی واتحاد المسلمین کے فروغ کیلئے کی گئی کاوشوں کو مثالی قرار دیا اس موقع پر صدر متحدہ امن کونسل رانا وزیر علی ایڈووکیٹ نے کہا کہ یقین دھانی کروائی کہ متحدہ امن کونسل کے جملہ عہدیداران و اراکین آئندہ بھی فروغ اور مسالک کے مابین ہم آہنگی کیلئے ضلعی انتظامیہ وضلع پولیس کا بھرپور ساتھ دیں گے۔

رانا عرفان کو مریم نواز یوتھ ونگ ضلع قصور کا سینئر نائب صدر مقرر کر دیا گیا

مرکزی صدر خان انصر خان سیال اور چوہدری خالد مرزا کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری، پارٹی میں متحرک کردار ادا کرنے کی ہدایت



مصطفی آباد (نیوز رپورٹ قوت) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ضلعی تنظیم مریم نواز یوتھ ونگ نے نوجوان قیادت کو آگے لاتے ہوئے رانا عرفان ولد محمد الیاس کو ضلع قصور کا سینئر نائب صدر مقرر کر دیا ہے۔اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن 04 جولائی 2025 کو جاری کیا گیا جس پر تنظیم کے مرکزی صدر خان انصر خان سیال اور مرکزی چیئرمین چوہدری خالد مرزا (سابق ایم پی اے) کے دستخط موجود ہیں۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ رانا عرفان پارٹی کی قیادت پر مکمل یقین اور اعتماد رکھتے ہیں اور ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) اور قائدین نواز شریف ومریم نواز شریف کے ویژن کو گھر گھر پہنچانے میں اپنا فعال کردار ادا کریں گے۔یوتھ ونگ کی جانب سے جاری اعلامیے میں مزید کہا گیا کہ رانا عرفان کو ضلع بھر میں پارٹی تنظیمی سرگرمیوں کو متحرک بنانے اور نوجوانوں کو پارٹی میں شامل کرنے کے لیے خصوصی ہدایات دی گئی ہیں۔اختتام پر مرکزی قیادت نے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ مہنگائی کا ایک نیا طوفان لائے گا

مہنگائی کے ستائے ہوئے غریب عوام پہلے ہی بھاری بجلی گیس سمیت یوٹیلٹی بلوں سے سخت پریشان ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم معروف سماجی وسیاسی راہنما اے ڈی چوہدری نے شخصیت سید خلیل حسین۔ کاظمی نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ مہنگائی کا ایک نیا طوفان لائے گا جو عوام کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دے گا اور عوام سے دو وقت کی روٹی کا نوالہ بھی چھین لے گا مہنگائی کے ستائے ہوئے غریب عوام پہلے ہی بھاری بجلی وگیس سمیت یوٹیلٹی بلوں سے سخت پریشان ہیں اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے بسوں اور لوڈر گاڑیوں کے کرایوں اور اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ سے عوام کا جینا دوبھر کرے گا۔ ادویات کی قیمتیں بھی پہلے ہی عوام کی قوت خرید سے باہر ہیں اور عوام پیسے نہ ہونے سے ادویات بھی باقاعدگی سے لینے سے محروم ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمران ہر شعبہ میں مہنگائی کر کے عوام کا کچومر نکال رہے ہیں جبکہ اپنے شاہانہ اخراجات اور اپنی تنخواہوں میں بھاری اضافہ کر کے عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ لاد رہے ہیں حکمران اپنے شاہانہ اخراجات میں کمی نہیں کر رہے جو غریب نادار سفید پوش طبقے کے ساتھ سخت کے مترادف ہے،

صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں: ڈپٹی کمشنر عارفوالہ

مریضوں کو علاج معالجہ کی معیاری سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے



عارفوالا (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) زخرف فدا ملک نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر ضلع بھر میں صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مریضوں کو علاج معالجہ کی معیاری سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کے دورہ کے دوران کیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ، چلڈرن وارڈ اور مدر اینڈ چائلڈ بلاک کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان سے علاج معالجہ،ادویات،صفائی اور دیگر سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں دستیاب سہولیات کا معائنہ کرتے ہوئے بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں۔انہوں نے ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر حافظ احسن کو ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور مریضوں کے مسائل کے فوری حل کو ترجیح دی جائے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی سطح پر صحت کے شعبہ میں بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آئیں۔

ڈی ایس پی Ccd شیخوپورہ محمد افتخار وریاء دلیر پولیس آفیسر ہیں۔چوہدری امتیاز علی وریاء

انکی تعیناتی سے درجنوں مجرم انجام کو پہنچے خیر مقدم کرتے ہیں۔سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عمر جاوید) پنجاب پولیس کے ایک نامور فرض شناس کرائم فائٹر ڈی ایس پی محمد افتخار وریاء کی بطور DO سی سی ڈی شیخوپورہ ڈسٹرکٹ آفیسر تعیناتی کے بعد درجنوں ملزمان اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں دبنگ پولیس آفیسر اپنی فرض شناسی اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں کے باعث پنجاب پولیس میں ایک الگ مقام رکھتے ہیں۔ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاء سابقہ صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے میڈیا کے ساتھ میں کیا۔انہوں نے کہا کہ ڈسٹرکٹ آفیسر سی ڈی محمد افتخار وریاء کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں ضلع شیخوپورہ بھر کی عوام نے چوہدری افتخار وریاء کی کارکردگی کو عوام کے لیئے نیک شگون اور جرائم پیشہ عناصر کے لیئے طبل جنگ قرار دیا ہے اللہ تعالیٰ چوہدری محمد افتخار وریاء کو آپنی ٹیم کے ہمراہ جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کی توفیق عطا فرمائے اللہ تعالیٰ آپنی حفظ وامان میں رکھے۔

خاتون سمیت 05 منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں

منشیات فروشوں کے قبضہ سے 3 کلو 250 گرام ہیروئن اور 5 کلو 800 گرام چرس برآمد، مقدمات درج



گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔انہی احکامات کے پیش نظر ایس ایچ او صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس، ایس ایچ او تھانہ جناح روڈ انسپکٹر ابوبکر گورائیہ، ایس ایچ او تھانہ کھیالی انسپکٹر یوسف، ایس ایچ او تھانہ سبزی منڈی سب انسپکٹر نعمان گوندل اور انچارج چوکی جنڈیالہ باغ والا سب انسپکٹر رانا بسام خان و دیگر ان پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خاتون سمیت پانچ منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔صدر گوجرانوالہ پولیس نے غلام مصطفی منشیات فروش سے ایک کلو چرس بیس گرام ہیروئن، ارشد منشیات فروش سے ایک کلو چرس سو تیس گرام ہیروئن، کھیالی پولیس نے لقمان یونس کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے دو کلو تین سو چالیس گرام چرس، سبزی منڈی پولیس نے سنی مسیح منشیات فروش کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے دو کلو 800 گرام چرس برآمد، مقدمات درج کر لیے۔ملزمان کے قبضہ سے دو کلو دوسو گرام چرس، جناح روڈ پولیس نے خاتون منشیات فروش سونیا کو گرفتار کر کے ملزمہ کے قبضہ سے ایک کلو دوسو ساٹھ گرام چرس برآمد کر لیں۔دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتے اور ضلع بھر میں فروخت کرتے تھے۔ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او صدر گوجرانوالہ انسپکٹر قیصر عباس، ایس ایچ او تھانہ جناح روڈ انسپکٹر ابوبکر گورائیہ، ایس ایچ او تھانہ کھیالی انسپکٹر یوسف، تھانہ سبزی منڈی سب انسپکٹر نعمان گوندل، انچارج چوکی جنڈیالہ باغ والا سب انسپکٹر رانا بسام خان اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

ٹریفک حادثے میں تین بچوں کی موت، چار شدید زخمی

المناک ٹریفک حادثے میں 8 سالہ میراب فاطمہ، 11 سالہ سویرا اور 7 سالہ عامر حمزہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے

چونیاں (تحصیل رپورٹر) ٹریفک حادثے میں تین بچوں کی موت، چار شدید زخمی؛ لواحقین نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری امداد کا مطالبہ کیا۔چونیاں گزشتہ روز پیش آنے والے ایک المناک ٹریفک حادثے میں 8 سالہ میراب فاطمہ، 11 سالہ سویرا اور 7 سالہ عامر حمزہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے، جبکہ چار افراد کی حالت تشویشناک اور دو شدید زخمی ہیں۔ جاں بحق ہونے والے بچوں کی نماز جنازہ چونیاں میں ادا کر دی گئی۔حادثے کے بعد پولیس نے ابھی تک گاڑی کے ڈرائیور کو گرفتار نہیں کیا ہے۔متاثرہ خاندان کے لواحقین نے حکومت سے فوری امداد کی اپیل کرتے ہوئے کہا،" ہم کرائے کے گھر میں رہتے ہیں، ہمارا کمانے والا کوئی نہیں۔ہمارے شدید زخمی مریضوں کے علاج اور مالی مدد کی فوری ضرورت ہے۔انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری مداخلت کا مطالبہ کیا مقامی انتظامیہ نے متاثرین کے علاج کا بندوبست کرنے کا عندیہ دیا ہے، جبکہ پولیس نے مفرور ڈرائیور کو گرفتار کرنے کے لیے کارروائی تیز کر دی ہے

نارنگ پولیس کی کارروائی ڈیڑھ کلو چرس اور شراب برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا

لدھیکے سٹاپ کے قریب منشیات فروش حماد سے 1500 گرام چرس اور فیضان عرف فہمی سکنہ بھڑ سے 30 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ پولیس کی کارروائی ڈیڑھ کلو چرس اور شراب برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیل کے مطابق ایس ایچ او تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال نے لدھیکے سٹاپ کے قریب منشیات فروش حماد سے 1500 گرام چرس اور فیضان عرف فہمی سکنہ بھڑ سے 30 لیٹر شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال کا کہنا تھا کہ منشیات فروشوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی شہر بھر میں سرچ آپریشن شروع کیا جارہا ہے جو پکڑا گیا کسی صورت بھی معافی نہیں ملے گی معززین علاقہ سے گزارش ہے کہ منشیات فروشوں کی اطلاع دیں تاکہ علاقے کو منشیات سے پاک کیا جاسکے۔

چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں شہری لٹنے پر مجبور

ڈاکوؤں نے راہگیروں سے دو موٹر سائیکلیں چھین لیں، نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں شہری نقدی موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑی سے محروم ڈاکوؤں نے راہگیروں سے دو موٹر سائیکلیں چھین لیں تفصیل کے مطابق ڈاکوؤں نے ڈالہ واہگہ کے قریب لاب لگانے والوں کو مزدوری دینے جانے والے کرتو کے رہائشی شہباز سے اڑھائی لاکھ روپے نقدی ہنڈا 125 موٹر سائیکل اور دو موبائل فون چھین لیے سدھانوالی میں کلینک پر دوائی لینے کے جانے والے یوم عاشورہ کے موقع پر ڈاکوؤں نے قیصر اور ندیم سے ہنڈا 70 موٹر سائیکل اور دو موبائل چھین لیے کھنڈا اسٹیشن پر عابد مسیح کے کھیتوں سے ڈیڑھ لاکھ روپے مالیت کا پیٹر اور پنکھا چوری ہوگیا مہے میں ذوالفقار کے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل غائب ہوگئی نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

حافظ آباد میں دتھانہ صدر کے علاقہ سے 18 سالہ لڑکی کو اغواء کر لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں دتھانہ صدر کے علاقہ سے 18 سالہ لڑکی کو اغواء کر لیا گیا۔مدعیہ کے مطابق وہ اپنی بیٹی کے ہمراہ کار پر قلعہ رامکور سے علی پور روڈ کی طرف آرہی تھیں کہ ملزمان ظفر عرف سفیان اور احمد اقوام چٹھہ ساکنان چک کھرل اور ان ساتھیوں نے جو کہ موٹر سائیکلوں پر سوار تھے، انہوں نے گاڑی روک کر سائلہ کی دختر 18 سالہ عشاء ایمان کو اسلحہ کے زور پر اغواء کر لیا اور موٹر سائیکل پر بٹھا کر دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس نے مدعیہ نورین فاطمہ کی درخواست پر وقوعے کا مقدمہ درج کر لیا ہے اور تفتیش شروع کر دی ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد حماد حامد کو حاصل پور ٹرانسفر کر یا گیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ! اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ محمد حماد حامد کو حاصل پور ٹرانسفر کر دئے گئے ہیں انھوں نے اپنی تعیناتی کے دوران عوام کو کوئی خاص سہولت نہ دے سکے ان کی جگہ عمر سرور کو چکوال میں رہ چکے ہیں ہیں اب یہ عوام کے ساتھ کیسا برتاؤ کرتے ہیں یاد رہے کہ یہ پہلے

صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کے کیمپ میں میونسپل کمیٹی کے پیروائرز سے مینگ محمد افضل منشاء نے محرم الحرام کے موقع پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر ان کو خراج تحسین پیش کیا

شہر کی مجموعی صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کرنے پر میونسپل کمیٹی کے پیروائرز کو خراج تحسین پیش کیا



حافظ آباد شہر میں معروف بک سیلر شیخ محمد اکرام وسیع پیمانے پر جعلی کتابیں فروخت کرتے ہوئے پکڑا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں معروف بک سیلر شیخ محمد اکرام وسیع پیمانے پر جعلی کتابیں فروخت کرتے ہوئے پکڑا گیا۔ پولیس تھانہ سٹی نے پبلکا گورنمنٹ آف پنجاب کے سپرنٹنڈنٹ کی رپورٹ پر شیخ محمد اکرام کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔تفصیلات کے مطابق پبلکا کے افسران کو مخبری ہوئی کہ ریلوے پھاٹک کے قریب معروف بک سیلر شیخ محمد اکرام اپنی دوکان نوید بک پیلس پر وسیع پیمانے پر جعلی کتب فروخت کر رہا ہے جس پر پبلکا گورنمنٹ آف پنجاب لاہور کے سپرنٹنڈنٹ قمر عباس کی سربراہی میں ایک ٹیم نے نوید بک پیلس پر چھاپہ مارا تو وہاں پر تعلیمی سال 2025-26 کی کیمسٹری، بائیولوجی، مطالعہ پاکستان اور فزکس کی جعلی کتب وسیع پیمانے پر پائی گئیں جو فروخت کی جارہی تھیں جس پر سپرنٹنڈنٹ قمر عباس کی رپورٹ پر سٹی پولیس نے شیخ محمد اکرام کے خلاف تعزیرات پاکستان کی مختلف دفعات جن میں دھوکہ دہی اور فراڈ شامل ہیں مقدمہ درج کرلیا گیا۔دوسری جانب طلباوطالبات اور انکے والدین کی کثیر تعداد نے جعلی کتابیں فروخت کرنے کی شدید مذمت کی ہے اور اسے معصوم طلباوطالبات کے ساتھ زیادتی اور ظلم قرار دیا ہے۔

رائیونڈ سے دو سال قبل اغواء ہونے والی 13 سالہ بچی کراچی سے بازیاب

**اہم کارروائی کی قیادت انچارج انویسٹی گیشن تھانہ رائیونڈ ممتاز حسین نے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

ماحولیاتی انحطاط کے بڑھتے ہوئے اثرات کی روک تھام کے لیے دنیا ایک واضح لفظ نہیں، وسائل کو بروئے کار لانا ہوگا۔

بقیہ

بقیہ جات 7

کاروباری ہفتے کے دوسرے روز بھی کاروبار کے آغاز پر سٹاک مارکیٹ میں مثبت رجحان دیکھنے میں آیا ہے، دوران ٹریڈنگ 700 سے زائد پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 34 ہزار 165 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ بعدازاں ٹریڈنگ کے دوران سٹاک مارکیٹ میں منڈی چھا گئی تاہم کاروباری روز کا اختتام مثبت زون میں ہوا جس کے باعث ہنڈرڈ انڈیکس 33 پوائنٹس اضافے کیساتھ ایک لاکھ 33 ہزار 403 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری روز کے اختتام پر ہنڈرڈ انڈیکس 1421 پوائنٹس کے اضافے کیساتھ ایک لاکھ 33 ہزار 370 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا تھا۔ سٹاک مارکیٹ میں آج 23 ارب 25 کروڑ 35 لاکھ 13 ہزار 314 روپے مالیت کے 32 کروڑ 44 لاکھ 60 ہزار 593 حصص کا لین دین ہوا۔

بقیہ جات 8

ے کے گھر سے ایک کروڑ 80 لاکھ روپے کی چوری کے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے سوا کروڑ روپے برآمد کر لیے۔ اے ایس پی ڈیفنس شہر بانو نقوی نے چینی شہریوں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں بتایا کہ گرفتار ملزمان چینی شہری شی ڈیپو کے گھر کام کرتے تھے، ملزمان نے تین دن پہلے کیش لوٹا اور آبائی شہر چشتیاں فرار ہو گئے۔ اے ایس پی شہر بانو نقوی کے مطابق دو ملزمان سیکیورٹی گارڈ شبیر اور امتیاز نے تیسرے شخص علی عزیز سے مل کر واردات کی تھی۔ شہر بانو نقوی نے مزید بتایا کہ ملزمان سے ایک کروڑ 20 لاکھ روپے برآمد ہو چکے ہیں جبکہ باقی پیسوں کی برآمدگی کے لیے کوششیں جاری

بقیہ جات 9

نے کہا کہ غیر قانونی کاروبار میں زیادہ تر افغان شہری ملوث ہیں، افغان شہریوں نے ہماری ٹرانسپورٹ پر قبضہ کر رکھا ہے، افغان شہریوں نے غیر قانونی کالونیاں بنا رکھی ہیں، اب بھی پاکستان میں ایک سے ڈیڑھ لاکھ افغان شہری بیٹھے ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کی ذمہ داری اداروں پر ڈالنا غلط بات ہے، علی امین گنڈاپور کے لیڈر نے دہشت گردوں کو خیبر پختونخوا میں بسایا، علی امین گنڈا پور نے وفاقی حکومت اور اداروں پر تنقید کی، وفاق کی جانب سے علی امین گنڈاپور کو ضرور جواب دیا جائے گا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اپنے لوگ علی امین گنڈاپور پر تنقید کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کے اپنے لوگ علی امین گنڈاپور پر دو نمبری کے الزامات لگا رہے ہیں، علی امین گنڈاپور جیسے لوگوں کے بیانات کو نظر انداز کرنا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں، سفارت خانہ موجود ہے، افغانستان کے ساتھ ہمارے ڈپلومیٹک

بقیہ جات 10

آف اسرائیل کے مطابق وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا ہے کہ انہوں نے اسرائیلی فوج کو رفح شہر کے ملبے پر ایک کیمپ قائم کرنے کا حکم دیا ہے، انہوں نے اس کیمپ کو ''انسانی ہمدردی کا شہر'' کہا ہے۔ کاٹز نے اسرائیلی صحافیوں کو بریفنگ میں بتایا کہ فلسطینیوں کو کیمپ میں داخل ہونے سے پہلے سیکیورٹی سکریننگ سے گزرنا ہوگا اور ایک بار اندر جانے کے بعد انہیں کیمپ سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اسرائیلی فورسز اس جگہ کے اردگرد کنٹرول سنبھالیں گی اور ابتدائی طور پر تقریباً 6 لاکھ فلسطینیوں کو اس علاقے میں منتقل کیا جائے گا، جن میں زیادہ تر وہ لوگ ہوں گے، جو اس وقت المواسی کے علاقے میں بے گھر ہیں۔ اسرائیل کاٹز کے بقول بتدریج پورے غزہ کی آبادی کو وہاں منتقل کیا جائے گا اور اسرائیل کا مقصد ہجرت کے منصوبے پر عمل درآمد کرنا ہے، اور اس پر عملدرآمد ہو کر رہے گا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بین الاقوامی سطح پر غزہ میں انسانی بحران اور رفح میں بڑے پیمانے پر تباہی پر شدید تشویش پائی جاتی ہے، ناقدین کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ جبری بے دخلی اور فوجی کنٹرول میں لوگوں کو مستقل طور پر کیمپوں میں رکھنے کے مترادف ہو سکتا ہے، جہاں ان کی آزادی یا واپسی کے امکانات غیر واضح ہیں۔

بقیہ جات 11

کے خلاف تحریک استحقاق جمع کرادی گئی۔ تحریک استحقاق پنجاب اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کے چیف وہپ رانا محمد ارشد اور دیگر نے جمع کرائی۔ تحریک استحقاق میں کہا گیا ہے کہ ہنگامہ آرائی کر کے اپوزیشن اراکین نے پوری اسمبلی کا وقار مجروح کیا، بعض اپوزیشن اراکین نے اسپیکر کی رولنگ اور اختیارات کو چیلنج کیا، ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالی، اپوزیشن اراکین نے غیر پارلیمانی، غیر مہذب اور توہین آمیز الفاظ استعمال کئے، اپوزیشن اراکین نے ایوان میں دھکم پیل کیا، اپوزیشن اراکین نے دھمکی آمیز رویہ اپناتے ہوئے حکومتی بنچوں کی طرف بڑھنے کی کوشش کی، اراکین نے ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ کر حکومتی بنچوں کی طرف پھینک دیں۔ استدعا ہے ہماری یہ تحریک استحقاق کمیٹی کے سپرد کی جائے۔

بقیہ جات 12

پولیس ٹیم کے انچارج شاہ زیب، اہلکاروں پرویز، حیدر اور مجاہد کو وزیر اعلیٰ پنجاب نے شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آپ نے قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا۔ وزیر اعلیٰ نے پولیس ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی بالادستی ہی ہماری حکومت کی پہچان ہے، پورے پنجاب میں قانون کا یکساں نفاذ اور پاسداری دیکھنا چاہتی ہوں۔ خیال رہے کہ مریم نواز کے بیٹے جنید صفدر کے ہمراہ سیکیورٹی گاڑی کا ٹریفک کی خلاف ورزی پر چالان کیا گیا تھا۔

بقیہ جات 13

بیرسٹر گوہر کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم کو خیبر پختونخوا کے عوام کی مشکلات کا احساس ہے، خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اربوں روپے ملے، سارا پیسہ اسلام آباد پر چڑھائی کیلئے استعمال کیا گیا۔ اختیار ولی خان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کیخلاف جنگ میں ملنے والے فنڈز کا حساب دے، کہتے ہیں قبائلی اضلاع کے وسائل پر گنڈاپور اور ان کے رشتہ داروں کا قبضہ ہے، عوام کا پیسہ یہ لوگ اپنی عیاشیوں پر خرچ کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر کا مزید کہنا تھا کہ صوبے کے فنڈز انتشاری سیاست کیلئے استعمال کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ جات 14

گنڈاپور پر دو بہری کے الزامات لگا رہے ہیں، علی امین گنڈا پور جیسے لوگوں کے بیانات کو نظر انداز کرنا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں، سفارت خانہ موجود ہے، افغانستان کے ساتھ ہمارے ڈپلومیٹک تعلقات ہیں۔

بقیہ جات 15

لے افراد کو مالی امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک بیان میں سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جوہر ٹاؤن میں شیر کے حملے زخمی ہونے والی خاتون اور دو بچوں کو فی کس پانچ پانچ لاکھ روپے امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ افراد چند روز قبل فارم ہاؤس کے ایک شیر کے حملے میں زخمی ہو گئے تھے۔ محکمہ وائلڈ لائف کی ٹیم نے شیر کو برآمد کر کے سفاری پارک منتقل کر دیا تھا۔

بقیہ جات 16

نے ریفرنس نہیں بھیجا صرف مشاورت کی، سپیکر پنجاب اسمبلی نے چیف الیکشن کمشنر سے ابھی رائے لی ہے۔ سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سپیکر چاہتے ہیں اس حوالے سے کوئی قانون سازی ہونی چاہئے، اسمبلیوں میں جھگڑے، فساد ختم کرنے کے لئے قانون سازی ہونی چاہئے۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد بھچر نے کہا کہ اسمبلی کی ایڈوائزری کونسل موجود ہے، ہلڑ بازی کا رواج انہوں نے شروع کیا، ہلڑ بازی نہیں ہونی چاہئے۔

بقیہ جات 17

کروہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے بارش کے دوران حادثات میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ واشک، آوران، جھل مگسی، خضدار، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ، بارکھان، کوہلو، لورالائی، ژوب اور شیرانی سمیت بلوچستان کے بارش متاثر اضلاع میں پیپلز ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور پروونشل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی مل کر امدادی سرگرمیاں شروع کریں۔ انہوں نے کہا کہ مالاکنڈ، بونیر، مانسہرہ اور کرک سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں بارش متاثرین کی امداد کے لیے بھی فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں اور متعلقہ ادارے ملک میں مون سون کے دوران ممکنہ تیز بارش اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے عوام کو بھی اپیل کی ہے کہ وہ بارش کے دوران گھروں سے غیر ضروری نکلنے سے اجتناب اور حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کے باعث کٹاؤ کا درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے، اور جس کی وجہ سے پاکستان کو غیر متوقع موسموں اور شدید اثرات کو جھیلنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ گلوبل وارمنگ اور

بقیہ

بقیہ جات 1

زلزلہ متاثرہ علاقوں سے پانی کی نکاسی کی مسلسل مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی۔ مریم نواز نے ٹریفک پولیس کو ٹریفک پلان جاری کرنے اور شہریوں کو متبادل راستوں سے بروقت آگاہ کرنے کا بھی حکم دیا تاکہ عوام کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیر اعلیٰ نے واضح ہدایت کی کہ بارش کے پانی کی وجہ سے عوام کو پیش آنے والی دشواریوں کا فوری ازالہ کیا جائے اور تمام ادارے باہمی رابطے کے ساتھ کام کریں۔

بقیہ جات 2

ھ مراد علی شاہ بھی حلف برداری تقریب میں شریک ہوئے۔ تقریب حلف برداری پہلی بار اس جگہ ہوئی جہاں بانی پاکستان محمد علی جناح نے بطور گورنر جنرل حلف لیا تھا۔ دوسری جانب نامزد چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سردار سرفراز ڈوگر آج عہدے کا حلف اٹھائیں گے، صدر مملکت آصف علی زرداری نامزد چیف جسٹس نے حلف لیں گے، حلف برداری کی تقریب ایوان صدر میں

بقیہ جات 3

علی خان کے مطابق یہ پاکستان اور افغانستان کی وزارتِ خارجہ کے درمیان ایڈیشنل سیکرٹری سطح کے پہلے مذاکرات تھے، یہ مذاکرات 19 اپریل کو پاکستانی نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کے دورہ کابل کے دوران ہونے والے فیصلوں کے تحت منعقد کیے گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت ایڈیشنل سیکرٹری افغانستان و مغربی ایشیا سید علی اسد گیلانی نے کی جبکہ افغان وفد کی قیادت افغان وزارت خارجہ کے فرسٹ پولیٹیکل ڈویژن کے ڈائریکٹر جنرل مفتی نور احمد نورنے کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مذاکرات میں باہمی دلچسپی کے اہم امور زیر غور آئے، ان ان امور میں تجارت و ٹرانزٹ تعاون، سیکیورٹی اور علاقائی روابط شامل تھے۔ وزارت خارجہ کے مطابق دونوں فریقین نے دہشت گردی کو خطے کے امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیا، جبکہ پاکستانی وفد نے افغانستان کی سرزمین پر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف موثر کارروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ دہشتگرد گروہ پاکستان کی سیکیورٹی کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور علاقائی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق مذاکرات میں فریقین نے تجارت و ٹرانزٹ تعاون کو گہرا کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مذاکرات میں باہمی دلچسپی کے اہم امور زیر غور آئے، ان امور میں تجارت و ٹرانزٹ تعاون، سیکیورٹی اور علاقائی روابط شامل تھے۔ وزارت خارجہ کے مطابق دونوں فریقین نے دہشت گردی کو خطے کے امن وسلامتی کیلئے سنگین خطرہ قرار دیا، جبکہ پاکستانی وفد نے افغانستان کی سرزمین پر سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف موثر کارروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ یہ دہشتگرد گروہ پاکستان کی سیکیورٹی کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور علاقائی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فریقین نے تجارت و ٹرانزٹ تعاون کو گہرا کرنے پر تبادلہ خیال کیا اور نائب وزیر اعظم پاکستان کے کابل دورے کے دوران اعلان کردہ سہولتوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ ترجمان کے مطابق طور پر تقریباً 6 لاکھ فلسطینیوں کو اس علاقے میں منتقل کیا جائے گا، جن میں زیادہ تر وہ لوگ ہوں گے، جو اس وقت المواسی کے علاقے میں بے گھر ہیں۔ اسرائیل کاٹز کے بقول بتدریج پورے غزہ کی آبادی کو وہاں منتقل کیا جائے گا اور اسرائیل کا مقصد ہجرت کے منصوبے پر عمل درآمد کرنا ہے، اور اس پر عملدرآمد ہو کر رہے گا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب بین الاقوامی سطح پر غزہ میں انسانی بحران اور رفح میں بڑے پیمانے پر تباہی پر شدید تشویش پائی جاتی ہے، ناقدین کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ جبری بے دخلی اور فوجی کنٹرول میں لوگوں کو مستقل طور پر کیمپوں میں رکھنے کے مترادف ہو سکتا ہے، جہاں ان کی آزادی یا واپسی کے امکانات غیر واضح ہیں۔

بقیہ جات 11

کے خلاف تحریک استحقاق جمع کرادی گئی۔ تحریک استحقاق پنجاب اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کے چیف وہپ رانا محمد ارشد اور دیگر نے جمع کرائی۔ تحریک استحقاق میں کہا گیا ہے کہ ہنگامہ آرائی کر کے اپوزیشن اراکین نے پوری اسمبلی کا وقار مجروح کیا، بعض اپوزیشن اراکین نے اسپیکر کی رولنگ اور اختیارات کو چیلنج کیا، ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ ڈالی، اپوزیشن اراکین نے غیر پارلیمانی، غیر مہذب اور توہین آمیز الفاظ استعمال کئے، اپوزیشن اراکین نے ایوان میں دھکم پیل کیا، اپوزیشن اراکین نے دھمکی آمیز رویہ اپناتے ہوئے حکومتی بنچوں کی طرف بڑھنے کی کوشش کی، اراکین نے ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ کر حکومتی بنچوں کی طرف پھینک دیں۔ استدعا ہے ہماری یہ تحریک استحقاق کمیٹی کے سپرد کی جائے۔

بقیہ جات 12

پولیس ٹیم کے انچارج شاہ زیب، اہلکاروں پرویز، حیدر اور مجاہد کو وزیر اعلیٰ پنجاب نے شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آپ نے قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا۔ وزیر اعلیٰ نے پولیس ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی بالادستی ہی ہماری حکومت کی پہچان ہے، پورے پنجاب میں قانون کا یکساں نفاذ اور پاسداری دیکھنا چاہتی ہوں۔ خیال رہے کہ مریم نواز کے بیٹے جنید صفدر کے ہمراہ سیکیورٹی گاڑی کا ٹریفک کی خلاف ورزی پر چالان کیا گیا تھا۔

بقیہ جات 13

بیرسٹر گوہر کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم کو خیبر پختونخوا کے عوام کی مشکلات کا احساس ہے، خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اربوں روپے ملے، سارا پیسہ اسلام آباد پر چڑھائی کیلئے استعمال کیا گیا۔ اختیار ولی خان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردی کیخلاف جنگ میں ملنے والے فنڈز کا حساب دے، کہتے ہیں قبائلی اضلاع کے وسائل پر گنڈاپور اور ان کے رشتہ داروں کا قبضہ ہے، عوام کا پیسہ یہ لوگ اپنی عیاشیوں پر خرچ کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر کا مزید کہنا تھا کہ صوبے کے فنڈز انتشاری سیاست کیلئے استعمال کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ جات 14

گنڈاپور پر دو بہری کے الزامات لگا رہے ہیں، علی امین گنڈا پور جیسے لوگوں کے بیانات کو نظر انداز کرنا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افغانستان کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں، سفارت خانہ موجود ہے، افغانستان کے ساتھ ہمارے ڈپلومیٹک تعلقات ہیں۔

بقیہ جات 15

لے افراد کو مالی امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک بیان میں سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا کہ جوہر ٹاؤن میں شیر کے حملے زخمی ہونے والی خاتون اور دو بچوں کو فی کس پانچ پانچ لاکھ روپے امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ افراد چند روز قبل فارم ہاؤس کے ایک شیر کے حملے میں زخمی ہو گئے تھے۔ محکمہ وائلڈ لائف کی ٹیم نے شیر کو برآمد کر کے سفاری پارک منتقل کر دیا تھا۔

بقیہ جات 16

نے ریفرنس نہیں بھیجا صرف مشاورت کی، سپیکر پنجاب اسمبلی نے چیف الیکشن کمشنر سے ابھی رائے لی ہے۔ سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور دلشاد نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سپیکر چاہتے ہیں اس حوالے سے کوئی قانون سازی ہونی چاہئے، اسمبلیوں میں جھگڑے، فساد ختم کرنے کے لئے قانون سازی ہونی چاہئے۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد بھچر نے کہا کہ اسمبلی کی ایڈوائزری کونسل موجود ہے، ہلڑ بازی کا رواج انہوں نے شروع کیا، ہلڑ بازی نہیں ہونی چاہئے۔

بقیہ جات 17

کروہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے بارش کے دوران حادثات میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ واشک، آوران، جھل مگسی، خضدار، موسیٰ خیل، قلعہ سیف اللہ، بارکھان، کوہلو، لورالائی، ژوب اور شیرانی سمیت بلوچستان کے بارش متاثر اضلاع میں پیپلز ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور پروونشل ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی مل کر امدادی سرگرمیاں شروع کریں۔ انہوں نے کہا کہ مالاکنڈ، بونیر، مانسہرہ اور کرک سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں بارش متاثرین کی امداد کے لیے بھی فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں اور متعلقہ ادارے ملک میں مون سون کے دوران ممکنہ تیز بارش اور سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہنگامی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے عوام کو بھی اپیل کی ہے کہ وہ بارش کے دوران گھروں سے غیر ضروری نکلنے سے اجتناب اور حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی کے باعث کٹاؤ کا درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے، اور جس کی وجہ سے پاکستان کو غیر متوقع موسموں اور شدید اثرات کو جھیلنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ گلوبل وارمنگ اور

بقیہ

بقیہ جات 18

کیمپ کے لیے 24 ممکنہ کھلاڑیوں کو طلب کیا گیا ہے، ہیڈ کوچ محمد وسیم کیمپ کمانڈنٹ کی ذمہ داری ادا کر رہے ہیں کیمپ میں شرکا کو روزآنہ دو سیشنز میں تربیت دی جائے گی۔ کیمپ کے ابتدائی روز صبح ساڑھے نو بجے شروع ہونے والے تین گھنٹے کے سیشن کا آغاز جسمانی ورزشوں سے ہوا، فیلڈنگ پریکٹس کے بعد نیٹ سیشن منعقد ہوا کیمپ کا دوسرا سیشن روزانہ سہ پہر ساڑھے تین سے شام ساڑھے چھ بجے تک جاری رہے گا کیمپ کے دوران 15 رکنی قومی اسکواڈ کا انتخاب عمل میں لایا جائے گا۔ بعدازاں 28 جولائی سے شروع ہو کر 2 اگست تک جاری رہنے والے حتمی تربیتی کیمپ میں ویمن کرکٹرز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ٹریننگ دی جائے گی۔ شیڈول کے تحت پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم 3 اگست کو آئرلینڈ کے دورے پر روانہ ہوگی، پاکستان اور آئرلینڈ کے درمیان 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے میچز کلون ٹرف میں کھیلے جائیں گے کیمپ میں طلب کی جانے والی 24 ویمن کرکٹرز میں منیبہ علی، سدرا امین، صدف شمس، عالیہ ریاض، ایمان فاطمہ، گل فیروزہ، شوال ذوالفقار، نتالیہ پرویز، سدرہ نواز، عمیمہ سہیل، رامین شمیم، فاطمہ ثناخان، سیدہ عروب شاہ، طوبیٰ حسن، سدرہ اقبال، نشرح سندھو، ڈانیا بیگ، وحیدہ اختر، نیہا شرمین، سائرہ جبیں، ام ہانی، ہما بلال اور زیب النسا شامل ہیں۔ دریں اثنا پی سی بی کی جانب سے میڈیا کو تربیتی کیمپ کی کوریج کی اجازت نہیں دی گئی۔

بقیہ جات 19

آرائیوں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ ایک بیان میں نیئر بخاری کا کہنا تھا کہ صدر آصف زرداری ملک کے آئینی اور منتخب صدر ہیں، ان کے خلاف بے بنیاد باتیں پھیلانا غیر سنجیدگی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیاس آرائیاں کرنے والے لوگ آئین اور قانون کی بنیادی سمجھ سے بھی محروم ہیں۔ نیئر بخاری نے واضح کیا کہ پیپلز پارٹی وفاق میں حکومت کی حامی جماعت ہے اور اس کی حمایت کے بغیر کوئی حکومت چل ہی نہیں سکتی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اسمبلی کے ارکان کو آئین کے تحت وزیر اعظم یا وزیر اعلیٰ کو ہٹانے کا اختیار حاصل ہے، اور اگر کسی وزیر اعلیٰ کو عدم اعتماد کے ذریعے ہٹایا جاتا ہے تو اس سے نظام غیر مستحکم نہیں ہوتا بلکہ یہ جمہوری عمل کا حصہ ہے۔ نیئر بخاری نے یہ بھی کہا کہ پیپلز پارٹی فی الوقت وفاقی کابینہ میں شامل نہیں ہو رہی اور پاکستان تحریک انصاف مذاکرات پر یقین ہی نہیں رکھتی، جس سے ملک میں سیاسی استحکام کے امکانات مزید کم ہو جاتے ہیں۔

بقیہ جات 20

ہی میں 3 رکنی بنچ نے کراچی میں ایک بچے کے قتل کے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو بری کر دیا۔ ٹرائل کورٹ نے اسے موت کی سزا سنائی تھی جبکہ ہائی کورٹ نے واقعاتی شواہد اور ٹی وی انٹرویو میں اس کے اعتراف جرم کی بنیاد پر اس کی توثیق کی تھی۔ عدالت عظمیٰ نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ ایسے ملزم کو پولیس افسر کی تحویل میں میڈیا کے ذریعے اعتراف جرم اس کے خلاف استعمال نہیں ہو سکتا جب تک اسکا بیان مجسٹریٹ کی موجودگی میں نہ لیا جائے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے کہ کسی رپورٹر کو ملزم کے انٹرویو کیلئے رسائی دی جائے، اسکا بیان ریکارڈ کیا جائے اور پھر اسے عوام میں پھیلایا جائے۔ اس مقدمے میں متعلقہ تھانے کے انچارج اور تفتیشی افسر نے ایک صحافی کو اس بات کی اجازت دی کہ وہ جسمانی ریمانڈ کے دوران پولیس کی تحویل میں موجود ملزم کا انٹرویو کرے، افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس بیان کا ترمیم شدہ حصہ بعد میں ایک نجی ٹی وی چینل پر نشر کیا گیا، یہ پہلا کیس نہیں ہے جس میں زیر حراست ملزم کے ساتھ اس طرح کا رویہ اپنایا گیا ہو، ایسا رویہ عام ہوتا جا رہا ہے اور بغیر کسی روک ٹوک کے جاری ہے جو نہ صرف ملزم بلکہ متاثرین کے حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے، کسی جرم کی خبریں ہمیشہ لوگوں کے لیے دلچسپی کا باعث ہوتی ہیں، خاص طور پر جب کیس ہائی پروفائل ہو یا جرم کی نوعیت عام لوگوں کے لیے دلچسپی کا باعث ہو۔ عدالت نے قرار دیا کہ ایسے کیسز میں عوام کی غیر معمولی دلچسپی میڈیا ٹرائل کا باعث بن سکتی ہے اور اس کے نتائج نہ صرف ملزمان بلکہ دیگر متاثرین کے لیے بھی ناقابل تلافی ہو سکتے ہیں۔ عدالت نے یہ بھی نوٹ کیا ہے کہ میڈیا کے پاس بیانیہ تخلیق کرنے کی بے پناہ طاقت اور صلاحیت ہے جو سچ یا غلط ہو سکتی ہے۔ یہ صلاحیت ملزمان اور ان کے خاندان کے افراد کی زندگیوں کو برباد کرنے اور انکی شہرت کو ناقابل تلافی نقصان پہنچانے کا باعث بن سکتی ہے، میڈیا کے پاس جان بوجھ کر یا غیر ارادی طور پر کسی کو ہیرو یا ولن بنانے کی اتنی طاقت ہے اور ایسی طاقت کا ایسے معاشرے میں غلط استعمال کیا جا سکتا ہے جہاں ریاست اظہار رائے کی آزادی کو دبائی ہے اور میڈیا کو کنٹرول کرتی ہے۔ میڈیا کی ذمہ داری ہے کہ اخلاقی ضابطوں پر سختی سے عمل کرے تاکہ ملزموں کے حقوق اور مفاد عامہ کے درمیان توازن قائم کیا جا سکے۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ فوجداری نظام انصاف ہر معاملے میں منصفانہ ٹرائل کے حق کو یقینی بناتا ہے۔ ہر ملزم کو اس وقت تک بے گناہ تصور کیا جاتا ہے جب تک کہ ایک مجاز عدالت کے ذریعے منصفانہ ٹرائل سے اسے مجرم ثابت نہ کر دیا جائے۔ میڈیا پر نشر کیا گیا ملزم کا بیان قابل قبول نہ تھا کیونکہ یہ نہ تو کسی مجسٹریٹ کے سامنے دیا گیا تھا اور نہ ہی قانونی تقاضے پورے کیے گئے تھے، ایسا اقدام شاید اپنی کارکردگی دکھانے یا عوامی دباؤ سے نمٹنے کے لیے کیا گیا ہو، لیکن یہ کسی طور پر عوامی مفاد میں نہیں تھا۔ سپریم کورٹ آفس کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس فیصلے کی کاپی سیکرٹری وزارت داخلہ، سیکرٹری وزارت اطلاعات و نشریات، چیئرمین پیمرا، صوبائی چیف سیکرٹریز کو بھجوائی جائے تاکہ اس فیصلے میں دی گئی آبزرویشنز کی روشنی میں وہ مناسب اور فوری اقدامات کر سکیں جو کہ فوجداری کیسز کے فریقین کے حقوق اور تفتیش و مقدمے کی شفافیت کے تحفظ کے لیے ضروری ہیں۔ عدالت نے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کو بری کر دیا۔

بقیہ جات 21

عمارت گرنے والے واقعے پر انتہائی دکھ ہے۔ 2017 سے 2025 تک عمارتیں گرنے کے 12 واقعات ہوئے جس میں 150 افراد جاں بحق ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں 2 قسم کی عمارتیں گریں جو مخدوش تھیں یا غیر قانونی تھیں۔ سندھ حکومت نے مخدوش عمارتوں کو گرانے کے لیے کوئی حکمت عملی مرتب نہیں کی۔ جو پلاٹ کا مالک ہوتا ہے بلڈنگ مخدوش ہونے پر اس کا فائدہ ہوتا ہے۔ حسن بخشی نے کہا کہ پہلے مرحلے میں نجی اداروں کے ذریعے سروے کرایا جائے، جو عمارتیں رجسٹرنگ ورک کے ذریعے ٹھیک ہو سکتی ہیں ان کی مرمت کرائی جائے اور جن عمارتوں کو مرمت سے ٹھیک نہیں کیا جا سکتا تو انہیں دوبارہ تعمیر کرانے کے لیے مالک کو پابند کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی میں لاکھوں عمارتوں پر اضافی منزلیں بنا کر کرپشن کا بازار گرم ہے۔ کراچی میں 5 سالوں کے دوران 85 ہزار عمارتوں پر غیر قانونی منزلیں بنا کر رہائشیوں کی زندگی داؤ پر لگا دی ہے۔ ایس بی سی اے اور بلدیاتی ادارے غیر قانونی بلڈنگ کی تعمیر میں معاونت فراہم کرتے ہیں۔ چیئرمین آباد کے مطابق عمارتوں میں مزید غیر قانونی تعمیرات سے مزید فلور ڈالے جاتے ہیں۔ ان تعمیرات سے عوام کی جان و مال کو داؤ پر لگا دیا جاتا ہے۔ یہ بلڈنگ اور چھتوں کی لائف 15 سے 20 سال ہیں۔ ان تعمیرات میں مقامی انتظامیہ، پولیس اور متعلقہ حکام ملوث ہیں جب کہ مالی طور پر کمزور افراد ان عمارتوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایسے افراد کیخلاف سندھ حکومت سخت کارروائی کرے۔ یہ بلڈنگیں کراچی میں لاکھوں کی تعداد میں ہیں، جو ناقص میٹریل سے تیار کی جاتی ہیں۔ خدا نخواستہ اگر شہر میں زلزلہ آئے گا تو یہ عمارتیں ڈھیر ہو جائیں گی۔ ایس پی یا این ڈی ایم اے جیسے ادارے ان معاملات پر اپنا کردار ادا کریں۔ اگر آج اس معاملے کو سنجیدہ نہ لیا گیا تو اس شہر کو مزید نقصان ہوگا۔ حسن بخشی نے کہا کہ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کی کارکردگی کرپشن کا مظہر ہے۔ اسے ہم کو 2 حصوں میں تقسیم کرنے کا م

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس کا دورہ

چند گھنٹوں کی بارش نے پنجاب حکومت کے دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے، ضیاالدین انصاری

موسمی صورتحال اور مون سون بارشوں کا جائزہ لیا، ایڈیشنل ڈی جی پی ڈی ایم اے سید جواد حیدر اور ڈائریکٹر ٹریننگ ایجوکیشن ڈاکٹر عمران علی شاہ سے بریفنگ لی

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق انتظامیہ واسا اور ریسکیو ادارے الرٹ ہیں، پی ڈی ایم اے کنٹرول روم صوبائی ایمرجنسی آپریشن سینٹر الرٹ ہیں، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و ہیئر مین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے موسمی صورتحال اور مون سون بارشوں کا جائزہ لیا، ایڈیشنل ڈی جی پی ڈی ایم اے سید جواد حیدر اور ڈائریکٹر ٹریننگ ایجوکیشن ڈاکٹر عمران علی شاہ سے صوبائی وزیر صحت نے بریفنگ لی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے سید جواد حیدر نے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت و ہیئر مین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ 9 جولائی کو پنجاب کے دریاؤں میں پانی کی صورتحال میں غیر معمولی اضافے کا خدشہ ہے۔ دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر اونچے درجے کے سیلاب کا وارننگ (بقیہ نمبر 3)

بارشوں بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت و ہیئر مین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ 9 جولائی کو پنجاب کے دریاؤں میں پانی کی صورتحال میں غیر معمولی اضافے کا خدشہ ہے۔ دریائے چناب میں مرالہ کے مقام پر اونچے درجے کے سیلاب کی وارننگ (بقیہ نمبر 3)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں فلیش فلڈنگ کے حوالے سے تازہ موسم حال کا جائزہ لے رہے ہیں

پنجاب میں سموگ سے بچاؤ کی تیاری، محکمہ ماحولیات نے لائحہ عمل طے کرلیا

سلوت سعید کی زیر صدارت اجلاس، دھواں، فصل سوزی اور صنعتی آلودگی پر قابو کی حکمت عملی مکمل کرلی گئی

لاہور (نیوز این این) سیکرٹری ماحولیات محترمہ سلوت سعید کی زیر صدارت اجلاس، دھواں، فصل سوزی اور صنعتی آلودگی پر قابو کی حکمت عملی مکمل کرلی گئی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر (ایس ای ایڈ آئی یو) خالدہ حسین بھٹی نے شرکت کی۔ شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ سموگ سے بچاؤ کے لیے برقت اور بروقت اقدامات ناگزیر ہیں۔ اجلاس میں گاڑیوں سے خارج ہونے والے دھوئیں، فصلوں کی باقیات جلانے (بقیہ نمبر 3 9)

ڈی ایس ایز کا لاہور ریلوے اسٹیشن کا دورہ، ترقیاتی کاموں کا معائنہ

ویٹنگ ہالز، پلیٹ فارمز اور واش رومز کی سہولیات کا جائزہ، صفائی میں بہتری کی ہدایت

ہری پور، سوتیلی ماں نے ڈنڈوں کے وار سے 8 سالہ بچے کی جان لے لی

ہری پور (این این این) ہری پور میں سوتیلی ماں نے ڈنڈوں کے وار کر کے 8 سالہ بچے کو قتل کر دیا، پولیس نے ملزمہ کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پورے کے مطابق ہری پور کے رہائشی عثمان حسین کے 8 سالہ بیٹے ریحان کی تشدد زدہ لاش گھر سے ملی تھی۔ پولیس کے مطابق مقتول ریحان کو اس کی سوتیلی ماں نے ڈنڈوں کے وار کر کے قتل کیا ہے۔

لاہور (نیوز این این) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے احمد اللہ کی ہدایت پر ڈپٹی ڈی ایس آپریشن طاہرہ بلال اور ڈپٹی ڈی ایس سٹیشن میاں عبدالوقاص نے دیگر ڈویژنل و اسسٹنٹ افسران کے ہمراہ لاہور ریلوے اسٹیشن کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اسٹیشن پر جاری ترقیاتی کاموں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران افسران نے زیر تعمیر ویٹنگ ہالز، پلیٹ فارمز، وی آئی (بقیہ نمبر 42)



لاہور: صوبائی وزیر ہیلتھ بلال یاسین پنجاب صاف پانی اتھارٹی میں فلٹریشن پلانٹس کی صعدارت کر رہے ہیں

69 خراب لوکو موٹو کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت سرمایہ کاری کرکے ٹھیک کرانے کی ہدایت

وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ لیتھر کے ساتھ فرسٹ زرین کوچی آؤٹ سورس کرنے جارہے ہیں، ڈرائی پورٹس، ایئرپورٹس کی طرز پر ریلوے اسٹیشنوں کو بھی ڈویلپ کریں گے

ریس کورس: دفتر سے 15 لاکھ کی چوری کا ڈراپ سین، آفس بوائے گرفتار

CCTV فوٹیج سے 8 گھنٹے میں گرفتاری، چوری کی رقم بچن میں چھپا رکھی تھی، ایس پی سول لائنز

لاہور (نیوز این این) ریس کورس کے ایک دفتر سے 15 لاکھ روپے کی چوری کا ڈراپ سین ہوگیا، پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے آفس بوائے کو گرفتار کرکے چوری کی رقم بچن میں چھپا رکھی تھی، ایس پی سول لائنز چودری اشرفی کے مطابق ملزم صبیب گزشتہ پانچ سال سے (بقیہ نمبر 3 2)

ملک بھر میں مون سون سیزن، لاہور سمیت کئی شہروں میں موسلا دھار بارش

لاہور، ملتان، سیالکوٹ، گجرات، گوجرانوالہ، بہاولپور اور لیہ میں بادل برس پڑے، جل تھل ایک ہوگئے

لاہور (این این آئی) ملک کے بیشتر حصوں میں مون سون کا پہلی سسٹم جاری ہے، لاہور، ملتان، سیالکوٹ، گجرات، گوجرانوالہ، بہاولپور اور لیہ میں بادل برس پڑے۔ لاہور کے علاقے گلبرگ، کلمہ چوک اور مغل چوک میں بھی گرج برس ہوئی (بقیہ نمبر 3)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کے بینک ممبرز کے ساتھ گروپ فوٹو

فوڈ اتھارٹی کی گلشن اقبال میں کارروائی، 250 کلو مضر صحت گوشت تلف

گٹکے کی ذریعے بنارہا تھا، ذمہ دار افراد گرفتار، پولیس کے حوالے کردیئے گئے، ہر جرمانہ

لاہور (نیوز این این) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے گلشن اقبال کے علاقے میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 250 کلو گرام مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کر دیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عامر جاوید نے مطابق یہ گوشت ایک آئوٹ لیٹ کے ذریعے سپلائی کیا جا رہا تھا، جو میڈیم طور پر بیمار جانوروں کا گوشت تھا، فوڈ اتھارٹی کی ٹیمیں خفیہ اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ریکٹ میں موجود گوشت کو قبضے میں لیا اور رکشہ سوار افراد کے پاس ندی کی انتہائی خطرناک حد تک مضر گوشت کی ترسیل کی قانونی اجازت نہیں ہے، برآمد شدہ گوشت کو حکمکے بعد بھی میں لے جا کر سرکاری طریقہ کار کے مطابق ندر آتش کر دیا گیا، عامر جاوید کا کہنا تھا کہ اس قسم کا

چند گھنٹوں کی بارش نے پنجاب حکومت کے دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے، ضیاالدین انصاری

لوگوں کے گھروں میں بارشی پانی داخل، بجلی، سیلاب اور سڑکیں ندی نالوں میں تبدیل، عوام کو سہولیات فراہم کرنے کے بلند و بانگ دعوے محض زبانی جمع خرچ ثابت ہورہے ہیں

50 سے زائد شہری علاقے کیسکو کی ناقص نظام کی وجہ سے بجلی سے محروم، اندھیروں میں ڈوب چکے ہیں، امیر جماعت اسلامی لاہور کا مون سون بارشوں کے بعد پانی کی نکاسی پر گہری تشویش کا اظہار

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ چند گھنٹوں کی بارش نے پنجاب حکومت کے دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے۔ محلے، گلیاں اور سڑکیں ندی نالوں کا منظر پیش کر رہی ہیں جبکہ نکاسی آب کے ناقص انتظامات نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ اداروں کی جانب سے مون سون میں نکاسی آب کیلئے (بقیہ نمبر 14)



میر جماعت اسلامی لاہور
ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ

منشیات کی اسمگلنگ کے نیٹ ورکوں کے خلاف سعودی عرب کی جنگ جاری

مملکت کو اسمگلروں اور منشیات فروشوں کا سراغ لگانے کے لیے اعلیٰ درجے کی تکنیکی صلاحیتیں حاصل ہیں، ماہرین

ریاض (این این آئی) مملکت سعودی عرب نے منشیات کی اسمگلنگ کا ناکام بنانے کے لیے جدید کارکردگیاں انجام دیتے ہوئے ... گزشتہ دنوں کے دوران منشیات کی اسمگلنگ اور فروخت کی متعدد کوششوں کو ناکام بنادیا۔ یہ کارروائیاں ریاض، الشرقیہ، جدہ اور حائل میں کی گئیں۔ ان کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 5 لاکھ 505 گرام چرس برآمد، ملزمان کیخلاف مقدمات درج کرکے تحقیق شروع کردی گئی۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور پیمائش میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2لاکھ 87ہزار 700 کیوسک اور اخراج 2لاکھ 82ہزار 100 کیوسک، کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 52ہزار 400 کیوسک اور اخراج 50ہزار 400 کیوسک، خرآباد (بقیہ نمبر 41)

بلوچستان میں سرکاری وسائل کے غلط استعمال پر ذمہ دار افسر طرف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے سرکاری وسائل کے غلط استعمال کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے ذمہ دار افسر کو عہدے سے برطرف کر دیا، صوبائی حکومت کے ترجمان کے مطابق ایک سرکاری گاڑی کو خلاف قانون استعمال سامنے آنے پر ڈپٹی کمشنر ژوب کی ذمہ داری عائد کی گئی تھی، صوبائی حکومت کے ترجمان کا کہنا تھا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان نے مذکورہ افسر کو عہدے سے ہٹاتے ہوئے معاملے کی انکوائری کا حکم دیا ہے تاکہ ذمہ داروں کا تعین کیا جا سکے اور انہیں قانون کے مطابق جوابدہ بنایا جاسکے۔

انسان دوستی کی عظیم مثال، سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کو نہم

پچھترے 9 برس بیت گئے

لاہور (این این آئی) انسان دوستی کی عظیم مثال سماجی کارکن عبدالستار ایدھی کو نہم پچھترے 9 برس بیت گئے۔ عبدالستار ایدھی 28 فروری 1928ء کو بھارت کی ریاست گجرات کے شہر بانٹوا میں پیدا ہوئے اور تقسیم ہند کے بعد 1947ء میں اپنے خاندان کے ہمراہ پاکستان آ کر آباد ہوئے میں سکونت اختیار کی، عبدالستار ایدھی نے اپنی خدمت کا آغاز 1951ء میں ایک ڈسپنسری سے کیا تھا جو بعد ازاں دنیا کا سب سے بڑا نجی ایمبولینس نیٹ ورک بن گیا، ایدھی کو اپنی زندگی کے 65 برس بھی انسانیت کی خدمت میں گزارے۔

اے آئی مووی کنٹرولیمز کیس، رسک مینجمنٹ سسٹم کا اجراء خوش آئند ہے، خادم حسین

امیدہے نیا رسک مینجمنٹ سسٹم نظام میں شفافیت لائے گا، گرین بورڈ ڈائریکٹر پاکستان سنیون ڈیفینسٹ کمپنی

لاہور (نیوز این این) ڈویژن سپرنٹنڈنٹ ریلوے احمد اللہ کی ہدایت پر ڈپٹی ڈی ایس آپریشن طاہرہ بلال اور ڈپٹی ڈی ایس سٹیشن میاں عبدالوقاص نے دیگر ڈویژنل و اسسٹنٹ افسران کے ہمراہ لاہور ریلوے اسٹیشن کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اسٹیشن پر جاری ترقیاتی کاموں اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران افسران نے زیر تعمیر ویٹنگ ہالز، پلیٹ فارمز، وی آئی (بقیہ نمبر 42)

پرائز بانڈز پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پرائز بانڈز پر ٹیکس کی شرح میں اضافہ کردیا گیا، جو کہ گرفتار اور نان فائلرز دونوں پر لاگو ہوگا۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ٹیکس فائلرز پر پرائز بانڈز جیتنے پر 15 فیصد اور ہولڈنگ ٹیکس لاگو ہوگا جبکہ نان فائلرز پر پرائز بانڈز جیتنے پر 30 فیصد و ہولڈنگ ٹیکس لگے گا۔ ٹرمز اینڈ کنڈیشنز کے مطابق ٹیکس لاگو 15 فیصد و ہولڈنگ ٹیکس لاگو ہوگا، نان فائلرز کیلئے قرعہ کے مناٹج پر 30 فیصد و ہولڈنگ ٹیکس لاگو ہوگا۔

امریکی ڈالر 285.07 روپے میں فروخت، دیگر غیر ملکی کرنسیوں کے ریٹ جاری

یورو 327.05، سعودی ریال 76.03 اور اماراتی درہم 78.0 روپے میں فروخت

لاہور (نیوز این این) امریکی ڈالر کی قیمت خرید 283.07 روپے اور فروخت 285.07 روپے رہی۔ یورو کی خریداری قیمت 324.05 تھی، فروخت قیمت 327.05 روپے مقرر کی گئی ہے۔ برٹش پاؤنڈ ریٹس کے مطابق سعودی ریال 75.06 خرید اور 76.03 روپے میں فروخت ہوا ہے جبکہ یو اے ای درہم کی قیمت خرید 77.03 اور فروخت 78.05 روپے رہی۔ آسٹریلوی ڈالر (بقیہ نمبر 3 8)

ترپیلا اسپل وے آپریشن پر وزیر اعظم شہباز شریف کی وارننگ

سیلاب کے خطرے والے علاقوں کے عوام کو بروقت منتقل کیا جائے، وزیر اعظم کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترپیلا ڈیم سپل وے آپریشن سے دریائے سندھ کے زیریں اضلاع میں طغیانی بڑھنے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب کے خطرے والے علاقوں کے عوام کو بروقت منتقل کیا جائے، وزیر اعظم نے حالیہ بارشوں میں ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے این ڈی ایم اے، ریسکیو اداروں اور انتظامیہ کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔

لاہور: شاہکام جلیانہ میں بوسیدہ چھت گرگئی خاتون شدید زخمی

اچانک چھت منہدم ہوگئی اور 57 سالہ سائرہ ملبے تلے دب گئی، ہسپتال منتقل

لاہور (نیوز این این) لاہور کی حدود میں واقع شاہکام جلیانہ گاؤں میں ایک پرانے مکان کی چھت گرنے سے 57 سالہ خاتون ملبے تلے دب کر شدید زخمی ہوگئی۔ ریسکیو 1122 ذرائع کے مطابق گھر کی چھت لکڑی کے بالوں اور مٹی سے بنی ہوئی تھی، جو حالیہ بارشوں کے باعث کمزور ہو چکی تھی۔ حادثے کے وقت خاتون گھر میں موجود تھی کہ اچانک چھت منہدم ہو گئی۔ کئی اور دیواریں بھی متاثر ہوئی ہیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے فوری موقع پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں کیں اور خاتون کو زخمی حالت میں ملبے سے نکال لیا۔ زخمی خاتون کی شناخت 57 سالہ سائرہ کے نام سے ہوئی ہے جسے تشویشناک حالت میں اتھ اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق خاتون کے جسم پر متعدد چوٹیں آئی ہیں اور اس کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔

مون سون بارشیں: ڈپٹی کمشنر کا تمام محکموں کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

نشیبی علاقوں سے فوری انخلا یقینی بنایا جائے، ریسکیو اہلکار سمیت ہر متعلقہ افسر ہیڈکوارٹر نہیں چھوڑے گا، ڈپٹی کمشنر لاہور

لاہور (نیوز این این) مون سون بارشوں کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر لاہور سید مومنی رضا نے تمام متعلقہ محکموں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ ضلعی انتظامیہ، واسا، ایل ڈبلیو ایم سی، کیسکو اور دیگر ایجنسیوں کا مکمل مشینری سمیت فیلڈ میں موجود رہنا اور ٹیکا آپ سمیت دیگر بچاؤ امور پر تحرک سے یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر سید مومنی رضا نے واسا کو ہدایت کی ہے کہ نشیبی علاقوں سے فوری طور پر پانی کی نکاسی یقینی بنایا جائے، جبکہ کیسکو کو بارش کے دوران بجلی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز، افسران اور عملہ فیلڈ میں متحرک ہے اور صورتحال کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے



کوئٹہ: صوبائی وزیر ہیلتھ ایجنسی سردار عبدالرحمٰن کھیتران پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور: ٹرینوں میں چیکنگ، 91 مسافروں سے 1.12 لاکھ وصول

بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کارروائی، ڈی ایس اوز کو چوکنا رہنے کا معائنہ بھی کیا

دوران کارروائی 91 مسافروں کو بغیر ٹکٹ یا بے ضابطہ سفر پر پکڑا گیا

لاہور (نیوز این این) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے لاہور انعام اللہ کی خصوصی ہدایات پر ڈویژنل کرائم افسر ڈی ایس او) محمد ناصر مرصت کی زیر نگرانی گروپ لیس پی ایز نے مختلف اہم ٹرینوں میں کامیاب چیکنگ کی کارروائیاں کیں۔ یہ چیکنگ 2 مئی 2025ء کو ڈاؤن کنیکٹر میل (پشاور تا کراچی)، 10 ڈاؤن علامہ اقبال ایکسپریس (سیالکوٹ تا کراچی)، 9 اپ علامہ اقبال ایکسپریس (کراچی تا سیالکوٹ)، اور 103 اپ بک خرم ایکسپریس (کراچی تا لاہور) میں کی گئی۔ دوران کارروائی 91 مسافروں کو بغیر ٹکٹ یا بے ضابطہ سفر پر پکڑا گیا جن سے مجموعی طور پر 1,12,660 روپے وصول کیے گئے۔



لاہور: ایک بزرگ مختلف سائز کی پنکچر سائیکل پر بچوں کے کھلونے فروخت کرنے کے لیے پھیری لگا رہا ہے

کراچی شیر شاہ کے گودام میں لگنے والی آگ پر 5 گھنٹے بعد قابو پالیا گیا

کراچی (این این آئی) شیر شاہ کے علاقے شیر شاہ میں گودام میں لگنے والی آگ پر 5 گھنٹے بعد قابو پا لیا گیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق ابتدائی تحقیقات کے مطابق آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی تھی۔ ریسکیو حکام کے مطابق 5 گاڑیوں اور 2 واٹر باؤزر نے آگ پر قابو پایا ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ آگ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، گودام میں پلاسٹک، ربڑ، استعمال شدہ ٹائر فلٹر اور دیگر سامان موجود ہے۔ فائر افسر کے مطابق آگ بجھانے کے دوران آسمل فلٹر پھٹ جاتے ہیں

امریکی ڈالر 285.07 روپے میں فروخت، دیگر غیر ملکی کرنسیوں کے ریٹ جاری

یورو 327.05، سعودی ریال 76.03 اور اماراتی درہم 78.0 روپے میں فروخت

لاہور (نیوز این این) امریکی ڈالر کی قیمت خرید 283.07 روپے اور فروخت 285.07 روپے رہی۔ یورو کی خریداری قیمت 324.05 تھی، فروخت قیمت 327.05 روپے مقرر کی گئی ہے۔ برٹش پاؤنڈ ریٹس کے مطابق سعودی ریال 75.06 خرید اور 76.03 روپے میں فروخت ہوا ہے جبکہ یو اے ای درہم کی قیمت خرید 77.03 اور فروخت 78.05 روپے رہی۔ آسٹریلوی ڈالر (بقیہ نمبر 3 8)

لاہور: ڈولفن ایکارڈ موٹر سائیکل سلپ ہونے سے زخمی

لاہور (نیوز این این) لاہور میں بارش کے باعث موٹر سائیکل سلپ ہونے سے حادثے کا شکار ہونے والے موٹر سائیکل سوار کے سر پر چوٹ آئی، جہاں ڈولفن ہیلمٹ معمول کے کشت پر کمی کے باعث کھوپڑی کے باعث موٹر سائیکل سلپ ہوئی اور دونوں اہلکار سڑک پر گر گئے۔ حادثے میں اہلکاروں کو معمولی چوٹیں آئیں، جنہیں موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کر دی گئی۔ موٹر سائیکل کے پرانے ٹائرز بارش کے دوران پھسلن کا سبب بن جاتے ہیں

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں تمام محکموں نے محرم الحرام میں مثالی انتظامات کئے، سیف کو سکھر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سید اسلوک کھوکھر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں قانون نافذ کرنے والے اداروں سمیت دیگر صوبائی محکموں نے محرم الحرام کے دوران امن و امان سمیت بھرپور طور پر مثالی انتظامات کئے جس پر وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزراء نے محرم الحرام کے پیش نظر انتظامات اور امن و امان کے قیام کیلئے جس طرح صوبہ بھر میں طوفانی دورے کئے یہ اسی کا نتیجہ ہے

سرگودھا میں ایک اور پولیس مقابلہ میں 12 مقدمات میں مطلوب ملزم کو فنی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ایک اور پولیس مقابلے میں 12 مقدمات میں مطلوب ملزم کو فنی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، جس کو پولیس مقابلے کی فائرنگ سے محفوظ رہنے کیلئے بلٹ پروف جیکٹ پہنا رکھی تھی، ملزم کو ہلاک کرنے کے لئے فائرنگ کی گئی، ملزم کو گولی لگنے کے بعد گرفتار کرلیا گیا، ملزم کے قبضے سے 12 مقدمات میں مطلوب ملزم ارسلان کو فنی حالت میں گرفتار کرلیا گیا

ایس آئی ایف سی کی بدولت توانائی کے شعبے کا خود انحصاری کی طرف سفر تیز

ایس آئی ایف سی کی سرپرستی میں آئیسکو فیسکو اور گیپکو جیسے ڈسکوز کی نجکاری کے لیے منصوبے جاری ہیں

اسلام آباد (این این آئی) انٹیگریٹڈ انوسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کی قیادت میں توانائی کے شعبے کا خود انحصاری کی طرف سفر تیز تر ہوگیا۔ ویژن 2031 کے تحت تاہل تجدید توانائی کی ترقی، کوئلہ اور فرنس آئل کے بھاری پلانٹس، سولر اور سی این جی کی جانب منتقل ہوگی۔ سنگھر میں 150 میگاواٹ اور وفاقی دارالحکومت میں 1 میگاواٹ سولر کا منصوبہ مکمل کرلیا گیا۔

ڈولفن سکواڈ کی کارروائی، واردا توں کی سنچری کرنے والا گینگ سرغنہ گرفتار

ملزم کا شف نے صرف سول لائن اور ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں مجموعی طور پر 116 وارداتیں کیں

لاہور (نیوز این این) ڈولفن سکواڈ نے لاہور شہر میں سٹریٹ کرائم کی درجنوں وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کرلیا، تاہم ڈولفن سکواڈ کے مطابق گرفتار ملزم کا شف نے صرف سول لائن اور ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں مجموعی طور پر 116 وارداتیں کیں، جن میں چوری، ڈکیتی اور گاڑی چوری کی وارداتیں شامل ہیں۔ ڈولفن سکواڈ نے ملزم کے انکشاف پر کارروائی کے دوران (بقیہ نمبر 3 4)

پنجاب حکومت نے 50 افسروں کے تقرر و تبادلے کردیئے

متعدد اسسٹنٹ کمشنرز کے تقرر و تبادلے کردیئے گئے، تقرر و تبادلوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پچاس افسروں کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کردیئے، متعدد اسسٹنٹ کمشنرز کے تقرر و تبادلے کردیئے گئے، تقرر و تبادلوں کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ پنجاب حکومت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ثمینہ (..) ارشد اقبال اسسٹنٹ کمشنر منڈی بہاؤالدین سے

شکاری پولیس کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی، پانچ گلوکے سے زائد چرس برآمد، ملزم گرفتار

ماسوہ (این این آئی) ایس ایچ او اقدار شکاری پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی پانچ گلو کے زائد چرس برآمد کرکے ملزم گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او اقدار ذکیاری کیڈٹ ثاقب نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروشان علی اصغر اور محمد علی مروان اور وہیب ولد اختر کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے مجموعی طور پر 5 کلو 505 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ ملزمان کیخلاف مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی گئی۔

روبہت کمار گنیجا کو اسسٹنٹ کمشنر خانیوال تعینات کردیا گیا

عبدالرحمٰن (این این آئی) روبہت کمار گنیجا کو اسسٹنٹ کمشنر خانیوال تعینات کردیا گیا، اسسٹنٹ کمشنر راوی لاہور سے خانیوال تبدیل ہوئے ہیں اسسٹنٹ کمشنر خانیوال سیدہ سنبل جاوید کو اسسٹنٹ کمشنر راوی لاہور تعینات کردیا گیا، روبہت کمار گنیجا نے 2022ء میں مقابلے کا امتحان نمایاں پوزیشن سے پاس کیا اور 51 ویں کورس ٹریننگ پروگرام 2023-24 کے کامیاب ہو کر سول سروسز میں آئے ہیں

لاہور: سٹریٹ لائٹس اور سیوریج کی بحالی کیلئے اربوں روپے کے فنڈز جاری

علامہ اقبال زون 2.20 ارب، نشتر زون 10.1 ارب، دیگر زونز کو بھی بجٹ فراہم

لاہور (نیوز این این) صوبائی محکمہ خزانہ نے لاہور شہر میں سٹریٹ لائٹس اور سیوریج سسٹم کی بحالی کے لیے اربوں روپے کے فنڈز جاری کردیے ہیں۔ جاری کردہ فنڈز مختلف زونز میں فرنچائزی کاموں پر خرچ کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق جاری کردہ بجٹ کو آن لائن بھی کر دیا گیا ہے تاکہ شفافیت اور نگرانی کو یقینی بنایا جاسکے۔ تخصیصات کے مطابق علامہ اقبال زون کے لیے 2 ارب 20 کروڑ روپے، راوی زون کے لیے 1 ارب 30 کروڑ روپے، داتا گنج بخش ٹاؤن کو 65 کروڑ روپے، سمن آباد زون کو 20 کروڑ روپے، نشتر زون کو 1 ارب 10 کروڑ روپے فنڈز کی فراہمی کا مقصد شہر میں بنیادی شہری سہولیات کی بہتری، نکاسی آب کے نظام کی اپ گریڈیشن اور سٹریٹ لائٹس کی بحالی ہے۔

چیف ایڈیٹر	سیال محمد فیاض
بیورو چیف ایڈیٹر	صوف الطاف چوہدری
ایڈیٹر کرائم ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد حسن محمود
ایڈیٹر	اعداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران ثاقب
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہزاد نیازی
لیگل ایڈوائزر	بیرسٹر ایڈووکیٹ سید عرفان
بیورو چیف ایڈیٹر	ایڈیٹر ایڈووکیٹ سید عرفان

پبلشر: ایس یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 پریس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 بائیس کمپلیکس 8 ویں روڈ لاہور

برہان وانی زندہ ہے، آزادی کی اذان جلد ہو گی، بلند مشعل ملک

سلام ہے اس ماں پر جس نے برہان کو جنم دیا اور اس بیٹے پر جو زندہ رہ کر بھی شہادت کی چادر اوڑھ گیا، جذباتی ویڈیو پیغام جاری

برہان نے بندوق نہیں اٹھائی، اس نے شعور جگایا، وہ نہ بھٹکا، نہ رکا، نہ بکا، ظلم کے ہر وار پر اس کی مسکراہٹ ہی جواب تھی، وہ مجاہد نہیں ایک نظریہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما برہان مظفر وانی کی برسی پر ایک جذباتی ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے مشعال ملک نے کہا ہے کہ برہان وانی زندہ ہے اور آزادی کی اذان جلد ہو گی۔ مشعال ملک نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ برہان وانی کی عمر جس نے برہان کو جنم دیا وہ اس بیٹے پر جو زندہ رہ کر بھی شہادت کی چادر اوڑھ گیا۔ مشعال ملک نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیر آج بھی برہان وانی کی صدا (بقیہ نمبر 22)



لاہور: ایک شخص مرکزی شاہراہ پر گدھا ریڑھی پر لوہے کے راڈز کی اوور لوڈنگ کے جارہا ہے